لا الٰہ الا اللہ محمد رسول اللہ

1673
48/م

# اسلام کیا ہے؟

حضرت مولانا محمد منظور نعمانی مدظلہ

کتب خانہ شانِ اسلام ◎ راحت مارکیٹ اردو بازار

# عرضِ ناشر

59578

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد للہ رب العلمین ـــــــ وسلام علی المرسلین

والصلوٰۃ والسلام علی عبدہ ورسولہ محمدن المصطفیٰ امام الانبیاء وخاتم النبیین وعلی آلہ واصحابہ الطیبین الطاہرین رضوان اللہ علیھم اجمعین اما بعد، آپ نے عبد ومعبود کے رشتہ کی تصحیح و تنظیم فرمائی۔

عبد ومعبود کے رشتہ کی تصحیح و تنظیم کا مفہوم یہ ہے کہ بندہ اور خدا، خالق اور مخلوق اور عبد ومعبود کا رشتہ غلط ہو چکا تھا، مسخ و تحریف، جہالت و نادانی، جاہلیت اور گمراہی، اوہام و خرافات اور دجل و تلبیس کا شکار تھا، اللہ تعالیٰ کی ذات وصفات سے مکمل ناواقفیت اور بے خبری کا دَور دورہ تھا یا نہایت ناقص معرفت کا بعض اقوام و ملل میں وجود، آجکل کی طرح خدا کی صفات میں اس کی مخلوقات کو شریک بنایا گیا تھا۔ ایک طرف مخلوقات کی بہت سی خصوصیات اور نقائص کے ساتھ اس کو متصف کیا گیا تھا۔

Marfat.com

دوسری طرف اس کی بہت سے صفاتِ خاصہ اور کمالاتِ الوہیت کو مخلوقات کو عطا کر دیا گیا تھا، جاہلیت کی بیشتر گمراہیوں، بیماریوں، محرومیوں، اور خدا ناشناسیوں کا سرچشمہ یہی کمزوری تھی اور اسی کا نتیجہ کھلی بُت پرستی اور شرکِ جلی کی صورت میں برآمد ہُوا پھر جہاں نبوّت کی بچی کھچی تعلیمات کے فیض سے اور اس ٹمٹماتی ہوئی روشنی کے طفیل کسی درجہ میں معرفتِ صحیحہ اور توحید کا نور پایا جاتا تھا اور عبد و معبود کے درمیان تعلق کی بنیاد موجود تھی وہاں اس تعلق کی صحیح تشکیل اور اس کے نظم و انضباط کا کوئی سامان نہ تھا، نبوّتِ محمدیؐ کا پہلا اعجاز و کارنامہ یہ ہے کہ اس نے معرفتِ صحیح اور عقیدہ توحید کے ذریعہ اس تعلق کو صحیح کیا، اس کو تمام آمیزشوں اور آلائشوں سے پاک کیا اس پر تو بر تو جو حجابات اور پردے پڑ گئے تھے، ان کو چاک کیا، جاہلیت کے مشرکانہ خیالات و توہمات کا استیصال کیا، تنزیہ و تقدیس کو اسطرح پیش کیا کہ اس کے بعد اس کا کوئی درجہ نہیں۔ اس سب کا نتیجہ یہ ہُوا کہ عقیدۂ توحید ایسا نکھر کر سامنے آیا اور "اَلَا لِلّٰہِ الدِّیْنُ الْخَالِصُ" کے آوازہ سے دشت و جبل ایسے گونجے کہ شقاوتِ ابدی اور انکار و استکبار کے سوا غلط فہمی اور غلط روی کا امکان باقی نہ رہا۔

لِیَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْ بَيِّنَةٍ وَيَحْيٰى مَنْ حَيَّ عَنْ بَيِّنَةٍ

(تاکہ جو ہلاک ہو وہ دلیل و برہان اور تمام حجّت کے بعد ہلاک ہو اور جو

Marfat.com

جیسے وہ دلیل کی روشنی ہیں جیسے ) یہ تھی عبد و معبود کے اس رشتہ کی تصحیح، پھر ایمانِ مفصل، عقائد، عبادات، فرائض، اوامر و نواہی اور اخلاق و معاملات کے ذریعہ جن کے مجموعہ کا نام "شریعت" ہے، اس رشتہ کو منظم و منضبط کیا۔ یہ تھی عبد و معبود کے اس رشتہ کی تنظیم اور اس کا تعارف ( اسلام کیا ہے؟ ) کتاب میں ملاحظہ فرمائیں۔

میرے عزیز بھائیو! کیا آپ ایمان کی حلاوت کا مزہ چکھنا چاہتے ہیں وہ ایمان جو اللہ تعالیٰ کی رحمت کا مستحق کر دے تو آج ہی کچھ وقت تبلیغ کے کام میں لگانے کے لیے مدرسہ عربیہ رائے ونڈ ضلع لاہور میں تشریف لے جاویں۔

○

محتاجِ دعا

# محمد عبد الرشید قاسمی

---

# کتب خانہ شانِ اسلام لاہور

Marfat.com

# فہرست


| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| ہر مسلمان کے لیے اسلامی تعلیم حاصل کرنے کی ضرورت اور دین سیکھنے کی فضیلت | ۹ |
| **اسلام کا پہلا باب** (کلمۂ طیبہ) | ۱۳ |
| ہمارے کلمہ کا دوسرا جزو (محمد رسول اللہ) | ۱۷ |
| کلمہ شریف دراصل ایک عہد و اقرار ہے۔ | ۱۹ |
| **دوسرا باب** (نماز) | ۲۲ |
| نماز کی اہمیت اور اس کی تاثیر | ۲۲ |
| نماز نہ پڑھنا اور نماز نہ پڑھنے والے رسول اللہ کی نظر میں) | ۲۳ |
| نماز نہ پڑھنے والوں کی میدانِ حشر میں رسوائی | ۲۴ |
| نماز کی برکتیں | ۲۶ |
| جماعت کی تاکید اور فضیلت | ۲۶ |
| خشوع و خضوع کی اہمیت | ۲۸ |
| نماز پڑھنے کا طریقہ | ۳۰ |
| **تیسرا باب** (زکوٰۃ) | ۴۰ |
| زکوٰۃ کی فرضیت اور اہمیت | ۴۰ |
| زکوٰۃ نہ دینے کا دردناک عذاب | ۴۲ |
| زکوٰۃ نہ دینا ظلم اور کفرانِ نعمت ہے۔ | ۴۴ |
| زکوٰۃ کا ثواب | ۴۴ |
| زکوٰۃ اور صدقات کے بعض دنیوی فائدے | ۴۷ |


Marfat.com

| مضمون | صفحہ |
| --- | --- |
| **چوتھا باب** | |
| (روزہ) | ۴۹ |
| روزہ کی اہمیت اور فرضیت | ۴۹ |
| روزوں کا ثواب | ۵۰ |
| روزوں کا خاص فائدہ | ۵۱ |
| **پانچواں باب** | |
| (حج) | ۵۴ |
| حج کی فرضیت | ۵۴ |
| حج کی فضیلتیں اور برکتیں | ۵۵ |
| حج کی نقد لذتیں | ۵۶ |
| اسلام کی پانچ بنیادیں | ۵۷ |
| **چھٹا باب** | |
| (تقویٰ اور پرہیزگاری) | ۵۸ |
| **ساتواں باب** | |
| (معاملات میں سچائی اور ایمانداری) | ۶۵ |
| حرام مال کی نجاست اور نحوست | ۷۰ |

| مضمون | صفحہ |
| --- | --- |
| پاک کمائی اور ایماندارانہ کاروبار | ۷۲ |
| معاملات میں نرمی اور رحم دلی اور قرضہ ادا کرنے کی سخت تاکید | ۷۳ |
| **آٹھواں باب** | |
| (معاشرت کے احکام وآداب اور باہمی حقوق) | ۷۶ |
| ماں باپ کے حقوق اور ان کا ادب | ۷۷ |
| اولاد کے حقوق | ۷۹ |
| میاں بیوی کے حقوق | ۸۱ |
| عام قرابت داروں کے حقوق | ۸۳ |
| بڑوں کے چھوٹوں پر اور چھوٹوں کے بڑوں پر عام حقوق | ۸۴ |
| پڑوسی کے حقوق | ۸۴ |
| کمزوروں اور حاجت مندوں کے حقوق | ۸۷ |


Marfat.com

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| مسلمان پر مسلمان کا حق | ۸۹ |
| **نواں باب** | |
| (اچھے اخلاق اور عمدہ صفات) | |
| اچھے اخلاق کی فضیلت اور اہمیت | ۹۲ |
| بُرے اخلاق کی نحوست | ۹۳ |
| چند اہم اور ضروری اخلاق کا بیان | ۹۴ |
| سچائی اور راست بازی | ۹۴ |
| عہد کی پابندی | ۹۶ |
| امانت داری | ۹۷ |
| عدل و انصاف | ۹۸ |
| رحم کھانا اور قصوروار کو معاف کرنا | ۱۰۰ |
| نرم مزاجی و تحمل اور بُردباری | ۱۰۲ |
| خوش کلامی اور شیریں زبانی | ۱۰۳ |
| عاجزی اور انکساری | ۱۰۴ |
| صبر و شجاعت | ۱۰۶ |
| اخلاص و تصحیح نیت | ۱۰۷ |
| **دسواں باب** | |
| ہر چیز سے زیادہ، اللہ و رسول کی اور دین کی محبت | ۱۱۱ |
| **گیارھواں باب** | |
| (اللہ کے سچے دین کی خدمت و دعوت) | ۱۱۴ |
| **بارھواں باب** | |
| (دین پر استقامت) | ۱۲۴ |
| **تیرھواں باب** | |
| (دین کی کوشش اور نصرت و حمایت) | ۱۲۹ |
| **چودھواں باب** | |
| (شہادت کی فضیلت اور شہیدوں کا مرتبہ) | ۱۳۲ |
| **پندرھواں باب** | |
| (مرنے کے بعد، برزخ، قیامت | |


Marfat.com

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| آخرت | ۱۴۷ |
| **سولھواں باب** | |
| (جنت اور دوزخ) | ۱۴۸ |
| **سترھواں باب** | |
| (ذکر اللہ) | ۱۵۹ |
| ذکر کی حقیقت | ۱۶۳ |
| رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تعلیم فرمائے ہوئے خاص اذکار | ۱۶۴ |
| افضل الذکر | ۱۶۴ |
| کلمہ تمجید یا تیسرا کلمہ | ۱۶۶ |
| تسبیحاتِ فاطمہ رضؓ | ۱۶۷ |
| سبحان اللہ وبحمدہٖ | ۱۶۸ |
| قرآن پاک کی تلاوت | ۱۷۰ |
| ذکر کے متعلق چند آخری باتیں | ۱۷۲ |
| **اٹھارھواں باب** | |
| (دُعا) | ۱۷۴ |

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| **انیسواں باب** | |
| (درُود شریف) | ۱۷۹ |
| درُود کے الفاظ | ۱۸۲ |
| درُود شریف بطور معمول و وظیفہ | ۱۸۳ |
| **بیسواں باب** | |
| (توبہ و استغفار) | ۱۸۴ |
| توبہ کے متعلق ایک ضروری بات | ۱۹۲ |
| توبہ و استغفار کے کلمات | ۱۹۳ |
| سیّد الاستغفار | ۱۹۴ |
| **خاتمہ** | |
| (اللہ کی رضامندی اور جنت حاصل کرنے کا عوامی نصاب) | ۱۹۶ |
| روزانہ وِرد کے قابل قرآن و حدیث کی چالیس دعائیں | ۱۹۹ |
| خاص وقتوں کی خاص دعائیں | ۲۱۱ |
| ایک مفید بات | ۲۱۵ |


Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# ہر مسلمان کے لیے اسلامی تعلیم حاصل کرنے کی ضرورت اور دین سیکھنے کی فضیلت

بھائیو! اتنی بات تو آپ سب جانتے ہوں گے کہ اسلام کسی قوم اور ذات برادری کا نام نہیں ہے کہ اس میں پیدا ہونے والا ہر آدمی آپ سے آپ مسلمان ہو اور مسلمان بننے کے لیے اُس کو کچھ کرنا نہ پڑے۔ جس طرح شیخ یا سیّد خاندان میں پیدا ہونے والا ہر بچہ خود بخود شیخ یا سیّد ہو جاتا ہے اور اس کو شیخ یا سیّد بننے کے لیے کچھ کرنا نہیں پڑتا۔ بلکہ اسلام نام ہے اس دین کا اور اس طریقے پر زندگی گزارنے کا جو اللہ کے سچے رسول صلی اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ کی طرف سے لائے تھے اور جو قرآن شریف میں اور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کی حدیثوں میں تبلایا گیا ہے۔ پس جو کوئی اس دین کو اختیار کرے اور اس طریقے پر چلے وہی اصلی مسلمان ہے اور جو لوگ نہ اس دین کو جانتے ہیں اور نہ اس پر چلتے ہیں وہ اصلی مسلمان نہیں ہیں۔ پس معلوم ہوا کہ اصلی مسلمان بننے کے لیے دو باتوں کی ضرورت ہے۔ ایک یہ کہ ہم دینِ اسلام کو جانیں اور کم سے کم اس کی ضروری اور بنیادی باتوں کا ہمیں علم ہو۔

Marfat.com

دوسرے یہ کہ ہم ان کو مانیں اور ان کے مطابق چلنے کا فیصلہ کریں۔ اسی کا نام اسلام ہے اور مسلمان ہونے کا یہی مطلب ہے۔ پس اسلام کا علم حاصل کرنا یعنی دین کی ضروری باتوں کا جاننا مسلمان ہونے کی سب سے پہلی شرط ہے، اسی لیے حدیث شریف میں آیا ہے: طَلَبُ الْعِلْمِ فَرِيْضَةٌ عَلٰى كُلِّ مُسْلِمٍ (ابن ماجہ و بیہقی) (یعنی علمِ دین حاصل کرنے کی کوشش اور طلب ہر مسلمان پر فرض ہے) اور یہ بات ہمیشہ یاد رکھنے کی ہے کہ دین میں جو چیز فرض ہے اس کا کرنا عبادت ہے، اس لیے دین سیکھنا اور دینی باتیں جاننے کی کوشش کرنا بھی عبادت ہے اور اللہ کے یہاں اس کا بہت بڑا ثواب ہے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی بڑی بڑی فضیلتیں بیان فرمائی ہیں۔ ایک حدیث میں ہے کہ "جو شخص دین سیکھنے کے لیے گھر سے نکلے وہ جب تک اپنے گھر واپس نہ آئے وہ اللہ کے راستے میں ہے" (ترمذی) ایک اور حدیث میں ہے کہ "جو شخص دین کی طلب میں اور دینی باتیں سیکھنے کے لیے کسی راستے پر چلے گا تو اللہ تعالیٰ اُس کے لیے جنّت کا راستہ آسان کر دے گا" (مسلم) ایک اور حدیث میں ہے کہ "علمِ دین کی طلب اور اس کے حاصل کرنے کی کوشش کرنا پچھلے گناہوں کا کفّارہ ہے (یعنی اس سے آدمی کے پچھلے گناہ معاف ہو جاتے ہیں" (ترمذی)

الغرض دین کا سیکھنا اور اسلام کی ضروری باتوں کا علم حاصل

Marfat.com

کرنے کی کوشش کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے، چاہے وہ امیر ہو یا غریب جوان ہو یا بُوڑھا، پڑھا لکھا ہو یا اَن پڑھ، مرد ہو یا عورت اور اوپر کی حدیثوں سے یہ بھی معلوم ہو چکا کہ اس کام میں جو وقت لگتا ہے اور اس کے لیے جو محنت کرنی پڑتی ہے اللہ تعالیٰ کے یہاں اِس کا بہت بڑا اجر و ثواب مِلنے والا ہے اس لیے ہم سب کو طے کر لینا چاہیئے کہ ہم دین سیکھنے کی اور اسلام کی ضروری ضروری باتوں کا علم حاصل کرنے کی ضرور کوشش کریں گے

---

جو مسلمان بھائی عمر زیادہ ہو جانے کی وجہ سے یا کام کاج کی مشغولیت کی وجہ سے کسی اسلامی مدرسہ میں داخل ہو کر اور باقاعدہ اس کے طالب بن کر دین کا علم حاصل نہیں کر سکتے ان کے لیے دین سیکھنے اور دین کی ضروری باتیں معلوم کرنے کا آسان راستہ یہ ہے کہ اگر وہ پڑھے لکھے ہیں تو دین کی معتبر کتابیں دیکھا کریں اور جو پڑھے لکھے نہیں ہیں یا بہت کم پڑھے ہیں وہ اچھے پڑھے لکھوں سے ایسی کتابیں پڑھوا کر سنا کریں۔ اگر گھروں میں، بیٹھکوں میں، مجمعوں میں اور مسجدوں میں ایسی کتابیں پڑھنے اور سننے سنانے کا رواج ہو جائے تو ہر طبقے کے مسلمانوں میں دین کا علم عام ہو سکتا ہے۔ یہ چھوٹی سی کتاب خاص اسی غرض سے اور اسی مقصد کے لیے لکھی گئی ہے اس میں دین کی عام وہ ضروری باتیں اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

Marfat.com

کی وہ ہدایتیں جو ہر مسلمان کو معلوم ہونی چاہئیں، بہت آسان زبان میں لکھی گئی ہیں۔ آؤ ان باتوں کو خود سیکھیں، دوسروں کو سکھلائیں اور بتلائیں اور دنیا میں ان اسلامی باتوں کو رواج دینے اور پھیلانے کی کوشش کو اپنی زندگی کا مقصد بنائیں۔ حدیث شریف میں ہے کہ "جو شخص دین کو سیکھنے اور جاننے کی اس لیے کوشش کریں کہ اس کے ذریعہ وہ اسلام کو زندہ کرے (یعنی دوسروں میں اس کو پھیلائے اور لوگوں کو اس کے مطابق چلائے) اور اسی اثناء میں اس کو موت آجائے تو آخرت میں وہ پیغمبروں کے اس قدر قریب ہوگا کہ اس کے اور پیغمبروں کے درمیان صرف ایک درجہ کا فرق ہوگا"۔ (دارمی) اللہ تعالیٰ ہم سب کو توفیق دے کہ خود دین سیکھیں، دوسروں کو سکھائیں، خود دین پر چلیں اور اللہ کے دوسرے بندوں کو اس پر چلانے کی کوشش کریں۔

—— محمد منظور نعمانی

Marfat.com

## پہلا باب

# کلمۂ طیّبہ

## لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں (یعنی کوئی عبادت اور بندگی کے لائق نہیں)، اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم اس کے رسول ہیں

بھائیو! یہی کلمہ اسلام کا دروازہ اور دین و ایمان کی جڑ بنیاد ہے، اس کو قبول کر کے اور اعتقاد کے ساتھ پڑھ کر عمر بھر کا کافر اور مشرک بھی مومن اور مسلمان اور نجات کا مستحق ہو جاتا ہے۔ مگر یہ شرط ہے کہ اس کلمہ میں اللہ تعالیٰ کی توحید اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی رسالت کا جو اقرار ہے اس کو اس نے سمجھ کر مانا اور قبول کیا ہو۔ پس اگر کوئی شخص توحید و رسالت کو بالکل بھی نہ سمجھا ہو اور بغیر معنیٰ مطلب سمجھے اس نے یہ کلمہ پڑھ لیا ہو تو وہ اللہ کے نزدیک مومن اور مسلمان نہ ہوگا۔ لہٰذا ضروری ہے کہ ہم اس کلمہ کے معنیٰ اور مطلب کو سمجھیں۔ اس کلمہ کے دو جزو ہیں۔ پہلا جزو ہے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اس میں اللہ تعالیٰ کی توحید کا اقرار ہے اور اس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی ایسی ہستی نہیں ہے جو۔

Marfat.com

عبادت اور بندگی کے لائق ہو۔ بس اللہ تعالیٰ ہی کی ایک اکیلی ہستی ہے جو عبادت اور بندگی کے قابل ہے کیونکہ وہی ہمارا اور سب کا خالق و مالک ہے، وہی پالنے والا اور روزی دینے والا ہے، وہی مارنے والا اور جلانے والا ہے۔ بیماری اور تندرستی، امیری اور غریبی اور ہر طرح کا بناؤ بگاڑ اور نفع نقصان صرف اسی کے قبضۂ قدرت میں ہے اور اس کے سوا زمین و آسمان میں جو ہستیاں ہیں خواہ انسان ہوں یا فرشتے، سب اُس کے بندے اور اُس کے پیدا کیے ہوئے ہیں۔ اُس کی خدائی میں کوئی اُس کا شریک اور ساجھی نہیں ہے اور نہ اس کے حکموں میں الٹ پلٹ کا کسی کو اختیار ہے اور نہ اس کے کاموں میں دخل دینے کی کسی کو مجال ہے لہٰذا بس وہی اور صرف وہی اس لائق ہے کہ اس کی عبادت کی جائے اور اُسی سے لَو لگائی جائے اور مشکلوں اور مصیبتوں اور اپنی تمام حاجتوں میں گڑگڑا گڑگڑا کر اُسی سے دُعا اور التجا کی جائے اور وہ ہی حقیقی مالک الملک اور احکم الحاکمین ہے یعنی ساری دنیا کا بادشاہ ہے اور سب حاکموں سے بالاتر اور بڑا حاکم ہے۔ لہٰذا ضروری ہے کہ اُس کے ہر حکم کو مانا جائے اور پوری وفاداری کے ساتھ اس کے حکموں پر چلا جائے اور اُس کے حکم کے مقابلے میں کسی دوسرے کا کوئی حکم ہرگز نہ مانا جائے خواہ وہ کوئی ہو، اپنا باپ ہی ہو، یا حاکمِ وقت ہو، یا برادری کا چودھری ہو یا کوئی پیارا دوست

Marfat.com

ہو یا خود اپنے دل کی خواہش اور اپنے جی کی چاہت ہو۔ الغرض جب ہم نے جان لیا اور مان لیا کہ بس ایک اللہ ہی عبادت اور بندگی کے لائق ہے اور ہم صرف اسی کے بندے ہیں تو چاہیے کہ ہمارا عمل بھی اسی کے مطابق ہو اور دنیا کے لوگ ہمیں دیکھ کر سمجھ لیا کریں کہ یہ صرف اللہ کے بندے ہیں جو اللہ کے حکموں پر چلتے ہیں اور اللہ ہی کے لیے جیتے اور مرتے ہیں۔ الغرض

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ہمارا اقرار اور اعلان ہو

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ہمارا اعتقاد اور ایمان ہو

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ہمارا عمل اور ہماری شان ہو

بھائیو! یہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ دین کی بنیاد کی پہلی اینٹ اور سارے نبیوں کا سب سے اہم اور اوّل سبق ہے اور دین کی تمام باتوں میں اس کا درجہ سب سے اونچا ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی مشہور حدیث ہے آپؐ نے فرمایا: "ایمان کے ستّر سے بھی اوپر شعبے ہیں اور اُن میں سب سے افضل اور اعلیٰ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کا قائل ہونا ہے"۔ (بخاری و مسلم) اسی لیے ذکروں میں بھی سب سے افضل لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کا ذکر ہے چنانچہ ایک دوسری حدیث میں ہے: "اَفْضَلُ الذِّکْرِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ" تمام ذکروں میں افضل و اعلیٰ لا الٰہ الا اللہ ہے (ابنِ ماجہ و نسائی) اور ایک

Marfat.com

حدیث میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے ایک سوال کے جواب میں فرمایا کہ "اے موسیٰؑ اگر ساتوں آسمان اور ساتوں زمینیں اور جو کچھ اُن میں ہے ایک پلڑے میں رکھی جائیں اور لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ دوسرے پلڑے میں تو لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کا پلڑا ہی بھاری رہے گا"۔ (شرح السنۃ)

بھائیو! لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ میں یہ فضیلت اور وزن اسی لیے ہے کہ اس میں اللہ تعالیٰ کی توحید کا عہد و اقرار ہے یعنی صرف اسی کی عبادت و بندگی کرنے اور اسی کے حکموں پر چلنے اور اسی کو اپنا مقصود و مطلوب بنانے اور اسی سے لَو لگانے کا فیصلہ اور معاہدہ ہے اور یہی تو ایمان اور اسلام کی رُوح ہے اور اسی واسطے حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کا مسلمانوں کو حکم ہے کہ وہ اس کلمہ کو بار بار پڑھ کے اپنا ایمان تازہ کیا کریں۔ بہت مشہور حدیث ہے کہ ایک دن حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا کہ "لوگو! اپنے ایمانوں کو تازہ کرتے رہا کرو"۔ بعض صحابہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم ہم کس طرح اپنے ایمانوں کو تازہ کیا کریں؟ آپؐ نے فرمایا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کثرت سے پڑھا کرو"۔ (مسند احمد۔ جمع الفوائد) لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کے پڑھنے سے ایمان کے تازہ ہونے کی وجہ یہی ہے کہ اس میں اللہ تعالیٰ کی توحید یعنی صرف اسی کی عبادت و بندگی اور سب سے زیادہ اسی کی فدائیت و محبّت اور اس کی اطاعت کا عہد اور اقرار ہے اور جیسا کہ

Marfat.com

عرض کیا گیا یہی تو ایمان کی رُوح ہے۔ پس ہم جتنا سمجھ کے اور دھیان کے ساتھ اس کلمہ کو پڑھیں گے یقیناً اتنا ہی ہمارا ایمان تازہ اور ہمارا عہد پختہ ہو گا اور انشاء اللہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پھر ہمارا عمل اور ہمارا حال ہو جائے گا۔ پس بھائیو! طے کر لو کہ حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کے حکم اور ارشاد کے مطابق ہم اس کلمہ کو دھیان کے ساتھ اور سچّے دل سے کثرت کے ساتھ پڑھا کریں گے تاکہ ہمارا ایمان تازہ ہوتا رہے اور ہماری پوری زندگی لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کے سانچے میں ڈھل جائے ــــــ یہاں تک کلمہ شریف کے صرف پہلے جزو "لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ" کا بیان ہُوا۔

## ہمارے کلمہ کا دوسرا جزو ہے

## مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

اس میں حضرت محمّد صلّی اللہ علیہ وسلّم کے رسولِ خدا ہونے کا اقرار اور اعلان ہے۔ حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کے رسول ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے آپ کو دنیا کی ہدایت کے لیے بھیجا تھا اور آپؐ نے جو کچھ بتلایا اور جو خبریں دیں وہ سب صحیح اور بالکل حق ہیں۔ مثلاً قرآن مجید کا خدا کی طرف سے ہونا، فرشتوں کا ہونا، قیامت کا آنا، قیامت کے بعد مُردوں کا پھر سے زندہ کیا جانا اور اپنے اپنے اعمال کے مطابق جنّت یا دوزخ میں جانا وغیرہ وغیرہ

Marfat.com

الغرض حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کے رسولِ خدا ہونے کا مطلب یہی ہے کہ آپؐ نے جو باتیں اس طرح کی دنیا کو بتلائی ہیں وہ خدا کی طرف سے خاص اور یقینی علم حاصل کر کے بتلائی ہیں اور وہ سب بالکل حق اور صحیح ہیں جن میں کسی شک وشبہ کی گنجائش نہیں اور اسی طرح آپؐ نے لوگوں کو جو ہدایتیں کیں اور جو احکام دیئے وہ سب دراصل خدا کی ہدایات اور خدائی احکام ہیں، جو آپ پر وحی کیے گئے تھے۔ اِسی سے آپؐ نے سمجھ لیا ہوگا کہ کسی کو رسول ماننے سے خود بخود ہی یہ لازم آجاتا ہے کہ اس کی ہر ہدایت اور ہر حکم کو مانا جائے کیونکہ اللہ تعالیٰ کسی کو اپنا رسول اِسی واسطے بناتا ہے کہ اس کے ذریعہ اپنے بندوں کو اپنے وہ احکام بھیجے، جن پر وہ بندوں کو چلانا چاہتا ہے۔ قرآن شریف میں فرمایا گیا ہے: وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا لِيُطَاعَ بِاِذْنِ اللّٰهِ "اور ہم نے ہر رسول کو اسی لیے بھیجا کہ ہمارے فرمان سے اس کی اطاعت کی جائے یعنی اس کے حکموں کو مانا جائے"۔ الغرض رسول پر ایمان لانے اور اس کو رسول ماننے کا مقصد و مطلب ہی یہ ہوتا ہے کہ اس کی ہر بات کو بالکل حق مانا جائے اور اس کی تعلیم و ہدایت کو خدا کی تعلیم و ہدایت سمجھا جائے اور اس کے حکموں پر چلنے کا فیصلہ کر لیا جائے۔ پس اگر کوئی شخص کلمہ تو پڑھتا ہو مگر اپنے متعلق اس نے یہ طے نہ کیا ہو کہ میں حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کی بتلائی ہوئی ہر

Marfat.com

بات کو بالکل حق اور اس کے خلاف تمام باتوں کو غلط جانوں گا اور ان کی شریعت اور ان کے حکموں پر چلوں گا تو وہ آدمی دراصل مومن اور مسلمان ہی نہیں ہے اور شاید اس نے مسلمان ہونے کا مطلب ہی نہیں سمجھا ہے۔ کھلی ہوئی بات ہے کہ جب ہم نے کلمہ پڑھ کے حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو خدا کا برحق رسول مان لیا تو ہمارے لیے ضروری ہو گیا کہ ان کے حکموں پر چلیں اور ان کی سب باتیں مانیں اور ان کی لائی ہوئی شریعت پر پورا عمل کریں۔

## کلمہ شریف دراصل ایک عہد اور اقرار ہے

کلمہ شریف کے دونوں جزوں (لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ) کے مطلب کی تشریح اور وضاحت اوپر کی گئی ہے اس سے آپ نے سمجھ لیا ہوگا کہ یہ کلمہ دراصل ایک اقرارنامہ اور عہدنامہ ہے اس بات کا کہ میں صرف اللہ تعالیٰ کو خدائے برحق اور معبود و مالک مانتا ہوں اور دنیا و آخرت کی ہر چیز کو صرف اسی کے قبضہ و اختیار میں سمجھتا ہوں، لہٰذا میں اس کی اور صرف اسی کی عبادت اور بندگی کروں گا اور بندہ کو جس طرح اپنے مولا و آقا کے حکموں پر چلنا چاہیے اسی طرح میں اس کے حکموں پر چلوں گا اور ہر چیز سے زیادہ میں اس سے محبت اور تعلق رکھوں گا اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو میں خدا کا برحق رسول تسلیم کرتا ہوں، اب میں ایک امتی

Marfat.com

کی طرح ان کی اطاعت و پیروی کروں گا اور ان کی لائی ہوئی شریعت پر عمل کرتا رہوں گا۔ دراصل اسی عہد و اقرار کا نام ایمان ہے اور توحید و رسالت کی شہادت دینے کا بھی یہی مقصد و مطلب ہے۔ لہٰذا کلمہ پڑھنے والے ہر مسلمان کو چاہیے کہ وہ اپنے کو اس عہد و شہادت کا پابند سمجھے اور اس کی زندگی اسی اصول کے مطابق گزرے تاکہ وہ اللہ کے نزدیک ایک سچا مومن و مسلم ہو اور نجات و جنّت کا حق دار ہو۔ ایسے خوش نصیبوں کے لیے بڑی بشارتیں آئی ہیں جو کلمہ شریف کے ان دونوں جزوں (توحید و رسالت) کو سچّے دل سے قبول کریں اور دل و زبان اور عمل سے اس کی شہادت دیں۔ حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے حضرت معاذؓ سے فرمایا "جو کوئی سچّے دل سے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ کی شہادت دے تو اللہ تعالیٰ نے دوزخ کی آگ ایسے شخص پر حرام کر دی ہے" (بخاری و مسلم)، بھائیو! لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ کی حقیقت اور ان کے وزن کو خوب سمجھ کے دل و زبان سے اس کی شہادت دو اور فیصلہ کر لو کہ اپنی زندگی اس شہادت کے مطابق گزاریں گے تاکہ ہماری شہادت جھوٹی نہ ٹھہرے، کیونکہ اس شہادت ہی پر ہمارے ایمان و اسلام کا اور ہماری نجات کا دار و مدار ہے، پس چاہیے کہ:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ہمارا پکّا اعتقاد و ایمان ہو۔

Marfat.com

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللہِ ہمارا اقرار و اعلان ہو
لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللہِ ہماری زندگی کا اصول
اور پوری دنیا کے لیے ہمارا پیغام ہو، اسی کو پھیلانے اور اونچا کرنے
کے لیے ہم جئیں اور مریں۔

---

## میری فریاد

پوری دنیا کے مسلمانوں سے نہایت ہی ادب سے اللہ پاک کے نام کا واسطہ دے کر پُرزور اپیل کرتا ہوں کہ کچھ وقت تبلیغ میں لگا کر اپنے آپ کو اور دیگر برادرانِ اسلام کو کتاب و سنّت کے ڈھانچہ میں ڈھالنے کی پوری پوری سعی و کوشش فرمائیں تاکہ ہم سب مسلمان دربارِ خداوندی سے مالا مال ہو جائیں اور قربِ خداوندی کے مستحق ہو جائیں۔

تبلیغی مرکز رائے ونڈ ضلع لاہور میں تشریف لے جا کر تبلیغ کا کام سیکھیں۔

فقط والسلام

محتاجِ دعا

Marfat.com

## دوسرا باب

# نماز

## نماز کی اہمیّت اور اس کی تاثیر

اللہ ورسول پر ایمان لانے اور توحید و رسالت کی گواہی دینے کے بعد سب سے پہلا اور سب سے بڑا فرض اسلام میں نماز ہے۔ نماز اللہ تعالیٰ کی خاص عبادت ہے جو دن میں پانچ دفعہ فرض کی گئی ہے۔ قرآن شریف کی پچاسوں آیتوں میں اور رسُول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کی سینکڑوں حدیثوں میں نماز کی بڑی سخت تاکید فرمائی گئی ہے اور اس کو دین کا ستون اور دین کی بنیاد کہا گیا ہے۔ نماز کی یہ خاص تاثیر ہے کہ اگر وہ ٹھیک طریقے سے ادا کی جائے اور اللہ تعالیٰ کو حاضر وناظر سمجھتے ہوئے پورے دھیان سے خشوع وخضوع کے ساتھ پڑھی جائے تو اس سے آدمی کا دِل پاک صاف ہوتا ہے اور اس کی زندگی درست ہو جاتی ہے اور برائیاں اس سے چھوٹ جاتی ہیں اور نیکی اور سچائی کی محبّت اور خدا کا خوف اس کے دل میں پیدا ہو جاتا ہے۔ اِسی لیے اسلام میں دوسرے تمام فرضوں سے زیادہ اس کی تاکید ہے اور اسی واسطے رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کا

Marfat.com

دستور تھا کہ جب کوئی شخص آپ کے پاس آکر اسلام قبول کرتا تو آپ توحید کی تعلیم کے بعد پہلا عہد اس سے نماز ہی کا لیا کرتے تھے، الغرض کلمہ کے بعد نماز ہی اسلام کی بنیاد ہے۔

## نماز نہ پڑھنا اور نماز نہ پڑھنے والے رسول اللہؐ کی نظر میں

احادیث سے معلوم ہوتا ہے کہ حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم نماز نہ پڑھنے کو کفر کی بات اور کافروں کا طریقہ قرار دیتے تھے، اور فرماتے تھے کہ جو شخص نماز نہ پڑھے اس کا دین میں کوئی حصہ نہیں، چنانچہ صحیح مسلم کی ایک حدیث میں ہے کہ حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا، "بندہ کے اسلام اور کفر کے درمیان نماز چھوڑ دینے ہی کا فاصلہ ہے" (صحیح مسلم) مطلب یہ ہے کہ بندہ اگر نماز چھوڑ دے گا تو کفر سے مل جائے گا اور اس کا یہ عمل کافروں کا سا عمل ہوگا۔ ایک دوسری حدیث میں وارد ہوا ہے کہ "اسلام میں اس کا کچھ بھی حصہ نہیں جو نماز نہ پڑھتا ہو" (درمنثور بحوالہ مسند بزار) نماز پڑھنا کتنی بڑی دولت اور کیسی نیک بختی ہے اور نماز چھوڑنا کتنی بڑی ہلاکت اور کیسی بدبختی ہے، اس کا اندازہ کرنے کے لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم نے نماز کی تاکید فرماتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ "جو کوئی نماز کو اچھی طرح اور پابندی سے ادا کرے گا تو اس کے واسطے قیامت میں وہ نور ہوگی اور اس کے لیے (ایمان و اسلام) کی دلیل ہوگی اور نجات

Marfat.com

..انے کا ذریعہ بنے گی اور جو کوئی اس کو خیال سے اور پابندی سے ادا نہیں کرے گا تو وہ اس کے لیے نہ نور ہو گی اور نہ دلیل بنے گی اور نہ وہ اس کو عذاب سے نجات دلائے گی اور وہ شخص قیامت میں قارون، فرعون، ہامان اور ابی بن خلف کے ساتھ ہو گا۔" (مسند احمد) بھائیو! ہم میں سے ہر ایک کو سوچنا چاہیے کہ اگر ہم نے اچھی طرح اور پابندی سے نماز پڑھنے کی عادت نہ ڈالی تو پھر ہمارا حشر اور ہمارا انجام کیا ہونے والا ہے۔

## نماز نہ پڑھنے والوں کی میدانِ حشر میں رُسوائی

نماز نہ پڑھنے والوں کو قیامت کے دن سب سے پہلے جو سخت ذلّت و رسوائی اٹھانا پڑے گی اس کو قرآن مجید کی ایک آیت میں اس طرح بیان فرمایا گیا ہے۔ یَوۡمَ یُکۡشَفُ عَنۡ سَاقٍ وَّیُدۡعَوۡنَ اِلَی السُّجُوۡدِ فَلَا یَسۡتَطِیۡعُوۡنَ ۙ خَاشِعَۃً اَبۡصَارُہُمۡ تَرۡہَقُہُمۡ ذِلَّۃٌ ؕ وَقَدۡ کَانُوۡا یُدۡعَوۡنَ اِلَی السُّجُوۡدِ وَہُمۡ سَالِمُوۡنَ

اِس آیت کا مطلب اور خلاصہ یہ ہے کہ قیامت کے دن (جبکہ نہایت سخت گھڑی ہو گی اور شروع دنیا سے لے کر قیامت تک کے سارے انسان محشر میں جمع ہوں گے) تو اللہ تعالیٰ کی ایک خاص تجلّی ظاہر ہو گی اور اس وقت پکارا جائے گا کہ سب لوگ اللہ کے حضور سجدے میں گر

Marfat.com

جائیں تو جو خوش نصیب اہلِ ایمان دُنیا میں نمازیں پڑھتے تھے اور اللہ کو سجدے کیا کرتے تھے وہ تو فوراً سجدے میں چلے جائیں گے لیکن جو لوگ تندرست اور اچھے بھلے چنگے ہونے کے باوجود نمازیں نہیں پڑھتے تھے، ان کی کمریں اس وقت تختے کی مانند سخت کردی جائیں گی اور وہ کافروں کے ساتھ کھڑے رہ جائیں گے، سجدہ نہ کرسکیں گے اوران پر سخت ذلّت و خواری کا عذاب چھا جائے گا اوران کی نگاہیں نیچی ہوں گی اور وہ آنکھ اُٹھا کر کچھ دیکھ بھی نہ سکیں گے، دوزخ کے عذاب سے پہلے ذلّت و خواری کا یہ عذاب انھیں سرِمحشر ساری دنیا کے سامنے اٹھانا ہوگا۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس عذاب سے بچائے۔ درصل نماز نہ پڑھنے والا شخص ایک طرح سے خدا کا باغی ہے اور وہ جس قدر بھی ذلیل و رسوا کیا جائے اور جتنا بھی اس کو عذاب دیا جائے بلاشبہ وہ اس کا مستحق ہے۔ اُمّت کے بعض اماموں کے نزدیک تو نماز چھوڑنے والے لوگ دین سے خارج اور مرتدوں کی طرح قتل کیے جانے کے قابل ہیں۔ بھائیو! ہم سب کو اچھی طرح سمجھ لینا چاہیے کہ نماز کے بغیر اسلام کا دعویٰ بے ثبوت اور بے بنیاد ہے۔ نماز پڑھنا ہی وہ خاص اسلامی عمل ہے جو اللہ تعالیٰ سے ہمارا تعلق جوڑتا ہے اور ہم کو اس کی رحمت کا مستحق بناتا ہے۔

Marfat.com

## نماز کی برکتیں

جو بندہ پانچ وقت اللہ تعالیٰ کے سامنے حاضر ہو کر دست بستہ کھڑا ہوتا ہے، اس کی حمد و ثنا کرتا ہے، اس کے سامنے جھکتا ہے اور سجدے میں گرتا ہے اور اس سے دعائیں کرتا ہے تو وہ اللہ تعالےٰ کی خاص محبّت و رحمت کا مستحق ہو جاتا ہے اور ہر ہر وقت کی نماز سے اس کے گناہ معاف ہوتے ہیں اور اس کے دل میں نورانیت پیدا ہوتی ہے اور اس کی زندگی گناہوں کے میل کچیل سے پاک صاف ہو جاتی۔ ایک حدیث میں ہے کہ حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم نے ایک بڑی اچھی مثال دے کر فرمایا، "بتلاؤ اگر تم میں سے کسی کے دروازے پر نہر جاری ہو جس میں وہ ہر دن میں پانچ دفعہ نہاتا ہو تو کیا اُس کے جسم پر کچھ بھی میل رہے گا؟" لوگوں نے عرض کیا "حضور کچھ بھی نہیں رہے گا۔" آپ نے ارشاد فرمایا "بس پانچوں نمازوں کی مثال ایسی ہی ہے۔ اللہ تعالےٰ ان کی برکت سے گناہوں اور خطاؤں کو مٹا دیتا ہے۔"

## جماعت کی تاکید اور فضیلت

رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کی احادیث سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ

Marfat.com

نماز کی اصل فضیلت اور برکت حاصل ہونے کے لیے جماعت کے ساتھ نماز پڑھنا بھی شرط ہے اور اس کی اتنی سخت تاکید ہے کہ جو لوگ غفلت سے یا سستی سے جماعت میں حاضر نہیں ہوتے تھے ان کے متعلق حضور صلی اللہ علیہ وسلّم نے ایک دفعہ ارشاد فرمایا تھا کہ "میرا جی چاہتا ہے کہ میں ان کے گھروں میں آگ لگوا دوں (صحیح مسلم) بس اسی ایک حدیث سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ جماعت کا چھوڑنا اللہ اور رسولؐ کو کس قدر ناپسند ہے اور صحیح حدیث میں آیا ہے کہ "جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے کا ثواب تنہا پڑھنے سے ستائیس گنا زیادہ ہوتا ہے[1]" (بخاری و مسلم) پابندی کے ساتھ جماعت سے نماز پڑھنے میں آخرت کے ثواب کے علاوہ اور بھی بڑے بڑے فائدے ہیں مثلاً یہ کہ جماعت کی پابندی سے آدمی میں وقت کی پابندی کی صلاحیت پیدا ہوتی ہے، دن رات میں پانچ دفعہ محلّہ کے سب مسلمان بھائیوں کا ایک جگہ اجتماع ہو جاتا ہے جس سے بڑے بڑے فائدے اٹھائے جا سکتے ہیں، جماعت کی پابندی سے نماز کی پوری پابندی نصیب ہو جاتی ہے اور جو لوگ جماعت کی پابندی نہیں کرتے اکثر دیکھا گیا ہے کہ ان کی نمازیں کثرت سے قضا ہوتی ہیں اور ایک بہت

---

[1] واضح رہے کہ جماعت کی یہ تاکید اور فضیلت صرف مردوں کے لیے ہے۔ حدیث شریف میں صاف موجود ہے کہ عورتوں کو اپنے گھر میں نماز پڑھنے کا ثواب مسجد میں پڑھنے سے زیادہ ملتا ہے۔ ۱۲

Marfat.com

بڑا فائدہ یہ ہے کہ جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے والے ہر آدمی کی نماز پوری جماعت کی نماز کا جزو بن جاتی ہے جس میں اللہ کے ایسے نیک اور صالح بندے بھی ہوتے ہیں جن کی نمازیں بڑی خشوع وخضوع والی ہوتی ہیں اور اللہ تعالیٰ انھیں قبول فرماتا ہے اور اللہ تعالیٰ کی شانِ کریمی سے یہی اُمید ہے کہ جب وہ جماعت کے کچھ لوگوں کی نمازیں قبول فرمائے گا تو انہی کے ساتھ نماز پڑھنے والے دوسرے لوگوں کی بھی قبول فرمائے گا، اگرچہ ان کی نمازیں اس درجہ کی نہ ہوں۔ ؏

بداں را بہ نیکاں ببخشد کریم

پس ہم میں سے ہر شخص کو سوچنا چاہیے کہ بلا کسی سخت مجبوری کے جماعت کھو دینا کتنے بڑے ثواب سے اور کتنی برکتوں سے اپنے کو محروم کر دینا ہے۔

## خشوع وخضوع کی اہمیت

خشوع وخضوع کے ساتھ نماز پڑھنے کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کو حاضر و ناظر سمجھتے ہوئے نماز اس طرح پڑھی جائے کہ دل اسکی محبّت سے بھرا ہُوا ہو اور اس کے خوف سے اور اس کی بڑائی و عظمت کے خیال سے سہما ہُوا ہو جیسے کوئی مجرم کسی بڑے سے بڑے حاکم و بادشاہ کے سامنے

Marfat.com

کھڑا ہوتا ہے، کھڑا ہو تو خیال کرے کہ میں اپنے اللہ کے سامنے حاضر ہوں اور اس کی تعظیم میں کھڑا ہوں، رکوع کرے تو خیال کرے کہ میں اسی کے آگے جھک رہا ہوں۔ اسی طرح جب سجدہ کرے تو خیال کرے کہ میں اس کے حضور میں سجدہ کر رہا ہوں اور اس کے سامنے اپنی ذلت اور عاجزی ظاہر کر رہا ہوں اور بہت اچھا تو یہ ہے کہ کھڑے ہونے کی حالت میں اور رکوع و سجدے میں جو کچھ پڑھے اس کو سمجھ سمجھ کر پڑھے، دراصل نماز کا اصلی مزہ جب ہی ہے کہ جو کچھ اس میں پڑھا جائے اس کے معنی مطلب سمجھ کر پڑھا جائے (نماز میں جو کچھ پڑھا جاتا ہے اس کے معنی یاد کر لینا بڑا آسان ہے) نماز میں خشوع و خضوع اور اللہ تعالیٰ کی طرف دل کی توجہ دراصل نماز کی روح اور اس کی جان ہے اور اللہ کے جو بندے ایسی نماز پڑھیں ان کی نجات اور کامیابی یقینی ہے۔ قرآن شریف میں ہے

قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ صَلَاتِهِمْ خٰشِعُوْنَ

(ترجمہ) کامیاب اور بامراد ہیں وہ ایمان والے جو اپنی نمازیں خشوع کے ساتھ ادا کرتے ہیں۔ اور ایک حدیث شریف میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا۔ "پانچ نمازیں اللہ تعالیٰ نے فرض کی ہیں جس نے اچھی طرح ان کے لیے وضو کیا اور ٹھیک وقت پر ان کو پڑھا اور رکوع و سجدہ بھی جیسے کرنا چاہیے ویسے ہی کیا اور خوب

Marfat.com

خشوع کے ساتھ ان کو ادا کیا تو ایسے شخص کے لیے اللہ کا وعدہ ہے کہ وہ اس کو بخش دے گا اور جس نے ایسا نہ کیا (یعنی جس نے اتنی اچھی طرح نماز نہ پڑھی) تو اس کے لیے اللہ کا کوئی وعدہ نہیں ہے، چاہے گا تو اس کو بخش دے گا اور چاہے گا تو سزا دے گا۔" (مسند احمد و سنن ابی داؤد) پس اگر ہم چاہتے ہیں کہ آخرت کے عذاب سے نجات پائیں اور اللہ ضرور ہی ہم کو بخش دیں تو ہمیں چاہیے کہ اس حدیث شریف کے مضمون کے مطابق پانچوں وقت کی نماز ہم اچھے سے اچھے طریقے سے پڑھا کریں۔

## نماز پڑھنے کا طریقہ

جب نماز کا وقت آئے تو ہمیں چاہیے کہ پہلے اچھی طرح وضو کریں اور یوں سمجھیں کہ اللہ تعالیٰ کے دربار کی حاضری کے لیے اور اس کی عبادت کے لیے یہ پاکی اور صفائی ضروری ہے۔ اللہ تعالیٰ کا یہ احسان ہے کہ اس نے وضو میں بھی ہمارے لیے بڑی رحمتیں اور برکتیں رکھی ہیں۔ حدیث شریف میں ہے کہ وضو میں جسم کے جو حصّے اور جو اعضا دھوئے جاتے ہیں، ان اعضا سے ہونے والے گناہ وضو ہی کی برکت سے معاف ہو جاتے ہیں اور ان گناہوں کا ناپاک اثر گویا وضو کے پانی سے دھل جاتا ہے۔ وضو کے بعد جب ہم نماز کے لیے کھڑے ہونے لگیں تو

Marfat.com

چاہیے کہ خوب اچھی طرح دل میں یہ خیال جمائیں کہ ہم گنہگار اور روسیاہ بندے اپنے اس مالک و معبود کے سامنے کھڑے ہو رہے ہیں جو ہمارے ظاہر و باطن اور کھلے چھپے سب حالات جانتا ہے اور قیامت کے روز ہم کو اس کے سامنے پیش ہونا ہے پھر جس وقت کی نماز پڑھنی ہو خاص اسی وقت کی نیت کر کے اور قاعدے کے مطابق کانوں تک ہاتھ اٹھا کے دل و زبان سے کہنا چاہیے،

اَللّٰہُ اَکْبَرُ — اللہ بہت بڑا ہے

پھر ہاتھ باندھ کے اور اللہ تعالیٰ کے سامنے حاضری کا پورا دھیان کر کے پڑھنا چاہیے:

| | |
|---|---|
| سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ وَتَعَالٰى جَدُّكَ وَلَآ اِلٰهَ غَيْرُكَ۔ | اے میرے اللہ پاک ہے تیری ذات اور تیرے ہی لیے ہے ہر تعریف اور برکت والا ہے تیرا نام اور اونچی ہے تیری شان، اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ |
| اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ | میں اللہ کی پناہ لیتا ہوں شیطان مردود سے |
| بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | شروع کرتا ہوں اللہ کے نام سے جو بڑی رحمت والا نہایت مہربان ہے۔ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۙ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۙ مٰلِكِ یَوْمِ الدِّیْنِ ؕ اِیَّاكَ نَعْبُدُ وَاِیَّاكَ نَسْتَعِیْنُ ؕ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِیْمَ ۙ صِرَاطَ الَّذِیْنَ اَنْعَمْتَ عَلَیْهِمْ ۙ۬ غَیْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَیْهِمْ وَلَا الضَّآلِّیْنَ ۠ اٰمِیْن ۠ | سب تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں، جو سب جہانوں کا پروردگار ہے، بڑی رحمت والا اور نہایت مہربان ہے، جزا کے دن کا مالک ہے۔ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور تجھ سے ہی مدد مانگتے ہیں، اے اللہ ہم کو سیدھے راستے پر چلا، ان اچھے بندوں کے راستے پر جن پر تو نے فضل فرمایا، نہ اُن پر جن پر تیرا غضب و غصّہ ہوا اور نہ وہ گمراہ ہوئے۔ اے اللہ میری یہ دعا قبول فرمالے۔ |

اس کے بعد کوئی سورت یا کسی سورت کا کچھ حصّہ پڑھے۔

ہم یہاں قرآن شریف کی چھوٹی چھوٹی چار سورتیں ترجمہ کے ساتھ درج کرتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| وَالْعَصْرِ ۙ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَفِیْ خُسْرٍ ۙ اِلَّا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَتَوَاصَوْا بِالْحَقِّ ۙ۬ وَتَوَاصَوْا بِالصَّبْرِ ۠ | قسم ہے زمانے کی کہ سارے انسان ٹوٹے میں ہیں (اوران کا انجام بہت بُرا ہونے والا ہے) سوا اُن کے جو ایمان لائے اور انھوں نے اچھے کام کیے اور ایک دوسرے کو حق کی اور صبر کی وصیّت کی۔ |

Marfat.com

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۝ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

کہو اللہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے وہ کسی کا محتاج نہیں اور سب اس کے محتاج ہیں، نہ اس کے اولاد ہے، نہ وہ کسی کی اولاد ہے اور نہ کوئی اسکے برابر ہے

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِی الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

کہو میں صبح کی روشنی کے رب کی پناہ لیتا ہوں، اس کی سب مخلوق کے شر سے اور اندھیرے کے شر سے جب وہ چھا جائے اور پھونکنے والیوں کے شر سے گرہوں میں (یعنی ٹونے ٹوٹکے کرنے والی عورتوں کے شر سے) اور حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ حسد کرے۔

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِیْ يُوَسْوِسُ فِیْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

کہو میں پناہ لیتا ہوں سب آدمیوں کے رب کی سب کے بادشاہ اور سب کے معبود کی، برا خیال ڈالنے والے پیچھے ہٹ جانے والے کے شر سے جو آدمیوں کے دلوں میں برے خیال ڈالتا ہے خواہ وہ جنوں میں سے ہو یا آدمیوں میں سے۔

Marfat.com

بہر حال الحمد شریف کے بعد قرآن شریف کی کوئی سورت یا اس کا کچھ حصہ پڑھنا چاہیے، ہر نماز میں اتنی قرات یعنی اتنا قرآن پڑھنا ضروری ہے۔ جب یہ قرارت کر چکے تو اللہ تعالیٰ کی شان کی بڑائی اور کبریائی کا دھیان کرتے ہوئے دل وزبان سے اَللّٰہُ اَکْبَر کہتا ہوا رکوع میں چلا جائے اور بار بار کہے۔

سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمُ سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمُ

پاک ہے میرا پروردگار جو بڑی شان والا ہے پاک ہے میرا پروردگار جو بڑی شان والا ہے

سُبْحَانَ رَبِّيَ الْعَظِيْمُ

پاک ہے میرا پروردگار جو بڑی شان والا ہے

جس وقت رکوع میں اللہ تعالیٰ کی پاکی اور بڑائی کا یہ کلمہ زبان پر جاری ہو اُس وقت دِل میں بھی اس کی پاکی اور عظمت کا پورا پورا دھیان ہونا چاہیے: اس کے بعد رکوع سے سر اُٹھائے اور کہے:

سَمِعَ اللّٰهُ لِمَنْ حَمِدَهٗ

اللہ نے اس بندے کی سن لی جس نے اسکی تعریف کی

اس کے بعد کہے: رَبَّنَا لَكَ الْحَمْدُ

اے ہمارے مالک اور پروردگار سب تعریف تیرے ہی لیے ہے

اس کے بعد پھر دل وزبان سے اَللّٰہُ اَکْبَر کہے اور اپنے مولا کے سامنے

Marfat.com

سجدے میں گر جائے اور یکے بعد دیگرے دو سجدے کرے اور ان سجدوں میں اللہ تعالیٰ کا پورا دھیان کر کے اور اپنے سامنے اس کو حاضر و ناظر جان کے اور اس کو اپنا مخاطب بنا کے زبان سے اور زبان کے ساتھ دل و جان سے کہے اور بار بار کہے :

سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى

پاک ہے میرا پروردگار جو بہت اونچی شان والا ہے پاک ہے میرا پروردگار جو بہت اونچی شان والا ہے

سُبْحَانَ رَبِّيَ الْاَعْلٰى

پاک ہے میرا پروردگار جو بہت اونچی شان والا ہے

سجدے کی حالت میں جس وقت یہ کلمہ زبان پر ہو اس وقت دل میں اپنی عاجزی اور کمتری کا اور اللہ تعالیٰ کی پاکی اور بے حد بلندی کا پورا پورا دھیان ہونا چاہیے، یہ دھیان اور یہ خیال جتنا زیادہ اور جتنا گہرا ہوگا، نماز اتنی ہی زیادہ اچھی اور زیادہ قیمتی ہوگی کیونکہ یہی نماز کی رُوح ہے۔ یہ صرف ایک رکعت کا بیان ہوا، پھر جتنی رکعت نماز پڑھنی ہو اسی طرح پڑھنی چاہیے، البتہ یہ خیال رکھنا چاہیے کہ سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ صرف پہلی ہی رکعت میں پڑھا جاتا ہے۔ نماز کے آخر میں اور درمیان میں جب بیٹھتے ہیں تو اَلتَّحِيَّاتُ پڑھتے ہیں جو گویا نماز کا خلاصہ اور جوہر ہے اور وہ یہ ہے :

Marfat.com

| | |
|---|---|
| اَلتَّحِیَّاتُ لِلّٰہِ وَالصَّلَوٰتُ | ادب و تعظیم کے سب کلمے اللہ ہی کیلیے |
| وَالطَّیِّبَاتُ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ | ہیں اور سب عبادتیں اور صدقے اللہ ہی کے |
| اَیُّهَا النَّبِیُّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ | واسطے ہیں، سلام ہو تم پر اے نبیؐ اور اللہ کی |
| وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَیْنَا | رحمت اور اس کی برکتیں سلام ہو ہم پر اور اللہ |
| وَعَلٰی عِبَادِ اللّٰهِ الصّٰلِحِیْنَ | کے سب نیک بندوں پر، میں گواہی دیتا ہوں |
| اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ | کہ کوئی عبادت کے لائق نہیں سوا اللہ |
| وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ | کے اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمدؐ اس کے |
| وَرَسُوْلُهٗ۔ | بندے اور رسول ہیں |

تین رکعت اور چار رکعت والی نمازوں میں جب دوسری رکعت پر بیٹھتے ہیں تو صرف یہ اَلتَّحِیَّاتُ ہی پڑھی جاتی ہے، اور آخری رکعت پر جب بیٹھتے ہیں تو اَلتَّحِیَّاتُ کے بعد درود شریف اور ایک دعا بھی پڑھتے ہیں ہم ان دونوں کو بھی یہاں درج کرتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی | اے اللہ حضرت محمدؐ پر اور ان کی آل پر خاص |
| اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّیْتَ عَلٰٓی | رحمت فرما جیسے تو نے حضرت ابراہیم پر اور ان |
| اِبْرَاهِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاهِیْمَ | کی آل پر رحمت کی، تو بڑی تعریفوں والا |
| اِنَّكَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ، اَللّٰهُمَّ | ہے بزرگی والا ہے اے اللہ حضرت محمدؐ پر |
| بَارِكْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی اٰلِ | اور ان کی آل پر برکتیں نازل فرما جیسے تو نے |

Marfat.com

مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى — حضرت ابراہیمؑ پر اور ان کی آل پر برکتیں
اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ — نازل کیں تو بڑی تعریفوں والا ہے بزرگی
اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔ — والا ہے۔

یہ درود شریف دراصل رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کے لیے اور آپ کی آل کے لیے (یعنی آپ کے گھر والوں اور آپ سے خاص دینی تعلّق رکھنے والوں کے لیے) رحمت اور برکت کی دعا ہے۔ ہم کو دین کی نعمت اور نماز کی دولت چونکہ حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم ہی کے واسطہ سے ملی ہے اس لیے اللہ تعالیٰ نے حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کے اس احسان کے شکریہ کے طور پر ہمارے ذمّہ مقرّر کیا ہے کہ جب نماز پڑھیں تو اس کے آخر میں حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کے لیے اور حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کے خاص متعلّقین کے لیے رحمت و برکت کی دعا بھی کریں پس ہمیں چاہیے کہ ہر نماز کے آخر میں اَلتَّحِيَّاتُ پڑھنے کے بعد ہم حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کے اس احسان کو یاد کر کے دل سے ان پر یہ درود شریف پڑھیں اور ان کے واسطے رحمت و برکت کی دعا مانگیں پھر درود شریف کے بعد اپنے لیے یہ دعا کریں اور اس کے بعد سلام پھیر دیں۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ — اے میرے اللہ میں نے اپنی جان پر بڑا
ظُلْمًا كَثِيْرًا وَّاِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ — ظلم کیا (اور تیری فرمانبرداری اور عبادت

Marfat.com

| | |
|---|---|
| الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ فَاغْفِرْلِیْ | میں مجھ سے بڑا قصور ہُوا) اور تیرے سوا |
| مَغْفِرَۃً مِّنْ عِنْدِکَ | کوئی گناہوں کا بخشنے والا نہیں، پس تو |
| وَارْحَمْنِیْ اِنَّکَ اَنْتَ الْغَفُوْرُ | مجھے محض اپنے فضل سے بخش دے اور مجھ |
| الرَّحِیْمُ۔ | پر رحم فرما تو بخشنے والا اور بڑا مہربان ہے۔ |

اس دعا میں اپنے گناہوں اور قصوروں کا اقرار ہے اور اللہ تعالیٰ سے بخشش اور رحم کی التجا ہے۔ درحقیقت بندے کے لیے یہی مناسب ہے کہ وہ نماز جیسی عبادت کر کے بھی اپنے قصور کا اعتراف کرے اور اپنے کو گنہگار اور قصور وار سمجھے اور اللہ کی بخشش اور اس کی رحمت ہی کو اپنا سہارا سمجھے اور عبادت کی وجہ سے کوئی غرور اس میں پیدا نہ ہو کیونکہ اللہ تعالےٰ کی عبادت کا حق ہم سے کسی طرح بھی ادا نہیں ہو سکتا اس باب میں نماز کے متعلق جو کچھ بیان کرنا تھا وہ سب بیان کیا جا چکا، آخر میں ہم پھر کہتے ہیں کہ نماز کیمیا اثر عبادت ہے کہ اگر اس کو دھیان کے ساتھ اور سمجھ سمجھ کے اور خشوع و خضوع سے ادا کیا جائے جیسا کہ اوپر ہم نے تبلایا ہے تو وہ انسان کو اعمال و اخلاق میں فرشتہ بنا سکتی ہے۔ بھائیو! نماز کی قدر و قیمت کو سمجھو۔ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کو اُمّت کے نماز پر قائم رہنے کی اتنی فکر تھی کہ بالکل آخری وقت میں جب کہ حضورؐ اس دنیا سے رخصت ہو رہے تھے اور زبان سے

Marfat.com

کچھ فرمانا بھی مشکل تھا اس وقت بھی آپؐ نے اپنی امّت کو نماز پر قائم رہنے اور نماز کو قائم رکھنے کی بڑی تاکید کے ساتھ وصیت فرمائی تھی۔ پس جو مسلمان آج نماز نہیں پڑھتے اور نماز کو قائم کرنے اور رواج دینے کی کوئی کوشش نہیں کرتے وہ خدارا سوچیں کہ قیامت میں وہ کس طرح حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کے سامنے جا سکیں گے اور کس طرح حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم سے آنکھ ملا سکیں گے جب کہ وہ حضورؐ کی آخری وصیت کو بھی پامال کر رہے ہیں۔ آؤ ہم سب حضرت ابراہیم علیہ السلام کے الفاظ میں دعا کریں۔

رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ۝ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ۝ رَبَّنَا اغْفِرْلِيْ وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ يَوْمَ يَقُوْمُ الْحِسَابُ ۝

اے پروردگار! آپ مجھ کو اور میری نسل کو نماز قائم کرنے والا بنا دیجیے۔ اے رب! میری دعا کو قبول کر لیجیے۔ اے پروردگار مجھ کو اور میرے والدین کو اور سب ایمان والوں کو قیامت کے دن بخش دیجیے۔

Marfat.com

# تیسرا باب

# زکوٰۃ

اسلام کی بنیادی تعلیمات میں ایمان اور نماز کے بعد زکوٰۃ کا درجہ ہے گویا وہ اسلام کا تیسرا رکن ہے۔ زکوٰۃ کا مطلب یہ ہے کہ جس مسلمان کے پاس ایک مقرّر مقدار میں مال و دولت ہو وہ ہر سال حساب لگا کر اپنی اس دولت کا چالیسواں حصّہ غریبوں مسکینوں پر یا نیکی کی اُن دوسری مدوں میں خرچ کر دیا کرے جو زکوٰۃ کے خرچ کے لیے اللہ و رسول ؐ نے مقرر کی ہیں[1]

## زکوٰۃ کی فضیلت اور اہمیّت

قرآن شریف میں جا بجا نماز کے ساتھ ساتھ زکوٰۃ کی تاکید کی گئی ہے اگر آپ قرآن شریف کی تلاوت کرتے ہوں گے تو اس میں بیسیوں جگہ پڑھا ہوگا۔ اَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتُوا الزَّکٰوۃَ (یعنی نماز

---

[1] زکوٰۃ کے مسائل و احکام اور مصارف کا بیان فقہ کی کتابوں میں دیکھا جائے یا اس کے لیے علماء کی طرف رجوع کیا جائے۔ ۱۲

Marfat.com

قائم کرو اور زکوٰۃ دیا کرو) اور کہیں جگہ مسلمانوں کی لازمی صفت یہ بیان کی گئی ہے کہ اَلَّذِیْنَ یُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوۃَ وَ یُؤْتُوْنَ الزَّکٰوۃَ (یعنی وہ نماز قائم کرتے ہیں اور زکوٰۃ دیتے ہیں) اس سے معلوم ہوا کہ جو لوگ نماز نہیں پڑھتے اور زکوٰۃ نہیں دیتے وہ اصلی مسلمان نہیں ہیں کیونکہ اسلام کی جو باتیں اور صفتیں اصلی مسلمانوں میں ہونی چاہئیں وہ ان میں نہیں ہیں۔ بہرحال نماز نہ پڑھنا اور زکوٰۃ نہ دینا قرآن شریف کے بیان کے مطابق مسلمانوں کی صفت نہیں ہے بلکہ کافروں اور مشرکوں کی صفت ہے۔ نماز کے متعلق تو سورۂ روم کی ایک آیت میں فرمایا گیا ہے:

اَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ وَلَا تَکُوْنُوْا مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ (الروم ع ۴) — نماز قائم کرو (اور نماز چھوڑ کے) مشرکوں میں سے نہ ہو جاؤ۔

اور زکوٰۃ نہ دینے کو مشرکوں، کافروں کی صفت، سورۂ فُصِّلَت کی اس آیت میں بتلایا گیا ہے:

وَوَیْلٌ لِّلْمُشْرِکِیْنَ الَّذِیْنَ لَا یُؤْتُوْنَ الزَّکٰوۃَ وَهُمْ بِالْاٰخِرَۃِ هُمْ کٰفِرُوْنَ (فُصِّلَت ع ۱) — ان مشرکوں کے لیے بڑی خرابی ہے اور ان کا انجام بہت بُرا ہونے والا ہے جو زکوٰۃ ادا نہیں کرتے اور وہ آخرت کے منکر اور کافر ہیں

Marfat.com

# زکوٰۃ نہ دینے کا دردناک عذاب

زکوٰۃ نہ دینے والوں کا جو برا انجام قیامت میں ہونے والا ہے اور جو سزا ان کو ملنے والی ہے وہ اتنی سخت ہے کہ اس کے سننے ہی سے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں اور دل کانپنے لگتے ہیں۔ سورۂ توبہ میں ارشاد فرمایا گیا ہے:

| | |
|---|---|
| وَالَّذِيْنَ يَكْنِزُوْنَ الذَّهَبَ وَالْفِضَّةَ وَلَا يُنْفِقُوْنَهَا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ۙ يَّوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا فِيْ نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوٰى بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوْبُهُمْ وَظُهُوْرُهُمْ ؕ هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ | اور جو لوگ سونا چاندی (مال و دولت) جوڑ کے رکھتے ہیں اور اس کو خدا کی راہ میں خرچ نہیں کرتے (یعنی ان پر جو زکوٰۃ وغیرہ فرض ہے اس کو ادا نہیں کرتے)، اے رسولؐ! تم انھیں سخت دردناک عذاب کی خبر سنا دو جس دن کہ تپایا جائے گا ان کی اس دولت کو دوزخ کی آگ میں، پھر داغی جائیں گی اس سے ان کی پیشانیاں اور ان کی کروٹیں اور پیٹھیں (اور کہا جائے گا) یہ ہے وہ مال و دولت، جس کو تم نے جوڑا تھا اپنے واسطے پس مزا چکھو اپنی جوڑی ہوئی دولت کا۔ |
| (سورہ توبہ ع ۵) | |

Marfat.com

اِس آیت کے مضمون کی کچھ تفصیل حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم نے ایک حدیث میں بھی فرمائی ہے۔ اس حدیث کا ترجمہ یہ ہے کہ "جس شخص کے پاس سونا چاندی (یعنی مال و دولت) ہو اور وہ اس کا حق ادا نہ کرے۔ (یعنی زکوٰۃ وغیرہ نہ دیتا ہو) تو قیامت کے دن اس کے واسطے آگ کی تختیاں تیار کی جائیں گی پھر ان کو دوزخ کی آگ میں اور زیادہ گرم کر کے اُن سے اس شخص کی پیشانی کو اور کروٹ کو اور پشت کو داغا جائے گا اور اسی طرح بار بار ان تختیوں کو دوزخ کی آگ پر تپا کے اس شخص کو داغا جاتا رہے گا اور روزِ قیامت کی پوری مدّت میں اس عذاب کا سلسلہ جاری رہے گا اور وہ مدّت پچّاس ہزار سال کی ہوگی (تو گویا پچاس ہزار سال تک اس کو یہ سخت عذاب ہوتا رہے گا") بعض حدیثوں میں زکوٰۃ نہ دینے والوں کے لیے اس کے علاوہ اور دوسرے قسم کے سخت عذابوں کا بھی ذکر آیا ہے، اللہ تعالیٰ ہم کو اپنے عذاب سے بچائے۔ اللہ تعالےٰ نے جن لوگوں کو خوشحال اور مالدار کیا ہے وہ اگر زکوٰۃ نہ دیں اور اللہ کے حکم کے مطابق اس کی راہ میں خرچ نہ کریں تو بلاشبہ وہ بڑے ہی ناشکرے اور بڑے ظالم ہیں اور ان کو جو سخت سے سخت سزا بھی قیامت میں دی جائے بالکل بجا ہے۔

Marfat.com

## زکوٰۃ نہ دینا ظلم اور کفرانِ نعمت ہے

پھر یہ بھی سوچنا چاہیے کہ زکوٰۃ و صدقات سے دراصل اپنے ہی غریب اور ضرورت مند بھائیوں کی خدمت ہوتی ہے تو زکوٰۃ نہ نکالنا دراصل اپنے ان غریب اور مجبور بھائیوں پر ظلم کرنا اور ان کا حق مارنا ہے۔ بھائیو! ذرا سوچو ہمارے اور آپ کے پاس جو کچھ مال و دولت ہے وہ سب اللہ تعالیٰ ہی کا تو دیا ہوا ہے اور ہم خود بھی اسی کے بندے اور اسی کے پیدا کیے ہوئے ہیں، پس اگر وہ ہم سے ہمارا سارا مال بھی طلب کرے بلکہ جان دینے کو بھی کہے تو ہمارا فرض ہے کہ بلا چون و چرا سب کچھ دے دیں یہ تو اس کا بڑا کرم ہے کہ اپنے دیئے ہوئے مال میں سے صرف چالیسواں حصّہ نکالنے کا اس نے حکم دیا ہے۔

## زکوٰۃ کا ثواب

پھر اللہ تعالےٰ کا دوسرا بہت بڑا کرم اور احسان یہ ہے کہ اس نے زکوٰۃ اور صدقہ کا بہت بڑا ثواب مقرّر کیا ہے، حالانکہ زکوٰۃ یا صدقہ دینے والا بندہ جو کچھ دیتا ہے اللہ تعالےٰ ہی کے دیئے ہوتے مال میں سے دیتا ہے اِس لیے اگر اللہ پاک اِس پر کوئی ثواب نہ دیتا تو بالکل حق

Marfat.com

تھا مگر یہ اس کا کرم ہی کرم ہے کہ اس کے دیئے ہوئے مال میں سے ہم جو کچھ اس کے حکم سے زکوٰۃ یا صدقہ کے طور پر اس کی راہ میں خرچ کرتے ہیں تو وہ اس سے بہت خوش ہوتا ہے اور اس پر بڑے بڑے ثوابوں کا وعدہ فرماتا ہے قرآن مجید ہی میں ارشاد ہے:

| | |
|---|---|
| مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ۭ وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۝ اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ لَا يُتْبِعُوْنَ مَآ اَنْفَقُوْا مَنًّا وَّلَآ اَذًى ۙ لَّھُمْ اَجْرُھُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا ھُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ (سورہ بقرہ ع ۳۶) | جو لوگ اللہ کی راہ میں اپنا مال خرچ کرتے ہیں ان کے خرچ کرنے کی مثال اس دانہ کی سی ہے جس سے پودا اُگے اور اس سے سات بالیں نکلیں اور ہر بالی میں سو دانے ہوں، اور اللہ بڑھاتا ہے جس کے واسطے چاہے وہ بڑی وسعت والا ہے اور سب کچھ جانتا ہے جو لوگ اپنا مال خدا کی راہ میں خرچ کرتے ہیں پھر نہ وہ احسان جتاتے ہیں اور نہ تکلیف دیتے ہیں ان کے واسطے ان کے رب کے پاس بڑا ثواب ہے اور انھیں قیامت میں کوئی خوف و خطر نہ ہو گا اور نہ وہ غمگین ہوں گے۔ |

Marfat.com

اِس آیت میں زکوٰۃ دینے والوں اور خدا کی راہ میں خرچ کرنے والوں کے لیے اللہ تعالےٰ کی طرف سے تین وعدے فرمائے گئے ہیں۔ ایک یہ کہ جتنا وہ خرچ کرتے ہیں اللہ تعالیٰ ان کو اس کے بدلے سینکڑوں گنا زیادہ دے گا۔ دوسرے یہ کہ ان کو بڑا اجر و ثواب ملے گا اور بڑی بڑی نعمتیں ملیں گی۔ تیسرے یہ کہ قیامت کے دن ان کو کوئی خوف وخطر اور کوئی رنج وغم نہ ہوگا۔ سبحان اللہ! بھائیو! صحابہؓ کرام کو اللہ تعالیٰ کے ان وعدوں پر پورا پورا یقین تھا اس لیے ان کا حال یہ تھا کہ جب راہِ خدا میں صدقہ کرنے کی فضیلت کی اور ثواب کی آیتیں حضورؐ پر نازل ہوئیں اور انھوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ان کا بیان سُنا تو ان میں جو غریب تھے اور جن کے پاس صدقہ کرنے کیلیے پیسہ بھی نہ تھا وہ بھی صدقہ کرنے کے ارادے سے مزدوری کرنے کیلیے گھروں سے نکل پڑے اور اپنی پیٹھ پر بوجھ لاد لاد کر انھوں نے پیسے کمائے اور راہِ حق میں صدقہ کیا[1]۔ زکوٰۃ کی اہمیت اور فضیلت کے بارے میں یہاں ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صرف ایک حدیث اور درج کرتے ہیں۔ حدیث کی مشہور کتاب ابو داؤد شریف میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا۔ "تین باتیں ہیں جس شخص نے

---

[1] ریاض الصالحین صہ۲۸ بحوالہ بخاری و مسلم

Marfat.com

ان کو اختیار کر لیا اس نے ایمان کا مزہ پالیا۔ ایک یہ کہ صرف اللہ کی عبادت کرے اور دوسرے یہ کہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پر اس کا سچا ایمان واعتقاد ہو اور تیسرے یہ کہ ہر سال دل کی پوری خوشی سے اپنے مال کی زکوٰۃ ادا کرے (تو جس کو یہ تین باتیں حاصل ہو جائیں گی اس کو ایمان کی لذت اور چاشنی حاصل ہو جائے گی") اللہ تعالیٰ ہم سب کو ایمان کا ذائقہ اور اس کی لذت نصیب فرمائے۔

## زکوٰۃ اور صدقات کے بعض دنیوی فائدے

زکوٰۃ اور صدقات کا جو ثواب اور جو انعام اللہ تعالیٰ کی طرف سے آخرت میں ملے گا اس کے علاوہ اس دنیوی زندگی میں بھی اس سے بڑے فائدے حاصل ہوتے ہیں۔ مثلاً یہ کہ زکوٰۃ اور صدقات ادا کرنے والے مومن کا دل بڑا خوش اور مطمئن رہتا ہے۔ غریبوں کو اس پر حسد نہیں ہوتا بلکہ وہ اس کی بہتری چاہتے ہیں، اس کے لیے دعائیں کرتے ہیں اور اس کی طرف محبت کی نظر سے دیکھتے ہیں۔ عام دنیا کی نظروں میں بھی ایسے شخص کی بڑی وقعت ہوتی ہے اور سب لوگوں کی محبت و ہمدردی ایسے شخص کو حاصل ہوتی ہے، اللہ تعالیٰ اس کے مال میں بڑی برکتیں دیتا ہے۔ ایک حدیث میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

Marfat.com

ارشاد فرمایا کہ اللہ تعالےٰ کا فرمان ہے کہ اے فرزندِ آدم تو (میرے غریب و حاجت مند بندوں پر اور نیکی کے دوسرے کاموں میں، میرا دیا ہوا مال خرچ کیے جا میں تجھ کو برابر دیتا رہوں گا"۔ ایک دوسری حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا۔" میں اس پر قسم کھا سکتا ہوں کہ صدقہ کرنے کی وجہ سے (یعنی اللہ کی راہ میں خرچ کرنے کی وجہ سے) کوئی شخص غریب اور مفلس نہ ہوگا"۔ اللہ تعالیٰ ہم کو رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کے ان ارشادات پر حقیقی ایمان و یقین نصیب فرمائے اور ذوق و شوق کے ساتھ عمل کی توفیق دے۔ آمین

---


# اسلامی بہشتی زیور

اپنی بچیوں کو جہیز میں دیجیے!

ناشر: کتب خانہ شانِ اسلام۔ راحت مارکیٹ،

اردو بازار، لاہور


Marfat.com

# چوتھا باب

# روزہ

## روزے کی اہمیت اور فرضیت

اسلام کی بنیادی تعلیمات میں ایمان اور نماز و زکوٰۃ کے بعد روزے کا درجہ ہے، قرآن شریف میں فرمایا گیا ہے:

| | |
|---|---|
| یٰۤاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ | اے ایمان والو! تم پر روزے رکھنا فرض کیا |
| عَلَیْكُمُ الصِّیَامُ كَمَا كُتِبَ | گیا ہے جیسے تم سے پہلی امتوں پر بھی |
| عَلَى الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ | فرض کیا گیا تھا تاکہ تم میں تقویٰ کی صفت |
| تَتَّقُوْنَۙ (البقرہ ع ۲۳) | پیدا ہو۔ |

اسلام میں پورے مہینے رمضان کے روزے فرض ہیں اور جو شخص بلا کسی عذر اور مجبوری کے رمضان کا ایک روزہ بھی چھوڑ دے تو وہ بہت ہی سخت گنہگار ہے ایک حدیث میں ہے کہ "جو شخص بلا کسی معذوری اور بیماری کے رمضان کا ایک روزہ بھی چھوڑ دے وہ اگر اس کے بعد ساری عمر بھی روزہ رکھے تو اس کا پورا حق ادا نہ ہو سکے گا۔"

Marfat.com

## روزوں کا ثواب

روزے میں چونکہ کھانے پینے اور نفسانی شہوت کے پورا کرنے سے اپنے نفس کو عبادت کی نیت سے روکا جاتا ہے اور اللہ کے واسطے اپنی خواہشوں اور لذتوں کو قربان کیا جاتا ہے اِس لیے اللہ تعالیٰ نے اس کا ثواب بھی سب سے نرالا اور بہت زیادہ رکھا ہے، ایک حدیث میں ہے کہ "بندوں کے سارے نیک اعمال کی جزا کا ایک قانون مقرر ہے اور ہر عمل کا ثواب اسی مقررہ حساب سے دیا جائے گا لیکن روزہ اس عام قانون سے مستثنیٰ ہے اس کے متعلق اللہ تعالےٰ کا ارشاد ہے کہ بندہ روزے میں میرے لیے اپنا کھانا پینا اور اپنے نفس کی شہوت کو قربان کرتا ہے اسلیے روزے کی جزا بندہ کو میں خود براہِ راست دوں گا۔" ایک دوسری حدیث میں ہے کہ جو شخص پورے ایمان و یقین کے ساتھ اور اللہ تعالیٰ کی رضامندی حاصل کرنے کے لیے اور اس سے ثواب لینے کے لیے رمضان کے روزے رکھے تو اس کے پہلے سب گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔" ایک اور حدیث میں ہے کہ روزہ دار کے لیے فرحت کے دو خاص موقعے ہیں، ایک خاص فرحت اس کو افطار کے وقت اِس دنیا ہی میں حاصل ہوتی ہے، اور دوسری فرحت آخرت میں اللہ کے سامنے حاضری اور بارگاہِ الٰہی میں باریابی کے وقت حاصل ہو گی، ایک اور حدیث میں وارد ہوا ہے کہ روزہ

Marfat.com

دوزخ کی آگ سے بچانے والی ڈھال ہے اور ایک مضبوط قلعہ ہے (جو دوزخ کے عذاب سے روزہ دار کو محفوظ رکھے گا)" ایک اور حدیث میں وارد ہوا ہے کہ روزہ دار کے لیے خود روزہ اللہ تعالیٰ سے سفارش کرے گا کہ میری وجہ سے اس بندہ نے دن کو کھانا پینا اور خواہشِ نفس کا پورا کرنا چھوڑا تھا (پس اس کو بخش دیا جائے گا اور اس کو پورا اجر دیا جائے) تو اللہ تعالےٰ روزے کی یہ سفارش قبول فرمالے گا۔" ایک حدیث میں ہے کہ روزہ دار کے منہ کی بدبو (جو بعض اوقات معدہ خالی ہونے کی وجہ سے پیدا ہو جاتی ہے) اللہ کے نزدیک مشک کی خوشبو سے اچھی ہے۔" ان حدیثوں میں روزے کی جو فضیلتیں بیان ہوئی ہیں ان کے علاوہ اس کی ایک بڑی خصوصیت یہ ہے کہ وہ انسانوں کو دوسرے حیوانوں سے ممتاز کرتا ہے۔ جب جی چاہا کھالیا، جب جی میں آیا پی لیا اور جب نفسانی خواہش ہوئی اپنے جوڑے سے لذّت حاصل کر لی۔ یہ شان حیوانوں کی ہے اور کبھی نہ کھانا، کبھی نہ پینا اور جوڑے سے کبھی لذّت حاصل نہ کرنا، یہ شان فرشتوں کی ہے، پس روزہ رکھ کر انسان دوسرے حیوانوں سے ممتاز ہوتا ہے اور فرشتوں سے ایک طرح کی مناسبت اس کو حاصل ہو جاتی ہے۔

## روزوں کا خاص فائدہ

روزہ کا ایک خاص فائدہ یہ ہے کہ اس کی وجہ سے آدمی میں تقویٰ اور

Marfat.com

پرہیزگاری کی صفت پیدا ہوتی ہے اور اپنی نفسانی خواہشات پر قابو پانے کی طاقت آتی ہے اور اللہ کے حکم کے مقابلے میں اپنے نفس کی خواہش اور جی کی چاہت کو دبانے کی عادت پڑتی ہے اور روح کی ترقی اور تربیت ہوتی ہے لیکن یہ سب باتیں جب حاصل ہو سکتی ہے کہ روزہ رکھنے والا خود بھی ان کے حاصل کرنے کا ارادہ رکھے اور روزے میں ان تمام باتوں کا لحاظ رہے جن کی ہدایت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمائی ہے یعنی کھانے پینے کے علاوہ تمام چھوٹے بڑے گناہوں سے بھی پرہیز کرے، نہ جھوٹ بولے نہ غیبت کرے نہ کسی سے لڑے جھگڑے۔ الغرض روزہ کے زمانہ میں تمام ظاہری اور باطنی گناہوں سے پوری طرح بچے جیسا کہ حدیثوں میں اس کی تاکید کی گئی ہے چنانچہ ایک حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے ارشاد فرمایا "جب تم میں سے کسی کے روزے کا دن ہو تو چاہیے کہ کوئی گندی اور بری بات اس کی زبان سے نہ نکلے اور وہ شور و شغب بھی نہ کرے اور اگر کوئی آدمی اس سے جھگڑا کرے اور اس کو گالیاں دے تو اس سے بس یہ کہہ دے کہ میں روزے سے ہوں (اس لیے تمہاری گالیوں کے جواب میں بھی گالی نہیں دے سکتا) ایک اور حدیث ہے، حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم نے ارشاد فرمایا "جو شخص روزے میں بھی غلط گوئی اور غلط کاری نہ چھوڑے تو اللہ کو اس کے کھانا پانی چھوڑنے کی کوئی ضرورت

Marfat.com

اور کوئی پرواہ نہیں"۔ (بخاری) ایک اور حدیث میں ہے، رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا "کتنے ہی ایسے روزے دار ہوتے ہیں (جو روزے میں بری باتوں اور برے کاموں سے پرہیز نہیں کرتے اور اس وجہ سے) ان کے روزوں کا حاصل بھوک پیاس کے سوا کچھ بھی نہیں ہوتا"۔ (دارمی)

الغرض روزہ کے اثر سے روح میں پاکیزگی اور تقویٰ اور پرہیزگاری کی صفت اور نفسانی خواہشات پر قابو پانے کی طاقت جب ہی پیدا ہوگی جبکہ کھانے پینے کی طرح دوسرے تمام چھوٹے بڑے گناہوں سے بھی پرہیز کیا جائے اور خاص کر جھوٹ، غیبت اور گالی گلوچ وغیرہ سے زبان کی حفاظت کی جائے۔ بہر حال اگر اس طرح کے مکمل روزے رکھے جائیں تو انشاء اللہ وہ سب فائدے حاصل ہو سکتے ہیں جن کا اوپر ذکر کیا گیا، اور ایسے روزے آدمی کو فرشتہ صفت بنا سکتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو توفیق دے کہ روزہ کی حقیقت اور اس کی قدر و قیمت کو سمجھیں اور اس کے ذریعہ اپنے اندر تقویٰ اور پرہیزگاری کی صفات پیدا کریں۔ روزہ کے متعلّق یہاں عاجز نے بہت ہی مختصر لکھا ہے جو حضرات روزہ کی اہمیّت و فضیلت اور اس کی تاثیرات کے بارے میں اس سے زیادہ تفصیل چاہیں وہ میرا رسالہ "برکاتِ رمضان" ملاحظہ فرمائیں، اِس موضوع پر وہ مستقل اور بہت جامع رسالہ ہے۔

Marfat.com

# پانچواں باب

# حج

## حج کی فرضیّت

اسلام کے ارکان میں سے آخری رکن حج ہے، قرآن شریف میں حج کی فرضیت کا اعلان کرتے ہوئے فرمایا گیا ہے:

| | |
|---|---|
| وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ | اور اللہ کے واسطے بیت اللہ کا حج کرنا |
| مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا ۭ | فرض ہے ان لوگوں پر جو وہاں تک پہنچنے کی |
| وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ | استطاعت رکھتے ہوں اور جو لوگ نہ مانیں |
| عَنِ الْعٰلَمِيْنَ ۝ (سورۂ آل عمران ع ۱۰) | تو اللہ بے نیاز ہے سب دنیا سے۔ |

اس آیت میں حج کے فرض ہونے کا اعلان بھی فرمایا گیا ہے اور ساتھ ہی یہ بھی بتلایا گیا ہے کہ وہ صرف ان لوگوں پر فرض ہے جو وہاں پہنچنے کی طاقت اور حیثیت رکھتے ہوں اور آیت کے آخری حصے میں اس طرف بھی اشارہ ہے کہ جن لوگوں کو اللہ نے حج کرنے کی استطاعت اور طاقت دی ہو اور وہ ناشکری سے حج نہ کریں (جیسے کہ آجکل کے بہت سے مالدار نہیں کرتے) تو اللہ تعالیٰ سب سے بے نیاز اور

Marfat.com

بے پرواہ ہے، اس لیے ان کے حج نہ کرنے سے اس کا تو کچھ نہیں بگڑے گا البتہ اس ناشکری اور کفرانِ نعمت کی وجہ سے یہ ناشکرے بندے خود ہی اس کی رحمت سے محروم رہ جائیں گے اور ان کا انجام خدانخواستہ بہت بُرا ہوگا۔ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کی ایک حدیث میں ہے کہ جس کسی کو اللہ نے اتنا مال دیا ہو کہ وہ حج کر سکے لیکن اس کے باوجود وہ حج نہ کرے تو کوئی پرواہ نہیں ہے کہ خواہ وہ یہودی ہو کر مرے یا نصرانی۔ بھائیو اگر ہمارے دلوں میں ایمان و اسلام کی کچھ بھی قدر ہو اور اللہ و رسول سے کچھ بھی تعلق ہو تو اس حدیث کے معلوم ہو جانے کے بعد ہم میں سے کسی ایسے شخص کو حج سے محروم نہ رہنا چاہیے جو وہاں پہنچ سکتا ہو۔

## حج کی فضیلتیں اور برکتیں

بہت سی حدیثوں میں حج کی اور حج کرنے والوں کی بڑی فضیلتیں آئی ہیں یہاں ہم صرف دو تین حدیثیں ذکر کرتے ہیں، ایک حدیث میں ہے کہ حج اور عمرہ کے لیے جانے والے لوگ اللہ تعالیٰ کے خاص مہمان ہیں، وہ اللہ سے دعا کریں تو اللہ ان کی دعا قبول کرتا ہے اور مغفرت مانگیں تو ان کو بخش دیتا ہے"۔ ایک دوسری حدیث میں ہے کہ "جو شخص حج کرے اور اس میں کوئی فحش اور بیہودہ حرکت نہ کرے اور اللہ کی نافرمانی نہ کرے تو وہ گناہوں سے

Marfat.com

ایسا پاک صاف ہو کے واپس آئے گا جیسا کہ وہ اپنی پیدائش کے وقت بالکل بے گناہ تھا" ایک اور حدیث میں ہے کہ حج مبرور (یعنی وہ حج جو خلوص کے ساتھ اور بالکل ٹھیک ٹھیک ادا کیا گیا ہو اور اس میں کوئی بُرائی اور خرابی نہ ہوئی ہو تو اس) کی جزا صرف جنّت ہی جنّت ہے"

## حج کی نقد لذتیں

حج کی برکت سے گناہوں کی معافی اور جنّت کی نعمتیں جو حاصل ہوتی ہیں وہ تو انشاء اللہ پوری طرح آخرت میں ملیں گی لیکن اللہ تعالیٰ کی خاص تجلّی گاہ اور اس کے انوار کے خاص مرکز بیت اللہ شریف کو دیکھ کر اور مکۂ معظمہ کے ان خاص مقامات پر پہنچ کر جہاں حضرت ابراہیم و اسمٰعیل علیہما السلام کی اور ہمارے نبی رسول سیدنا حضرت محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم کی خاص یادگاریں اب تک موجود ہیں ایمان والوں کو جو لذّت اور دولت حاصل ہوتی ہے وہ بھی اس دنیا میں جنّت ہی کی نعمت ہے۔ پھر مدینۂ طیّبہ میں روضۂ اقدس کی زیارت اور حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کی مسجد شریف میں نمازیں پڑھنا اور براہِ راست حضورؐ سے مخاطب ہو کر صلوٰۃ وسلام عرض کرنا، طَیْبَہ کی گلیوں میں اور وہاں کے جنگلوں میں پھرنا، وہاں کی ہوائیں سانس لینا اور وہاں کی مقدّس زمین اور ہوا میں بسی ہوئی خوشبو سے دماغ کا معطر ہونا اور حضورؐ کو یاد کر کے شوق و محبّت میں خوش ہونا کبھی ہنسنا اور کبھی

Marfat.com

رو پڑتا، یہ وہ لذتیں ہیں جو حج کرنے والوں کو مکہ مکرمہ اور مدینہ طیبہ پہنچ کر نقد حاصل ہوتی ہیں، بشرطیکہ اللہ تعالےٰ اس قابل بنا دے کہ ان لذتوں کو بندہ محسوس کر سکے۔ آؤ سب دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ محض اپنے فضل و کرم سے یہ لذتیں اور دولتیں ہم کو نصیب فرمائے۔

## اسلام کی پانچ بنیادیں

اسلام کی جن پانچ بنیادی تعلیمات کا یہاں تک بیان ہوا یعنی کلمہ[۱]، نماز[۲]، روزہ[۳]، زکوٰۃ[۴]، حج[۵]۔ یہ پانچوں "ارکانِ اسلام" کہے جاتے ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مشہور حدیث ہے، آپؐ نے فرمایا، کہ "اسلام کی بنیاد ان پانچ چیزوں پر قائم ہے، ایک لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ کی شہادت دینا دوسرے نماز قائم کرنا تیسرے زکوٰۃ دینا، چوتھے رمضان کے روزے رکھنا، اور پانچویں بیت اللہ کا حج کرنا۔ ان کے لیے جو وہاں تک پہنچ سکتے ہوں" ان پانچ چیزوں کے ارکان اسلام اور بنیاد اسلام ہونے کا مطلب یہ ہے کہ یہ اسلام کے بنیادی فرائض ہیں اور ان پر اچھی طرح عمل کرنے سے اسلام کے باقی احکام پر عمل کرنے کی بھی صلاحیت پیدا ہو جاتی ہے۔ یہاں ہم نے ان ارکان کی صرف اہمیت اور فضیلت بیان کی ہے ان کے تفصیلی مسائل فقہ کی معتبر کتابوں میں دیکھے جائیں یا علما سے دریافت کیے جائیں

Marfat.com

## چھٹا باب

# تقویٰ اور پرہیزگاری

تقویٰ اور پرہیزگاری کی تعلیم بھی اسلام کی اصولی اور بنیادی تعلیمات میں سے ہے۔ تقوے کا مطلب یہ ہے کہ آخرت کے حساب اور جزا و سزا پر یقین رکھتے ہوئے اور اللہ کی پکڑ اور اس کے عذاب سے ڈرتے ہوئے تمام بُرے کاموں اور بُری باتوں سے بچا جائے اور اللہ تعالیٰ کے حکموں پر چلا جائے یعنی جو چیزیں اللہ تعالیٰ نے ہم پر فرض کی ہیں اور اپنے جن بندوں کے جو حق ہم پر لازم اور مقرّر کیے ہیں ان کو ہم ادا کریں اور جن کاموں اور جن باتوں کو حرام اور ناجائز کر دیا ہے ہم ان سے بچیں اور ان کے پاس بھی نہ جائیں اور اس کے عذاب سے ڈرتے رہیں۔ قرآن و حدیث میں بڑی تاکید کے ساتھ اور بار بار اس تقوے کی تعلیم دی گئی ہے ہم صرف چند آیتیں اور حدیثیں یہاں درج کرتے ہیں۔ سورۂ آل عمران میں ارشاد ہے۔

| | |
|---|---|
| يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اتَّقُوا اللَّهَ حَقَّ تُقَاتِهِ وَلَا تَمُوتُنَّ إِلَّا وَأَنْتُمْ مُسْلِمُونَ ٥ | اے ایمان والو اللہ سے ڈرو جیسا کہ اس سے ڈرنا چاہیے (اور آخری دم تک اسی تقوے کے تحت اس کی فرمانبرداری کرتے رہو یہاں تک کہ) |

Marfat.com

تم کو اِسی فرمانبرداری کی حالت میں موت آئے۔

اور سورۃ تغابن میں فرمایا:

| | |
|---|---|
| فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوْا وَاَطِيْعُوْا ؕ | اللہ سے ڈرو اور تقویٰ اختیار کرو جس قدر بھی تم سے ہو سکے اور اس کے سارے حکم سنو اور مانو |

اور سورۃ حشر میں فرمایا گیا ہے:

| | |
|---|---|
| يٰاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ ۚ وَاتَّقُوا اللّٰهَ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌ بِمَا تَعْمَلُوْنَ | اے ایمان والو اللہ سے ڈرو (اور تقویٰ اختیار کرو) اور ہر شخص کو چاہیے کہ وہ دیکھے اور غور کرے کہ اس نے کل کے لیے (یعنی آخرت کیلیے) کیا عمل کیے ہیں اور دیکھو اللہ سے ڈرتے رہو وہ تمہارے سب عملوں سے پوری طرح باخبر ہے۔ |
| (الحشر ع ۳) | |

قرآن شریف ہی سے معلوم ہوتا ہے کہ جو لوگ اللہ تعالیٰ سے ڈریں اور تقویٰ اور پرہیزگاری کے ساتھ زندگی گزاریں، دنیا میں بھی ان پر اللہ تعالیٰ کا خاص فضل و کرم ہوتا ہے اور اللہ تعالیٰ ان کی بڑی مدد کرتا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَمَنْ يَّتَّقِ اللّٰهَ يَجْعَلْ لَّهٗ مَخْرَجًا ۙ وَّيَرْزُقْهُ مِنْ حَيْثُ لَا يَحْتَسِبُ ؕ | اور جو لوگ ڈریں اللہ سے (اور تقوے والی زندگی گزاریں) تو اللہ ان کے لیے مشکلات سے نکلنے کے راستے پیدا کرتا ہے اور ان کو ایسے طریقوں سے رزق دیتا ہے جس کا ان کو گمان بھی نہیں ہوتا |
| (الطلاق ع ۱۰) | |

Marfat.com

قرآن شریف ہی سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ جن لوگوں میں تقویٰ ہوتا ہے وہ اللہ کے ولی ہوتے ہیں اور پھر ان کو کسی دوسری چیز کا ڈر اور رنج بالکل نہیں ہوتا

اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۝ اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَكَانُوْا يَتَّقُوْنَ ۝ لَهُمُ الْبُشْرٰى فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِى الْاٰخِرَةِ ط (یونس ع ۷)

یاد رکھنا چاہیے کہ اللہ کے جو ولی ہوتے ہیں انھیں کوئی خوف اور غم نہیں ہوتا۔ یہ وہ لوگ ہوتے ہیں جو سچے مومن اور متقی ہوں۔ ان کے واسطے بشارت ہے دنیا کی زندگی میں بھی اور آخرت میں بھی۔

ان متقی اور پرہیزگار لوگوں کو جو نعمتیں آخرت میں ملنے والی ہیں ان کا کچھ ذکر اس آیت میں کیا گیا ہے:

قُلْ اَؤُنَبِّئُكُمْ بِخَيْرٍ مِّنْ ذٰلِكُمْ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتٌ تَجْرِىْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَاَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَّرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ ط وَاللّٰهُ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ ۝ (آل عمران ع ۲)

(اے رسولؐ! ان لوگوں سے) آپ کہیے کیا میں تمھیں وہ چیز بتاؤں جو تمہاری اس دنیا کی تمام مرغوب چیزوں اور لذتوں سے بہت بہتر ہو؟ (سنو) ان لوگوں کیلیے جو اللہ سے ڈریں اور تقویٰ والی زندگی اختیار کریں انکے مالک کے پاس ایسے باغہائے جنت ہیں جن کے نیچے نہریں چلتی ہیں ان میں وہ ہمیشہ ہمیشہ رہیں گے اور ایسی بیبیاں جو بہت صاف ستھری ہیں (اور ان کیلیے) اللہ کی رضامندی اور خوشنودی ہے اور اللہ تعالیٰ خوب دیکھتا ہے اپنے سب بندوں کو سب کے ظاہر و باطن کا حال اسکی نظر میں ہے

Marfat.com

اس سلسلہ میں سورۂ صٓ کی یہ آیت اور سن لیجیے:

وَاِنَّ لِلْمُتَّقِیْنَ لَحُسْنَ مَاٰبٍ ۝ جَنّٰتِ عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ الْاَبْوَابُ ۝ مُتَّكِـِٕیْنَ فِیْهَا یَدْعُوْنَ فِیْهَا بِفَاكِهَةٍ كَثِیْرَةٍ وَّشَرَابٍ ۝ وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ اَتْرَابٌ ۝ هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِیَوْمِ الْحِسَابِ ۝ اِنَّ هٰذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهٗ مِنْ نَّفَادٍ ۝ (صٓ ع ۴)

اور یقیناً متقی بندوں کیلیے بہت ہی اچھا ٹھکانا ہے باغ ہیں سدا بہار ہمیشہ رہنے کے، کھلے ہوئے ہیں ان کیلیے دروازے، بیٹھے ہیں ان میں تکیے لگائے، منگاتے ہیں (خادموں سے) میوے اور شربت اور انکے پاس بیٹھی ہیں نیچی نگاہ والیاں، سب ایک عمر کی۔ یہ ہے وہ انعام جس کا وعدہ کیا جا رہا ہے تم سے روز حساب کے لیے۔ بیشک یہ ہے ہمارا رزق جس کے لیے کبھی نبڑنا نہیں۔

اور قرآن مجید ہی میں متقی بندوں کو یہ بھی خوش خبری سنائی گئی ہے کہ اپنے پروردگار کا خاص الخاص قرب ان کو نصیب ہوگا، سورۂ قمر کی آخری آیت ہے:

اِنَّ الْمُتَّقِیْنَ فِیْ جَنّٰتٍ وَّنَهَرٍ ۝ فِیْ مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِیْكٍ مُّقْتَدِرٍ ۝ (قمر ع ۳)

متقی بندے (آخرت میں) جنت کے باغات اور نہروں میں رہیں گے ایک عمدہ مقام میں کامل اقتدار رکھنے والے کائنات کے حقیقی بادشاہ کے قریب۔

قرآن مجید میں یہ بھی اعلان فرمایا گیا ہے کہ اللہ کے نزدیک عزت و شرافت کا مدار بس تقوے پر ہے۔

اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ (الحجرات، ع ۲)

تم سب سے زیادہ با عزت اللہ کے نزدیک وہ ہے جو تقوے میں بڑا ہے۔

Marfat.com

اسی طرح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی ایک حدیث میں ارشاد فرمایا ہو "مجھ سے زیادہ قریب اور مجھے زیادہ پیارے وہی لوگ ہیں جن میں تقوے کی صفت ہے خواہ وہ کسی قوم و نسل سے ہوں اور کسی بھی ملک میں رہتے ہوں۔" تقوے (یعنی خدا کا خوف اور آخرت کی فکر) ساری نیکیوں کی جڑ ہے، جس شخص میں جتنا تقویٰ ہوگا اس میں اتنی ہی نیکیاں اور اچھائیاں جمع ہوں گی اور اتنا ہی وہ بُرے کاموں اور بُری باتوں سے دُور ہوگا۔ حدیث شریف میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی نے آپؐ سے عرض کیا کہ حضرت میں نے حضورؐ کے بہت سے ارشادات اور بہت سی ہدایات سُنی ہیں اور مجھے خطرہ ہے کہ یہ ساری ہدایتیں اور نصیحتیں مجھے یاد نہ رہ سکیں، اس لیے حضور کوئی ایک جامع نصیحت فرمادیں جو میرے لیے کافی ہو۔ آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ اپنے علم اور واقفیت کی حد تک خدا سے ڈرتے رہو اور اسی ڈر اور فکر اور تقوے کے ساتھ زندگی گزارو۔" یعنی اگر یہی ایک بات تم نے یاد رکھی اور عمل کیا تو بس یہی تمھارے لیے کافی ہے۔ ایک دوسری حدیث میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، "جسے خوف ہوگا وہ سویرے چل پڑے گا اور جو سویرے چل دے گا وہ بروقت منزل پر پہنچ جائے گا۔" پس خوش نصیب اور کامیاب وہی ہیں جو خدا سے ڈریں اور آخرت کی فکر کریں۔ خدا کے خوف سے اور اس کے عذاب کے

Marfat.com

ڈر سے اگر ایک آنسو بھی آنکھ سے نکل آئے تو اللہ تعالیٰ کے یہاں اسکی بڑی قدر ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ "اللہ تعالیٰ کو انسان کے دو قطروں اور اس کے دو نشانوں سے زیادہ کوئی چیز پیاری نہیں، پس دو قطرے جو اللہ کو بہت پیارے ہیں ان میں سے ایک تو آنسو کا وہ قطرہ ہے جو اللہ کے خوف سے کسی آنکھ سے نکلا ہو اور دوسرا خون کا وہ قطرہ ہے جو راہِ خدا میں کسی کے جسم سے بہا ہو اور جو دو نشان اللہ کو بہت محبوب ہیں ان میں ایک تو وہ نشان ہے جو راہِ خدا میں کسی کو لگا ہو (یعنی جہاد میں زخم لگا ہو اور اس کا نشان رہ گیا ہو) اور دوسرا وہ نشان جو اللہ کے فرائض ادا کرنے سے پڑ گیا ہو (جیسا کہ نمازیوں کی پیشانیوں اور گھٹنوں میں ہو جاتا ہے)" ایک دوسری حدیث میں ہے: "ایسا آدمی کبھی دوزخ میں نہیں جا سکتا جو اللہ کے خوف سے رو تا ہو" الغرض خدا کا سچا خوف اور آخرت کی فکر اگر کسی کو نصیب ہو تو بڑی بات ہے، اور اس خوف اور فکر سے آدمی کی زندگی سونا بن جاتی ہے۔ بھائیو! خوب سمجھ لو! اس چند روزہ دنیا میں جو خدا سے ڈرتا رہے گا مرنے کے بعد آخرت کی زندگی میں اس کو کوئی خوف اور رنج و غم نہ ہوگا اور وہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے ہمیشہ ہمیشہ خوش و خرم اور بڑے چین و آرام سے رہے گا اور جو یہاں خدا سے نہ ڈرے گا اور آخرت کی فکر نہ کرے گا اور دنیا ہی کی لذتوں میں مست رہے گا وہ آخرت میں بڑے دکھ اٹھائے

گا اور ہزاروں برس خون کے آنسو روئے گا۔

---

تقویٰ یعنی خوفِ خدا اور فکرِ آخرت پیدا ہونے کا سب سے زیادہ مؤثر ذریعہ اللہ کے ان نیک بندوں کی صحبت ہے جو خدا سے ڈرتے ہوں اور اس کے حکموں پر چلتے ہوں۔ دوسرا ذریعہ دین کی اچھی معتبر کتابوں کا پڑھنا اور سننا ہے اور تیسرا ذریعہ یہ ہے کہ تنہائی میں بیٹھ بیٹھ کر اپنی موت کا خیال کیا کرے اور مرنے کے بعد اللہ تعالیٰ کی طرف سے نیکیوں پر جو ثواب اور گناہوں پر جو عذاب ملنے والا ہے اس کو یاد اور اس کا دھیان کیا کرے اور اپنی حالت پر غور کیا کرے اور سوچا کرے کہ قبر میں میرا کیا حال ہوگا اور قیامت میں جب سب بندے اُٹھائے جائیں گے تو میری کیا حالت ہوگی اور جب خدا کے سامنے پیشی ہوگی اور میرا نامۂ اعمال میرے سامنے کھولا جائے گا تو میں کیا جواب دوں گا اور کہاں منہ چھپاؤں گا۔ جو شخص ان طریقوں کو استعمال کرے گا انشاء اللہ اس کو ضرور تقویٰ نصیب ہو جائے گا، اللہ تعالیٰ ہم سب کو نصیب کرے۔

آمین

---

Marfat.com

# ساتواں باب

# معاملات میں سچّائی و ایمان داری

## اور

# اکلِ حلال و حقوق العباد کی اہمیّت

معاملات میں سچائی اور ایمان داری کی تعلیم بھی اسلام کی اصولی و بنیادی تعلیمات میں سے ہے۔ قرآن شریف سے اور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کی حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ اصلی مسلمان وہی ہے جو اپنے معاملات میں اور کاروبار میں سچّا اور ایماندار ہو، عہد کا پکّا اور وعدے کا سچّا ہو، یعنی دھوکہ، فریب اور امانت میں خیانت نہ کرتا ہو، کسی کا حق نہ مارتا ہو، ناپ تول میں کمی نہ کرتا ہو، جھوٹے مقدمے نہ لڑاتا ہو اور نہ جھوٹی گواہی دیتا ہو، سود اور رشوت جیسی تمام حرام کمائیوں سے بچتا ہو اور جس میں یہ بُرائیاں موجود ہوں، قرآن وحدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ خالص مومن اور اصلی مسلمان نہیں ہے بلکہ ایک طرح کا منافق ہے اور سخت درجہ کا فاسق ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو ان تمام بری باتوں سے بچائے۔ اِس بارے میں

Marfat.com

قرآن و حدیث میں جو سخت تاکیدیں آئی ہیں ان میں سے چند ہم یہاں بھی درج کرتے ہیں۔ قرآن شریف کی مختصر سی آیت ہے:

یَا اَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لَا تَاْکُلُوْآ اَمْوَالَکُمْ بَیْنَکُمْ بِالْبَاطِلِ
اے ایمان والو! تم کسی غلط اور ناجائز طریقے سے دوسروں کا مال نہ کھاؤ۔

اِس آیت نے کمائی کے ان تمام طریقوں کو مسلمانوں کے لیے حرام کر دیا ہے جو غلط اور باطل ہیں جیسے دھوکہ فریب کی تجارت، امانت میں خیانت، جوا، سٹہ، اور سود، رشوت وغیرہ۔ پھر دوسری آیتوں میں الگ الگ تفصیل بھی کی گئی ہے مثلاً جو دکاندار اور سوداگر ناپ تول میں دھوکہ بازی اور بے ایمانی کرتے ہیں ان کے متعلق خصوصیت سے ارشاد ہے:

وَیْلٌ لِّلْمُطَفِّفِیْنَ الَّذِیْنَ اِذَا اکْتَالُوْا عَلَی النَّاسِ یَسْتَوْفُوْنَ ۝ وَاِذَا کَالُوْھُمْ اَوْ وَّزَنُوْھُمْ یُخْسِرُوْنَ ۝ اَلَا یَظُنُّ اُولٰٓئِکَ اَنَّھُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ ۝ لِیَوْمٍ عَظِیْمٍ ۝ یَّوْمَ یَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ (سورۃ تطفیف)

ان کم دینے والوں کیلیے بڑی تباہی (اور بڑا عذاب ہے) جو دوسرے لوگوں سے جب ناپ کر لیتے ہیں تو پورا لیتے ہیں اور جب خود دوسروں کیلیے ناپتے ہیں تو کم دیتے ہیں کیا انکو یہ خیال نہیں ہے کہ وہ ایک بہت بڑے دن اٹھائے جائینگے جس دن کہ سارے لوگ جزا و سزا کے لیے رب العلمین کے حضور میں حاضر ہوں گے۔

دوسروں کے حقوق دوسروں کی امانتیں ادا کرنے کیلیے خاص طور سے حکم ملا ہے

Marfat.com

اِنَّ اللّٰهَ يَأْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰٓى اَهْلِهَا (سورۃ النساء) — اللہ تعالیٰ تم کو حکم دیتا ہے کہ جن لوگوں کی جو امانتیں (اور جو حق) تم پر ہوں وہ ان کو ٹھیک ٹھیک ادا کرو۔

اور قرآن شریف ہی میں دو جگہ[1] مسلمانوں کی یہ صفت اور پہچان بتلائی گئی ہے:

وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَعَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ ۝ — وہ جو امانتوں کے ادا کرنے والے اور وعدوں کا پاس رکھنے والے ہیں۔

اور حدیث شریف میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اکثر خطبوں اور وعظوں میں فرمایا کرتے تھے کہ "یاد رکھو، جس میں امانت کا وصف نہیں، اس میں ایمان بھی نہیں اور جس کو اپنے عہد اور وعدے کا پاس نہیں، اس کا دین میں کچھ حصہ نہیں"۔ ایک اور حدیث میں ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، "منافق کی تین نشانیاں ہیں، جھوٹ بولنا، امانت میں خیانت کرنا اور وعدہ پورا نہ کرنا"۔ تجارت اور سوداگری میں دھوکہ فریب کرنے والوں کے متعلق آپؐ نے فرمایا: "جو دھوکہ بازی کرے وہ ہم میں سے نہیں اور مکر و فریب دوزخ میں لے جانے والی چیز ہے"۔ یہ بات حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس وقت

[1] ایک "سورۃ مومنون" میں اور دوسرے "سورۃ معارج" میں

Marfat.com

ارشاد فرمائی جب کہ ایک دفعہ مدینے کے بازار میں آپ نے ایک شخص کو دیکھا کہ بیچنے کے لیے اس نے غلّے کا ڈھیر لگا رکھا ہے لیکن اوپر سوکھا غلّہ ڈال رکھا ہے اور اندر کچھ تری ہے، اُس پر حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم نے یہ ارشاد فرمایا تھا کہ "ایسے دھوکے باز ہماری جماعت سے خارج ہیں"۔ پس جو دکاندار گاہکوں کو مال کا اچھا نمونہ دکھائیں اور جو عیب ہو اُس کو ظاہر نہ کریں تو حضورؐ کی اس حدیث کے مطابق وہ سچّے مسلمانوں میں سے نہیں ہیں اور خدا نہ کرے وہ دوزخ میں جانے والے ہیں۔ ایک اور حدیث میں ہے حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم نے ارشاد فرمایا کہ "جو کوئی ایسی چیز کسی کے ہاتھ بیچے جس میں کوئی عیب اور خرابی ہو اور گاہک پر وہ اس کو ظاہر نہ کرے تو ایسا آدمی ہمیشہ اللہ کے غضب میں گرفتار رہے گا (اور ایک روایت میں ہے) کہ ہمیشہ اس پر اللہ کے فرشتے لعنت کرتے رہیں گے"۔ بہر حال اسلامی تعلیم کی رُو سے تجارت اور کاروبار میں ہر قسم کی دغابازی اور جعل سازی حرام اور لعنتی کام ہے اور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے ایسا کرنے والوں سے اپنی بے تعلّقی کا اعلان فرمایا ہے اور ان کو اپنی جماعت سے خارج بتلایا ہے۔ اِسی طرح سود اور رشوت کا لین دین بھی (اگرچہ دونوں طرف کی رضامندی سے ہو) قطعاً حرام ہے اور ان کے لینے دینے والوں پر حدیثوں میں صاف صاف لعنت آئی ہے۔ سود کے متعلّق تو مشہور حدیث ہے

Marfat.com

کہ حضورؐ نے فرمایا: "اللہ کی لعنت ہو سود کے لینے والے پر اور دینے والے پر اور سودی دستاویز لکھنے والے پر اور اُس کے گواہوں پر۔" اور اسی طرح رشوت کے بارے میں حدیث شریف میں ہے کہ "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم نے لعنت فرمائی ہے رشوت کے لینے والے پر اور دینے والے پر۔" ایک حدیث میں یہاں تک ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا کہ "جس شخص نے کسی آدمی کے لیے کسی معاملے میں (جائز) سفارش کی، پھر اس آدمی نے اس سفارش کرنے والے کو کوئی تحفہ دیا اور اس نے یہ تحفہ قبول کر لیا تو یہ بھی اس نے بڑا گناہ کیا (گویا یہ بھی ایک طرح کی رشوت اور قسم کا سودا ہو)"

بہرحال رشوت اور سود کا لین دین اور تجارت میں دھوکہ بازی اور بے ایمانی اسلام میں یہ سب یکساں طور پر حرام ہیں اور ان سب سے بڑھ کر حرام یہ ہے کہ جھوٹی مقدمہ بازی کے ذریعہ یا محض زبردستی سے کسی دوسرے کی کسی چیز پر ناجائز قبضہ کر لیا جائے۔ ایک حدیث میں ہے رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا: "جس شخص نے کسی کی زمین کے کچھ بھی حصّے پر ناجائز قبضہ کیا تو قیامت کے دن اس کو یہ عذاب دیا جائے گا کہ زمین کے اس ٹکڑے کے ساتھ وہ زمین میں دھنسا دیا جائے گا، یہاں تک کہ سب سے نیچے کے طبقے تک دھنستا چلا جائے گا۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ جس شخص نے (حاکم کے سامنے) جھوٹی قسم کھا کر کسی مسلمان کی کسی چیز کو ناجائز

Marfat.com

طریقے سے حاصل کر لیا تو اللہ نے اس کے لیے دوزخ کی آگ واجب کر دی اور جنّت اس کے لیے حرام کر دی ہے۔" یہ سن کر کسی شخص نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ" اگرچہ وہ کوئی معمولی ہی چیز ہو؟" آپ نے ارشاد فرمایا کہ ہاں! اگرچہ وہ پیلو کے جنگلی درخت کی ایک ٹہنی ہی کیوں نہ ہو"۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم نے ایک مقدمہ باز کو آگاہ کرتے ہوئے ارشاد فرمایا، کہ" دیکھو! جو شخص جھوٹی قسم کھا کر کسی دوسرے کا کوئی بھی مال ناجائز طریقے سے حاصل کرے گا وہ قیامت میں اللہ کے سامنے کوڑھی ہو کر پیش ہوگا۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا جس کسی نے کسی ایسی چیز پر دعویٰ کیا جو واقعہ میں اس کی نہیں ہے تو وہ ہم میں سے نہیں ہے اور اسے چاہیے کہ دوزخ میں اپنی جگہ بنا لے اور جھوٹی گواہی کے متعلق ایک حدیث میں ہے کہ" حضور صلی اللہ علیہ وسلّم ایک دن صبح کی نماز سے فارغ ہو کر کھڑے ہو گئے اور آپ نے ایک خاص انداز میں تین دفعہ فرمایا کہ جھوٹی گواہی شرک کے برابر کر دی گئی ہے"۔

## حرام مال کی نجاست اور نحوست

مال حاصل کرنے کے جن ناجائز اور حرام ذریعوں کا اوپر ذکر کیا گیا ہے ان کے ذریعے جو مال بھی حاصل ہوگا وہ حرام اور ناپاک ہوگا اور جو شخص اس

Marfat.com

کو اپنے کھانے پہننے میں استعمال کرے گا، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ اس کی نمازیں قبول نہ ہوں گی، دعائیں قبول نہ ہوں گی حتیٰ کہ اگر وہ اس سے کوئی نیک کام کرے گا تو وہ بھی اللہ کے یہاں قبول نہ ہوگا اور آخرت میں اللہ کی خاص رحمتوں سے وہ محروم رہے گا۔ ایک حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جو شخص (کسی ناجائز طریقے سے) کوئی حرام مال حاصل کرے گا اور اس سے صدقہ کرے گا تو اس کا یہ صدقہ قبول نہ ہوگا اور اس میں جو کچھ (اپنی ضرورتوں اور مصلحتوں میں) خرچ کرے گا اس میں برکت نہ ہوگی اور اگر اس کو ترکہ میں چھوڑ کر مرے گا تو وہ اس کے لیے جہنم کا توشہ ہوگا۔ یقین کرو کہ اللہ تعالیٰ بدی کو بدی سے نہیں مٹاتا (یعنی حرام مال کا صدقہ گناہوں کی بخشش کا ذریعہ نہیں بن سکتا) بلکہ بدی کو نیکی سے مٹاتا ہے، کوئی ناپاکی دوسری ناپاکی کو ختم کر کے اس کو پاک نہیں کر سکتی"۔ ایک دوسری حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ "اللہ تعالیٰ خود پاک ہے اور وہ پاک اور حلال مال ہی کو قبول کرتا ہے۔ پھر آخر حدیث میں آپ نے ایک ایسے شخص کا ذکر فرمایا جو دور دراز کا سفر کر کے (کسی خاص متبرک مقام پر دعا کرنے کے لیے) اس حال میں آئے کہ اس کے بال پراگندہ ہوں اور سر سے پاؤں تک وہ غبار میں اٹا ہوا ہو اور آسمان کی طرف دونوں ہاتھ اٹھا اٹھا

Marfat.com

کے وہ خوب الحاح کے ساتھ دعا کرے اور کہے اے میرے رب! اے میرے پروردگار! لیکن اس کا کھانا پینا مالِ حرام سے ہو اور اس کا لباس بھی حرام کا ہو اور حرام ہی سے اس کی پرورش ہوئی ہو تو اس حالت میں اس کی یہ دعا کیونکر قبول ہوگی۔ مطلب یہ ہے کہ جب کھانا پینا سب حرام مال سے ہو تو دعا کی قبولیت کا کوئی استحقاق نہیں رہتا۔ ایک دوسری حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا کہ "اگر کوئی شخص ایک کپڑا دس درہم میں خریدے اور ان دس میں سے ایک درہم حرام ذریعے سے آیا ہُوا ہو تو جب تک وہ کپڑا جسم پر رہے گا اس شخص کی کوئی نماز بھی اللہ کے ہاں قبول نہ ہوگی"۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا: "جو جسم حرام مال سے پلا ہو وہ جنّت میں نہ جا سکے گا"۔ بھائیو! اگر ہمارے دلوں میں ذرّہ برابر بھی ایمان ہے تو رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کے ان ارشادات کے سننے کے بعد ہم کو قطعی طور سے طے کر لینا چاہیئے کہ خواہ ہمیں دنیا میں کیسی ہی تنگدستی اور تکلیف سے گزارا کرنا پڑے، ہم کسی ناجائز اور حرام ذریعہ سے کبھی کوئی پیسہ حاصل کرنے کی کوشش نہیں کریں گے اور بس حلال آمدنی ہی پر قناعت کریں گے

## پاک کمائی اور ایماندارانہ کاروبار

پھر اسلام میں جس طرح کمائی کے ناجائز طریقوں کو حرام اور ان سے

Marfat.com

حاصل ہونے والے مال کو خبیث اور ناپاک قرار دیا گیا ہے اسی طرح حلال طریقوں سے روزی حاصل کرنے اور ایمان داری کے ساتھ تجارت اور کاروبار کرنے کی بڑی فضیلت بتائی گئی ہے۔ ایک حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا" حلال کمائی کی تلاش بھی دین کے مقررہ فرائض کے بعد ایک فریضہ ہی ہے"۔ ایک دوسری حدیث میں ہے اپنی محنت سے روزی کمانے کی فضیلت بیان کرتے ہوئے آپؐ نے ارشاد فرمایا کہ" کسی نے اپنی روزی اس سے بہتر طریقے سے حاصل نہیں کی کہ خود اپنے دست و بازو سے اس کے لیے اس نے کام کیا ہو اور اللہ کے نبی داؤد علیہ السلام کا طریقہ بھی تھا کہ وہ اپنے ہاتھ سے کچھ کام کر کے اپنی روزی حاصل کرتے تھے"۔ ایک اور حدیث میں ہے حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ سچائی اور ایمانداری کے ساتھ کاروبار کرنے والا تاجر (قیامت میں) نبیوں اور صدیقوں اور شہیدوں کے ساتھ ہو گا۔

## معاملات میں نرمی اور رحم دلی اور قرضہ ادا کرنے کی سخت تاکید

مالی معاملات اور کاروبار میں جس طرح سچائی اور ایمانداری پر اسلام میں بہت زیادہ زور دیا گیا ہے اور اس کو اعلیٰ درجے کی نیکی اور ذریعۂ قرب خداوندی قرار دیا گیا ہے، اس طرح اس کی بھی بڑی ترغیب دی گئی ہے، اور بڑی فضیلت بیان کی گئی ہے کہ معاملہ اور لین دین میں نرمی کا رویّہ اختیار

Marfat.com

کیا جائے اور سخت گیری سے کام نہ لیا جائے۔ ایک حدیث میں ہے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلّم نے ارشاد فرمایا، اللہ کی رحمت ہو اس بندے پر جو خرید و فروخت میں اور دوسروں سے اپنا حق وصول کرنے میں نرم ہو" ایک دوسری حدیث میں ہے، آپ نے ارشاد فرمایا" جو آدمی اللہ کے کسی غریب اور تنگدست بندے کو (قرض کی ادائیگی میں) مہلت دے دے یا (کلّی یا جزئی طور پر اپنا مطالبہ) معاف کر دے تو اللہ تعالےٰ اس کو قیامت کے دن کی پریشانیوں سے نجات عطا فرما دے گا۔ ایک دوسری روایت میں ہے کہ" قیامت کے دن اللہ تعالےٰ اس کو اپنے سایۂ رحمت میں جگہ دیگا" حضورؐ کے اِن ارشادات کا تعلّق تو تاجروں اور اُن دولت مندوں سے ہے جن سے تنگ حال لوگ اپنی ضرورتوں کے لیے قرض لے لیتے ہیں لیکن جو لوگ کسی سے قرض لیں، خود ان کو رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم اس کی انتہائی تاکید فرماتے تھے کہ جہاں تک ہو سکے وہ جلد سے جلد قرض ادا کرنے کی کوشش کریں اور ایسا نہ ہو کہ قرض دار ہونے کی حالت میں دنیا سے چلے جائیں اور اللہ کے کسی بندے کا حق ان کے ذمّے باقی رہ جائے۔ اِس بارے میں آپ جتنی سختی فرماتے تھے اس کا اندازہ حضورؐ کے ان ارشادات سے ہو سکتا ہے، ایک حدیث میں ہے، آپؐ نے فرمایا کہ اگر آدمی راہِ خدا میں شہید ہو جائے تو شہادت کے طفیل اس کے سارے گناہ بخش دیئے جائینگے۔

Marfat.com

لیکن اگر کسی کا قرض اس کے ذمے ہے تو اس سے اس کی گردن شہید ہو کر بھی نہ چھوٹے گی۔" ایک اور حدیث میں ہے، آپؐ نے ارشاد فرمایا۔ "اس پروردگار کی قسم! جس کے قبضے میں محمدؐ کی جان ہے، اگر کوئی شخص راہِ خدا میں شہید ہو، پھر زندہ ہو اور پھر شہید ہو اور پھر زندہ ہو اور پھر شہید ہو اور پھر اس کے ذمے کسی کا قرض باقی ہو تو (اس قرض کے فیصلے کے بغیر) وہ بھی جنت میں نہیں جا سکے گا۔" مالی معاملات اور حقوق العباد کی نزاکت کا اندازہ کرنے کے لیے بس یہی دو حدیثیں کافی ہیں، اللہ تعالیٰ توفیق دے کہ ہم بھی ان کی اہمیت اور نزاکت کو سمجھیں اور ہمیشہ اس کی کوشش کرتے رہیں کہ کسی بندے کا کوئی حق ہماری گردن پر نہ رہ جائے۔

---

تبلیغی نصاب

Marfat.com

## آٹھواں باب

# معاشرت کے احکام و آداب

اور

## باہمی حقوق

معاشرت کے آداب اور حقوق کی تعلیم بھی اسلام کی خاص اور اہم تعلیمات میں سے ہے اور ایک مسلمان سچا اور پکّا مسلمان جب ہی ہو سکتا ہے جب کہ وہ اسلام کے معاشرتی احکام پر بھی پوری طرح عمل کرے۔ معاشرتی احکام سے ہماری مراد باہمی برتاؤ کے وہ طور طریقے ہیں جو اسلام نے سکھائے ہیں۔ مثلاً یہ کہ اولاد کا رویّہ ماں باپ کے ساتھ کیسا ہو اور ماں باپ کا برتاؤ اولاد کے ساتھ کس طرح کا ہو، ایک بھائی دوسرے بھائی کے ساتھ کس طرح پیش آئے، بہنوں کے ساتھ کس طرح کا سلوک کیا جائے۔ میاں بیوی باہم کس طرح رہیں اور بڑے چھوٹوں کے ساتھ کیسا برتاؤ کریں، پڑوسیوں کے ساتھ ہمارا رویّہ کیا ہو، امیر لوگ غریبوں کے ساتھ کس طرح کا سلوک کریں اور غریب امیروں کے ساتھ کیسا رویّہ رکھیں، آقا کا تعلق ملازم کے ساتھ اور ملازم کا برتاؤ آقا کے ساتھ کیسا ہو؟ الغرض اس دنیوی

Marfat.com

زندگی میں مختلف طبقوں کے جن چھوٹے بڑے لوگوں سے ہمارا واسطہ پڑتا ہے اُن کے ساتھ برتاؤ اور رہن سہن کے بارے میں اسلام نے ہم کو جو نہایت مکمّل اور روشن ہدایتیں دی ہیں، وہی "معاشرت کے احکام و آداب" ہیں اور اس باب میں ہم انھیں کا کچھ بیان کرنا چاہتے ہیں۔

## ماں باپ کے حقوق اور ان کا ادب

اِس دنیا میں انسان کا سب سے پہلا اور سب سے بڑا تعلّق ماں باپ سے ہے، اسلام نے اللہ کے حق کے بعد سب سے بڑا حق ماں باپ ہی کا بتلایا ہے، قرآن شریف میں ہے:

| | |
|---|---|
| وَقَضٰى رَبُّكَ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّآ اِيَّاهُ وَبِالْوَالِدَيْنِ اِحْسَانًا ؕ اِمَّا يَبْلُغَنَّ عِنْدَكَ الْكِبَرَ اَحَدُهُمَآ اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا كَرِيْمًا ۝ وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا | اور تیرے رب نے حتمی حکم دیا ہے کہ اس کے سوا تم کسی کی عبادت اور بندگی نہ کرو۔ اور ماں باپ کے ساتھ اچھائی کرو۔ اگر ان میں سے ایک یا دونوں تمھارے سامنے بڑھاپے کو پہنچ جائیں تو ان کو اُف بھی نہ کہو اور ان سے خفگی کی بات نہ کرو اور ان سے ادب و تمیز سے بولو اور خاکساری و نیازمندی کے ساتھ ان کی اطاعت کرو اور ان کے حق میں خدا سے اس طرح دعا بھی کرتے رہو کہ اے |

Marfat.com

كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ۝ پروردگار! تو ان پر رحمت فرما جس طرح انھوں
(بنی اسرائیل) نے بچپن میں مجھے شفقت سے پالا، پرورش کیا۔

قرآن شریف ہی کی ایک دوسری آیت میں ماں باپ کا حق بیان کرتے ہوئے یہاں تک فرمایا گیا ہے کہ "اگر بالفرض کسی کے ماں باپ کافر و مشرک ہوں اور وہ اولاد کو بھی کفر و شرک کے لیے مجبور کریں تو اولاد کو چاہیے کہ ان کے کہنے سے کفر و شرک تو نہ کرے لیکن دنیا میں ان کے ساتھ اچھا سلوک اور ان کی خدمت پھر بھی کرتی رہے"۔ آیت کے الفاظ یہ ہیں:

وَاِنْ جٰهَدٰكَ عَلٰۤى اَنْ تُشْرِكَ بِيْ مَا لَيْسَ لَكَ بِهٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْهُمَا وَصَاحِبْهُمَا فِي الدُّنْيَا مَعْرُوْفًا (سورۂ لقمان)

قرآن شریف کے علاوہ حدیثوں میں بھی ماں باپ کی خدمت و اطاعت کی بڑی تاکید فرمائی گئی ہے اور ان کی نافرمانی اور ایذا رسانی کو سخت گناہ بتلایا ہے، ایک حدیث میں ہے "ماں باپ کی رضامندی میں اللہ کی رضامندی ہے اور ماں باپ کی ناراضی میں اللہ کی ناراضی ہے"۔ ایک دوسری حدیث میں ہے۔"ایک شخص نے حضورؐ سے دریافت کیا کہ "اولاد پر ماں باپ کے کیا حقوق ہیں؟" آپؐ نے فرمایا "اولاد کی جنّت اور دوزخ ماں باپ ہیں" (یعنی ان کی خدمت سے جنّت مل سکتی ہے اور ان کی نافرمانی اور بدسلوکی دوزخ میں لے جانے والی

Marfat.com

ہے )" ایک اور حدیث میں ہے، آپ نے فرمایا کہ " ماں باپ کی خدمت اور اطاعت کرنے والا لڑکا یا لڑکی جتنی دفعہ بھی محبّت اور عظمت کی نگاہ سے ماں یا باپ کی طرف نظر کرے تو اللہ تعالیٰ ہر دفعہ کے دیکھنے کے بدلے میں ایک مقبول حج کا ثواب اس کے لیے لکھ دیتے ہیں "۔ لوگوں نے حضور سے سوال کیا کہ " حضرت ! اگر وہ روزانہ سو دفعہ دیکھے جب بھی ہر دفعہ کے دیکھنے کے بدلے میں اس کو ایک مقبول حج کا ثواب ملے گا ؟" حضورؐ نے فرمایا " ہاں ! اللہ بہت بڑا ہے اور بہت پاک ہے۔ (مطلب یہ ہے کہ اس کے یہاں کوئی کمی نہیں وہ جس عمل پر جتنا ثواب دینا چاہے دے سکتا ہے ) ایک حدیث میں ہے " جنّت ماں باپ کے پاؤں کے نیچے ہے "۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلّم نے صحابۂ کرامؓ کو سب سے بڑے گناہ یہ بتلائے " اللہ کے ساتھ شرک کرنا، ماں باپ کی نافرمانی اور جھوٹی گواہی دینا "۔ ایک اور حدیث میں ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا " تین قسم کے آدمی ہیں جنکی طرف اللہ تعالیٰ قیامت کے دن رحمت کی نظر سے نہیں دیکھے گا۔ ان میں سے ایک قسم وہ لوگ ہیں جو ماں باپ کی نافرمانی کرتے ہیں "۔

### اولاد کے حقوق :

اسلام نے جس طرح اولاد پر ماں باپ کے حقوق مقرر کیے ہیں اسی

Marfat.com

طرح سے ماں باپ پر بھی اولاد کے کچھ حق رکھے ہیں جہاں تک ان کو کھلانے پلانے اور پہنانے کے حق کا تعلق ہے اُس کے ذکر کی یہاں ضرورت نہیں کیونکہ اولاد کے اس حق کا احساس ہمیں فطری اور طبعی طور پر بھی ہے۔ ہاں اولاد کے جس حق کی ادائیگی میں ہم سے عموماً کوتاہی ہوتی ہے وہ ان کی دینی اور اخلاقی تربیت ہے، اللہ تعالیٰ نے ہم پر فرض کیا ہے کہ ہم اپنی اولاد اور اہل و عیال کی تربیت اور نگرانی اس طرح کریں کہ مرنے کے بعد وہ جہنّم میں نہ جائیں، قرآن شریف میں ہے:

| | |
|---|---|
| یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا قُوْٓا اَنْفُسَكُمْ وَاَهْلِیْكُمْ نَارًا ؕ | اے ایمان والو! اپنے آپ کو اور اپنی آل اولاد کو جہنّم کی آگ سے بچاؤ۔ |

اولاد کی اچھی تربیت کی فضیلت رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے ایک حدیث میں اس طرح بیان فرمائی ہے۔" باپ کی طرف سے اولاد کے لیے اِس سے بہتر کوئی عطیہ نہیں کہ وہ ان کی اچھی تربیت کرے" بعض لوگوں کو اپنی اولاد میں لڑکوں سے زیادہ محبّت اور دلچسپی ہوتی ہے اور بیچاری لڑکیوں کو وہ بوجھ سمجھتے ہیں اور اس واسطے ان کی خبر گیری اور تربیت میں کوتاہی کرتے ہیں اس لیے اسلام میں لڑکیوں کی اچھی تربیت کی خصوصیّت سے تاکید کی گئی ہے اور اس کی بڑی فضیلت بیان کی گئی ہے۔ ایک حدیث میں ہے، آپؐ نے فرمایا کہ جس شخص

Marfat.com

کے بیٹیاں یا بہنیں ہوں اور وہ ان کے ساتھ بہت اچھا سلوک کرے اور ان کو اچھی تربیت دے اور (مناسب جگہ) ان کی شادی کرے تو اللہ تعالیٰ اس کو جنّت دے گا۔"

## میاں بیوی کے حقوق

انسانوں کے باہمی تعلقات میں میاں بیوی کا تعلّق بھی ایک اہم تعلّق ہے اور ان دونوں کا گویا چولی دامن کا ساتھ ہے۔ اس لیے اسلام نے اس کے متعلّق بھی نہایت صاف صاف اور تاکیدی ہدایتیں فرمائی ہیں۔ اس بارے میں اسلام کی تعلیم کا خلاصہ یہ ہے کہ بیوی کو چاہیئے کہ اپنے شوہر کی پوری خیر خواہی اور فرمانبرداری کرے اور اس کی امانت میں کسی طرح کی خیانت نہ کرے۔ قرآن شریف میں ارشاد ہے۔

فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ لِّلْغَيْبِ (النسآء ع ۳) — پس نیک عورتیں فرمانبردار ہوتی ہیں اور شوہر کی غیر موجودگی میں اسکی امانت کی حفاظت کرتی ہیں

اور شوہروں کو اسلام کا حکم ہے کہ وہ بیوی کے ساتھ پوری محبّت کریں اور اپنی حیثیت اور استطاعت کے مطابق اچھا کھلائیں، اچھا پہنائیں اور ان کی دلداری میں کمی نہ کریں۔ ارشاد ہے،

وَعَاشِرُوْهُنَّ بِالْمَعْرُوْفِ — بیویوں کے ساتھ اچھا سلوک رکھو

Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اِس قرآنی تعلیم کے مطابق مسلمان مردوں اور عورتوں کو باہم حُسنِ سلوک کی اور ایک دوسرے کو خوش رکھنے کی بڑی سخت تاکید فرمایا کرتے تھے۔ اِس سلسلہ کی چند حدیثیں یہ ہیں۔ ایک مرتبہ آپؐ نے عورتوں کو ہدایت کرتے ہوئے فرمایا "جو شخص اپنی بیوی کو اپنے پاس بُلائے اور وہ نہ آئے، اور وہ رات کو اس سے ناراض رہے تو فرشتے صبح تک اس پر لعنت کرتے ہیں۔" اور اس کے برعکس ایک دوسری حدیث میں حضورؐ نے ارشاد فرمایا۔ جو عورت اس حال میں مرے کہ اس کا شوہر اس سے راضی ہو تو وہ جنّت میں جائے گی۔" ایک اور حدیث میں ہے حضورؐ نے فرمایا "قسم اس ذات کی جس کے قبضے میں محمدؐ کی جان ہے، کوئی عورت اللہ کا حق اس وقت تک ادا نہیں کر سکتی جب تک کہ اپنے شوہر کا حق ادا نہ کر دے۔" اور ایک اہم موقع پر مسلمانوں کے بہت بڑے اجتماع میں خاص مردوں کو خطاب کرتے ہوئے آپؐ نے ارشاد فرمایا "میں تم کو عورتوں کے ساتھ حُسنِ سلوک کی خاص طور سے وصیّت کرتا ہوں، تم میری اس وصیت کو یاد رکھنا، دیکھو وہ تمھاری ماتحت ہیں اور تمھارے بس میں ہیں" ایک اور حدیث میں حضورؐ نے ارشاد فرمایا "تم میں اچھے وہ ہیں جو اپنی بیویوں کے حق میں اچھے ہیں" ایک دوسری روایت میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا، مسلمانوں میں زیادہ کامل ایمان والے وہ ہیں جن

Marfat.com

کے اخلاق اچھے ہوں اور اپنی گھر والیوں کے ساتھ جن کا برتاؤ لطف و محبّت کا ہو۔

## عام قرابت داروں کے حقوق

ماں باپ، اولاد اور میاں بیوی کے تعلقات کے علاوہ آدمی کا ایک خاص تعلق اپنے عام قرابت داروں سے بھی ہوتا ہے۔ اسلام نے اس تعلق اور رشتے کا بھی بہت لحاظ کیا ہے اور اس کے اعتبار سے بھی کچھ باہمی حقوق مقرر کیے ہیں چنانچہ قرآن مجید میں جا بجا "ذَوِی الْقُرْبیٰ" کے ساتھ اچھے سلوک کی تاکید فرمائی گئی ہے اور اسلام میں اس شخص کو بہت بڑا مجرم اور مہاپاپی بتلایا گیا ہے جو رشتے داری اور قرابت کے حقوق کو پامال کرے ایک حدیث میں ہے حضورؐ نے فرمایا "قرابت کے حق کو پامال کرنے والا اور اپنے برتاؤ میں رشتوں ناتوں کا لحاظ نہ رکھنے والا جنّت میں نہیں جائیگا" پھر اس سلسلہ میں رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کی ایک خاص تعلیم اور تاکید یہ ہے کہ اگر بالفرض تمہارا کوئی قرابت دار تمہارا حقِ قرابت ادا نہ کرے تو اس کی قرابت کا حق تم اس صورت میں بھی ادا کرتے رہو چنانچہ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم نے ایک حدیث میں فرمایا کہ "تمہارا جو عزیز قریب تم سے بے تعلقی اور بے مروّتی برتے اور قرابت کا حق ادا نہ کرے تو تم اس

Marfat.com

سے بے تعلقی مت برتو، اپنی طرف سے تم اس کی قرابت کا حق ادا کرتے رہو۔" (صِلْ مَنْ قَطَعَكَ الخ)

## بڑوں کے چھوٹوں پر اور چھوٹوں کے بڑوں پر عام حقوق

اسلام نے معاشرت کے سلسلہ میں ایک عمومی اور اصولی تعلیم یہ بھی دی ہے کہ ہر چھوٹا اپنے بڑوں کی تعظیم و تکریم کرے اور ان کے سامنے ادب لحاظ سے رہے اور ہر بڑے کو چاہیے کہ اپنے چھوٹوں سے محبت و شفقت کا برتاؤ کرے (اگرچہ ان میں باہم کوئی رشتہ داری نہ ہو) اسلام کی نظر میں یہ چیز اتنی اہم ہے کہ حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم نے ایک حدیث میں اعلان فرمایا ہے کہ " جو بڑا اپنے چھوٹوں پر شفقت نہ کرے اور جو چھوٹا اپنے بڑوں کا ادب لحاظ نہ کرے وہ ہم میں سے نہیں ہے۔" ایک اور حدیث میں ہے حضور علیہ الصلوٰۃ والسلام نے ارشاد فرمایا " جو جوان کسی بوڑھے بزرگ کی بڑی عمر کی وجہ سے اس کی عزّت کرے گا۔ تو اللہ اس کے واسطے بھی ایسے لوگ مقرّر کر دے گا جو اس کے بڑھاپے کے وقت اس کی عزّت کریں گے۔

## پڑوسی کے حقوق

انسان کا اپنے رشتہ داروں کے علاوہ ایک مستقل واسطہ اپنے پڑوسیوں

Marfat.com

کے ساتھ ہوتا ہے، اسلام نے اس تعلّق کو بھی بہت اہمیّت دی ہے اور اس کے لیے مستقل اور مفصّل ہدایتیں دی ہیں، قرآن مجید میں جہاں ماں باپ، میاں بیوی اور دوسرے رشتہ داروں کے ساتھ حسنِ سلوک اور اچھے برتاؤ کا حکم دیا گیا ہے وہاں پڑوسیوں کے بارے میں بھی اس کی تاکید اور ہدایت فرمائی گئی ہے، ارشاد ہے، وَالْجَارِ ذِی الْقُرْبٰی وَالْجَارِ الْجُنُبِ وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْبِ" اس آیت میں تین قسم کے پڑوسیوں کا ذکر ہے اور ان میں سے ہر قسم کے پڑوسی کے ساتھ اچھے سلوک کی ہدایت فرمائی گئی ہے۔ "وَالْجَارِ ذِی الْقُرْبٰی" سے مراد وہ پڑوسی ہیں جن سے پڑوس کے علاوہ کوئی خاص قرابت بھی ہو، اور "وَالْجَارِ الْجُنُبِ" سے مراد وہ پڑوسی ہیں جن کے ساتھ کوئی اور تعلّق رشتہ داری وغیرہ کا نہ ہو، صرف پڑوس ہی کا تعلّق ہو، جس میں غیر مسلم پڑوسی بھی داخل ہیں اور "وَالصَّاحِبِ بِالْجَنْبِ" سے مراد وہ لوگ ہیں جن کا کہیں اتفاقی ساتھ ہو گیا ہو جیسے سفر کے ساتھی یا مدرسہ کے ساتھی یا ساتھ رہ کر کام کاج کرنے والے، اس میں بھی مسلم غیر مسلم کی کوئی تخصیص نہیں ہے اور ان تینوں قسم کے پڑوسیوں اور ساتھیوں کے ساتھ حسنِ سلوک کا اسلام نے ہم کو حکم دیا ہے۔ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم اس کی اس قدر سخت تاکید فرماتے تھے کہ ایک حدیث میں

Marfat.com

ہے، آپؐ نے ارشاد فرمایا "جو شخص خدا اور یوم آخرت پر ایمان رکھتا ہو وہ اپنے پڑوسی کو کوئی ایذا اور تکلیف نہ دے" ایک دوسری حدیث میں ہے، حضورؐ نے ارشاد فرمایا "وہ مسلمان نہیں جو خود پیٹ بھر کھائے اور پہلو میں رہنے والا اس کا پڑوسی بھوکا رہے" ایک اور حدیث میں ہے، حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم نے ایک دفعہ بڑے جلال کے ساتھ ارشاد فرمایا "خدا کی قسم وہ اصلی مومن نہیں، اللہ کی قسم وہ پورا مومن نہیں واللہ وہ پورا مومن نہیں" عرض کیا گیا، حضور! کون پورا مومن نہیں؟ ارشاد فرمایا "وہ مومن نہیں جس کا پڑوسی اس کی شرارتوں سے امن میں نہیں" ایک اور حدیث میں ہے، حضورؐ نے ارشاد فرمایا "وہ آدمی جنّت میں نہیں جائے گا جس کی شرارتوں سے اس کے پڑوسی امن میں نہیں" ایک اور حدیث میں ہے کہ "کسی صحابیؓ نے حضورؐ سے عرض کیا کہ حضورؐ فلاں عورت کے متعلق بیان کیا جاتا ہے کہ بڑی نمازیں پڑھتی ہے، بہت روزے رکھتی ہے اور خوب خیرات کرتی ہے لیکن اپنی زبان کی تیزی سے پڑوس والوں کو تکلیف بھی پہنچاتی رہتی ہے۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا" کہ "وہ دوزخ میں جائے گی" پھر انہی صحابی نے عرض کیا "یا رسول اللہ اور فلانی عورت کے متعلق کہا جاتا ہے کہ وہ نماز، روزہ اور خیرات تو بہت نہیں کرتی (یعنی نفل نمازیں، نفل روزے اور نفلی صدقے

Marfat.com

بمقابلہ پہلی عورت کے کم کرتی ہے) لیکن پڑوس والوں کو اپنی زبان سے کبھی تکلیف نہیں پہنچاتی، تو حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ "وہ جنت میں جائے گی" بھائیو! یہ ہیں اسلام میں پڑوسیوں کے حقوق، افسوس! آج ہم ان احکام سے کتنے غافل ہیں۔

## کمزوروں اور حاجت مندوں کے حقوق

یہاں تک جن طبقوں کے حقوق کا بیان کیا گیا، یہ سب وہ تھے جن سے آدمی کا کوئی خاص تعلق اور واسطہ ہوتا ہے خواہ قرابت ہو یا پڑوس یا ساتھ رہنا لیکن اسلام نے ان کے علاوہ تمام کمزور طبقوں اور ہر طرح کے حاجت مندوں کا بھی حق مقرر کیا ہے اور جو لوگ کچھ مقدرت اور حیثیت رکھتے ہیں ان پر لازم کیا ہے کہ وہ ان کی خبرگیری اور خدمت کیا کریں اور اپنی دولت اور اپنی صلاحیتوں میں ان کا بھی حق اور حصہ سمجھیں۔ قرآن شریف میں بیسیوں جگہ اس کی تاکید اور ہدایت فرمائی گئی ہے کہ یتیموں، مسکینوں، مفلسوں، مسافروں اور دوسرے حاجت مندوں کی خدمت اور مدد کی جائے، بھوکوں کے کھانے کا اور ننگوں کے کپڑوں کا انتظام کیا جائے وغیرہ وغیرہ، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی اس کی بڑی تاکید و ترغیب دی ہے اور اس کی بڑی فضیلتیں بیان فرمائی ہیں اس

Marfat.com

سلسلہ کی چند حدیثیں یہ ہیں۔ ایک حدیث میں ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی دو انگلیاں برابر کر کے فرمایا کسی یتیم بچے کی کفالت کرنے والا شخص جنت میں مجھ سے اتنا قریب ہوگا جس طرح یہ دونوں انگلیاں ملی ہوئی ہیں۔" ایک دوسری حدیث میں ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا" بیوہ عورتوں اور غریبوں، محتاجوں کی خبر گیری اور مدد کے لیے دوڑ دھوپ کرنے والا آدمی راہِ خدا میں جہاد کرنے والے کے درجے کے برابر ہے اور ثواب میں اس شخص کے برابر ہے جو ہمیشہ دن کو روزہ رکھتا ہو اور رات نفلوں میں گزارتا ہو۔" ایک اور حدیث میں ہے کہ حضورؐ نے مسلمانوں کو حکم دیا" جو بھوکے ہوں اُن کے کھانے کا انتظام کرو، بیماروں کی خبر لو، قیدیوں کو چھڑاؤ۔" ایک اور حدیث میں ہے کہ آپؐ نے لوگوں کو چند ہدایتیں فرمائیں اور اس ضمن میں فرمایا" مصیبت زدوں کی مدد کرو اور بھٹکے ہوؤں کو راستہ بتاؤ۔" ان حدیثوں میں آپؐ نے مسلم غیر مسلم کی کوئی تخصیص نہیں فرمائی بلکہ بعض حدیثوں میں تو آپؐ نے جانوروں کے ساتھ بھی حُسنِ سلوک کی سخت تاکید فرمائی ہے اور بے زبان جانوروں پر ترس کھانے والے اور ان کی خبر گیری کرنیوالے لوگوں کو اللہ کی رحمت کی خوشخبری سُنائی ہے۔ فی الحقیقت اسلام سارے عالم اور ساری مخلوق کے لیے رحمت ہے اور ہمارے آقا اور

Marfat.com

ہادی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم رحمۃ للعالمین ہیں لیکن ہم خود آپ کے احکام اور پیغام سے دُور ہو گئے۔ کاش! ہم بھی سچے مسلمان بن کر ساری دنیا کے لیے رحمت بن جائیں۔

## مسلمان پر مسلمان کا حق

قرابت اور پڑوس اور عام انسانی حقوق کے علاوہ ہر مسلمان پر دوسرے مسلمان کے کچھ اسلامی حقوق ہیں، اِس بارے میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی چند حدیثیں یہ ہیں۔ حضورؐ نے فرمایا" ہر مسلمان دوسرے مسلمان کا بھائی ہے، اس پر لازم ہے کہ نہ اس پر خود کوئی ظلم وزیادتی کرے اور (اگر کوئی دوسرا اس پر ظلم کرے تو یہ) اس کو اکیلا چھوڑ کر الگ نہ ہو جائے (بلکہ ممکن ہو تو اس کی مدد کرے اور اس کا ساتھ دے) تم میں سے جو کوئی اپنے بھائی کی حاجت پورا کرنے میں لگا رہے گا تو اللہ تعالیٰ اس کی حاجت میں لگا رہے گا اور جو مسلمان کسی دوسرے مسلمان بھائی کی تکلیف کو دُور کرے گا، تو اللہ تعالیٰ اس کے بدلے میں قیامت کی کسی تکلیف سے اس کو نجات دے گا اور جو شخص کسی مسلمان کی پردہ پوشی کرے گا۔ اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کی پردہ پوشی فرمائے گا" ایک اور حدیث میں ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" تم باہم بُغض وعداوت نہ رکھو، حسد نہ کرو،

Marfat.com

غیبتیں نہ کرو اور ایک اللہ کے بندے اور بھائی بھائی بن کر رہو اور کسی مسلمان کے لیے حلال نہیں ہے کہ وہ اپنے مسلمان بھائی سے تین دن سے زیادہ ترکِ سلام و کلام کرے۔" ایک اور حدیث میں ہے، حضورؐ نے فرمایا "مسلمان کا مال، اس کی جان اور اس کی آبرو مسلمان پر بالکل حرام ہے۔" اب ہم آدابِ معاشرت اور حقوقِ باہمی کے اس سلسلہ کو رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کی ایک حدیث پر ختم کرتے ہیں جو ہر مسلمان کو لرزا دینے والی ہے، رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے ایک دن صحابہؓ سے پوچھا: بتاؤ مفلس اور نادار کون ہے؟ صحابہؓ نے عرض کیا، حضورؐ! مفلس وہ ہے جس کے پاس درہم و دینار نہ ہوں۔" آپؐ نے فرمایا "نہیں! ہم میں مفلس وہ ہے جو قیامت کے دن نماز اور روزہ اور صدقے کا ذخیرہ لے کر آئے گا، لیکن دنیا میں اس نے کسی کو گالی دی ہو گی، کسی پر بہتان رکھا ہو گا، کسی کو مارا پیٹا ہو گا، کسی کا مال ناحق کھایا ہو گا، جب یہ حساب کے مقام پر کھڑا کیا جائے گا تو اس کے مدعی لوگ آئیں گے اور بقدر ان کے حقوق کے اس کی نیکیوں میں سے ان کو دلوایا جائے گا۔ یہاں تک کہ اس کی سب نیکیاں ختم ہو جائیں گی تو پھر ان کے گناہ اس پر لاد دیئے جائیں گے اور اس کو جہنّم میں ڈلوا دیا جائے گا۔" بھائیو! اس حدیث پر غور کرو اور سوچو کہ دوسروں کی حق تلفی اور ان کو برا بھلا

Marfat.com

کہنا، اوران کی غیبتیں کرنا، اپنے آپ کو کس قدر ہلاکت میں ڈالنا ہے
خدا کے بندو! اگر کسی کی کوئی حق تلفی تم نے کی ہو تو دنیا ہی میں
اس کا حساب کرلو یا اس کا بدلہ دے دو یا معاف کرالو اور آئندہ کیلیے
احتیاط کا عہد کرلو ورنہ آخرت میں اس کا انجام بُرا ہونے والا ہے۔
اَللّٰھُمَّ احْفَظْنَا۔ آمین۔

---

اچھی کتابیں زندگی کے بہترین رفیق ہیں

## ۳ تین عظیم کتابیں

اسلامی تبلیغی نصاب (جلد اوّل) تصنیف شیخ الحدیث مولانا محمد زکریا صاحب
اسلامی تبلیغی نصاب (جلد دوم) تصنیف 〃 〃 〃
حیاۃ الصحابہؓ۔ تصنیف حضرت مولانا محمد یوسف صاحبؒ
منگوانے کے لیے
کُتب خانہ شانِ اسلام
اُردو بازار لاہور کو لکھیں

Marfat.com

## نواں باب

# اچھّے اخلاق اور عمدہ صفات

اچھے اخلاق واوصاف کی تعلیم بھی اسلام کی بنیادی تعلیمات میں سے ہے اور لوگوں کی اخلاقی اور روحانی اصلاح و درستی ان خاص مقاصد میں سے ہے جن کے پورا کرنے کے لیے رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نبی بنا کر بھیجے گئے تھے، خود حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم کا ارشاد ہے "میں اللہ کی طرف سے اس لیے بھیجا گیا ہوں کہ عمدہ اخلاق کی تعلیم دوں اور انھیں مرتبۂ کمال تک پہنچا دوں"۔

## اچھے اخلاق کی فضیلت اور اہمیت

اسلام میں اچھے اخلاق کی جو اہمیّت اور فضیلت ہے اُس کا کچھ اندازہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کی مندرجہ ذیل حدیثوں سے کیا جا سکتا ہے۔ حضورؐ نے ارشاد فرمایا "تم میں بہترین لوگ وہ ہیں جن کے اخلاق بہت اچھے ہیں"۔ ایک اور حدیث میں وارد ہوا ہے، رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا "قیامت کے دن میری نظر میں

Marfat.com

سب سے زیادہ محبوب وہ شخص ہوگا جس کے اخلاق سب سے اچھے ہوں گے"۔ ایک دوسری حدیث میں ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا" قیامت کے دن اعمال کی ترازو میں سب سے زیادہ وزن اچھے اخلاق کا ہوگا" ایک اور روایت میں ہے، حضورؐ سے پوچھا گیا کہ وہ کون سی صفت ہے جو انسان کو جنّت میں لے جاتی ہے؟ آپؐ نے فرمایا" اللہ کا خوف اور اچھے اخلاق" ایک اور روایت میں ہے کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا" اچھے اخلاق والے مومن کو دنوں کے روزوں اور راتوں کے قیام (یعنی نفل نمازوں) کا ثواب ملتا ہے"۔ مطلب یہ ہے کہ جب اللہ کے بندے کو ایمان نصیب ہو اور وہ اللہ کے مقرر کیے ہوئے فرض ادا کرتا ہو اور زیادہ نفل روزے نہ رکھتا ہو اور نہ رات کو بہت زیادہ نفل نمازیں پڑھتا ہو مگر اس کے اخلاق اچھے ہوں تو اللہ تعالیٰ اس کو عمدہ اخلاق کی وجہ سے ہی ان لوگوں کے برابر ثواب دے گا جو صائم النہار اور قائم اللیل ہوں (یعنی دنوں کو روزے رکھنے والے اور راتوں کو نفل نمازیں پڑھنے والے)

## بُرے اخلاق کی نحوست:

جس طرح حضورؐ نے اچھے اخلاق کی یہ فضیلتیں بیان فرمائی ہیں اسی طرح بُرے اخلاق کی نحوست سے بھی آپؐ نے ہم کو خبردار کیا ہے۔

Marfat.com

ایک حدیث میں ہے حضورؐ نے فرمایا "بُرے اخلاق والا آدمی جنت میں نہ جا سکے گا"۔ ایک اور روایت میں ہے کہ حضورؐ نے فرمایا "کوئی گناہ اللہ کے نزدیک بُرے اخلاق سے بدتر نہیں"۔

## چند اہم اور ضروری اخلاق کا بیان

یوں تو قرآن و حدیث میں تمام اچھے اخلاق اور عمدہ روحانی صفات کی تعلیم دی گئی ہے اور سب بُرے اخلاق اور بُری عادات سے بچنے کی تاکید فرمائی گئی ہے لیکن یہاں ہم اسلام کی صرف ضروری اور بنیادی درجے کی چند اخلاقی ہدایتوں کا ذکر کرتے ہیں جن کے بغیر کوئی شخص سچّا مومن اور مسلم نہیں ہو سکتا۔

### سچّائی اور راست بازی

اسلام میں سچائی کی اتنی اہمیّت ہے کہ ہر مسلمان کو ہمیشہ سچ بولنے کے علاوہ اس کی بھی تاکید فرمائی گئی ہے کہ وہ ہمیشہ سچّوں کے ساتھ اور سچّوں کی صحبت میں رہے۔ قرآن مجید میں ہے:

| | |
|---|---|
| يَآاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ | اے ایمان والو! خدا سے ڈرو اور صرف |
| وَكُوْنُوْا مَعَ الصّٰدِقِيْنَ | سچّوں کے ساتھ رہو۔ |

Marfat.com

حدیث میں ہے، رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے ایک موقع پر صحابہ کرامؓ سے ارشاد فرمایا "جو یہ چاہے کہ اللہ و رسول سے اس کو محبت ہو یا اللہ و رسول اس سے محبّت کریں تو اس کو لازم ہے کہ جب بات کرے ہمیشہ سچ بولے"۔ ایک اور حدیث میں ہے، آپؐ نے فرمایا "سچائی اختیار کرو، اگرچہ تمھیں اس میں اپنی بربادی اور موت نظر آئے۔ کیونکہ دراصل نجات اور زندگی سچائی ہی میں ہے اور جھوٹ سے پرہیز کرو، اگرچہ بظاہر اس میں نجات اور کامیابی نظر آئے کیونکہ جھوٹ کا انجام بربادی اور نامرادی ہے"۔ ایک روایت میں ہے رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم سے کسی نے پوچھا کہ "اہلِ جنّت کی کیا علامت ہے"؟ آپؐ نے فرمایا "سچ بولنا" اور اس کے بالمقابل ایک دوسری حدیث میں ہے آپؐ نے فرمایا "جھوٹ بولنا منافق کی خاص نشانیوں میں سے ہے" ایک اور حدیث میں ہے کہ "کسی نے رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم سے پوچھا "کیا مومن بزدل ہو سکتا ہے؟" آپؐ نے فرمایا "ہاں! ہو سکتا ہے"۔ پھر دریافت کیا گیا "کیا مومن بخیل ہو سکتا ہے"؟ آپؐ نے فرمایا۔ "ہاں! ہو سکتا ہے"۔ پھر سوال کیا گیا "کیا مومن جھوٹا ہو سکتا ہے"؟ آپؐ نے ارشاد فرمایا "نہیں"۔ (یعنی جھوٹ کی عادت ایمان کے ساتھ جمع نہیں ہو سکتی) اللہ تعالیٰ ہم سب کو توفیق دے کہ ہمیشہ

Marfat.com

کے لیے ہم سچائی کو اختیار کریں جو نجات دلانے والی، جنّت میں پہنچانے والی اور اللہ و رسول کا محب و محبوب بنانے والی ہے اور جھوٹ سے مکمّل پرہیز کریں، جس کا انجام تباہی و بربادی اور خدا و رسول کی لعنت اور ناراضمندی ہے اور جو منافقوں کی نشانی ہے۔

## عہد کی پابندی

یہ بھی دراصل سچائی ہی کی ایک خاص قسم ہے کہ جس کسی سے جو عہد کیا جائے اس کو پورا کیا جائے۔ قرآن وحدیث میں خصوصیت سے اسکی ہدایت اور تاکید فرمائی گئی ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

وَاَوْفُوْا بِالْعَهْدِ ۚ اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْئُوْلًا ○ (بنی اسرآئیل ع۴) اور اپنا ہر عہد پورا کرو۔ یقیناً تم سے قیامت میں ہر عہد کی بابت پوچھا جائے گا۔

قرآن شریف ہی میں ایک دوسری جگہ نیکیوں اور نیکوں کے ذکر میں فرمایا گیا ہے:

وَالْمُوْفُوْنَ بِعَهْدِهِمْ اِذَا عَاهَدُوْا ۚ (بقرہ ع۲۲) اور اللہ کے نزدیک نیک وہ لوگ بھی ہیں جو اپنے عہد کو پورا کریں جب عہد کریں۔

حدیث میں ہے۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلّم اپنے خطبوں میں اکثر فرمایا کرتے تھے "جو اپنے عہد کا پابند نہیں اس کا دین میں حصّہ نہیں"۔ ایک اور

Marfat.com

حدیث میں ہے، حضورؐ نے فرمایا "عہد کا پورا نہ کرنا منافقوں کی خاص نشانیوں میں سے ہے" گویا حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کے مطابق عہد شکنی اور وعدہ خلافی ایمان کے ساتھ جمع نہیں ہو سکتی۔ اللہ تعالیٰ ان بری عادتوں سے ہم سب کو بچائے۔

## امانت داری

امانت داری بھی دراصل سچائی اور راست بازی ہی کی ایک خاص قسم ہے، اسلام میں اس کی تاکید بھی خصوصیت سے فرمائی گئی ہے۔ قرآن شریف میں ارشاد ہے۔

| | |
|---|---|
| اِنَّ اللّٰهَ یَاْمُرُكُمْ اَنْ تُؤَدُّوا الْاَمٰنٰتِ اِلٰۤى اَهْلِهَا ۙ | اللہ تم کو حکم دیتا ہے کہ امانتیں امانت والوں کو ٹھیک ٹھیک ادا کرو |

اور قرآن شریف ہی میں دو جگہ پر سچے ایمان والوں کی صفات کے بیان میں فرمایا گیا ہے:

| | |
|---|---|
| وَالَّذِیْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ وَ عَهْدِهِمْ رٰعُوْنَ | اور وہ لوگ جو امانتوں کی اور اپنے عہد کی حفاظت کرتے ہیں (یعنی امانتیں ادا کرتے ہیں اور عہد کو پورا کرتے ہیں) |
| (سورۂ مومنون وسورۂ معارج) | |

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے کہ آپؐ اپنے اکثر خطبوں

ہیں بر سرِ منبر فرمایا کرتے تھے "لوگو! جس میں امانت کی صفت نہیں اس میں گویا ایمان ہی نہیں"۔ ایک حدیث میں ہے حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم نے ارشاد فرمایا کہ "کسی کی نیکی کا اندازہ کرنے کے لیے صرف اس کے نماز روزہ ہی کو نہ دیکھو (یعنی کسی کے صرف نماز روزہ ہی کو دیکھ کر اس کے معتقد نہ ہو جاؤ) بلکہ یہ چیز دیکھو کہ جب بات کرے تو سچ بولے اور جب کوئی امانت اس کے سپرد کی جائے تو اس کو ٹھیک ٹھیک ادا کرے اور تکلیف اور مصیبت کے دنوں میں بھی پرہیزگاری پر قائم رہے"۔ عزیزو! اگر ہم اللہ کے نزدیک سچے مومن اور اس کی رحمتوں کے مستحق ہونا چاہتے ہیں تو لازم ہے کہ ہر معاملہ میں امانت داری اور ایمان داری اختیار کریں اور عہد کی پابندی کو اپنی زندگی کا اصول بنائیں یاد رکھو کہ ہم میں سے جس کسی میں یہ اوصاف نہیں وہ اللہ و رسولؐ کے نزدیک سچا مومن اور پورا مسلمان نہیں۔

## عدل و انصاف

اسلام نے ہر معاملہ میں عدل و انصاف کی بھی بڑی سخت تاکید فرمائی ہے، قرآن مجید میں ارشاد ہے:

اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ (اللہ تعالیٰ عدل و انصاف کرنے کا اور

Marfat.com

احسان کرنے کا حکم دیتا ہے۔) پھر اسلام میں عدل و انصاف کی یہ تاکید صرف اپنوں ہی کے حق میں نہیں فرمائی گئی ہے بلکہ غیروں کے حق میں بھی اور جان و مال اور دین و ایمان کے دشمنوں کے حق میں بھی عدل و انصاف ہی کی تاکید فرمائی گئی ہے۔ قرآن شریف کا کھلا ہوا ارشاد ہے:

| | |
|---|---|
| وَلَا يَجْرِمَنَّكُمْ شَنَآنُ قَوْمٍ عَلٰٓى اَنْ لَّا تَعْدِلُوْا ۭ اِعْدِلُوْا ۣ هُوَ اَقْرَبُ لِلتَّقْوٰى۔ | اور کسی قوم کی عداوت تم کو اس گناہ پر آمادہ نہ کرے کہ تم اس کے ساتھ انصاف نہ کرو، تم ہر حال میں ہر ایک کے ساتھ انصاف کرو، تقویٰ کی شان کے یہی زیادہ مناسب ہے |
| (سورۂ مائدہ ع ۲) | |

اس آیت سے صاف ظاہر ہے کہ کسی شخص سے یا کسی قوم سے اگر بالفرض ہماری دشمنی اور لڑائی ہو تب بھی ہم اس کے ساتھ کوئی بے انصافی نہیں کر سکتے اور اگر کریں گے تو اللہ کے نزدیک سخت مجرم اور گنہگار ہوں گے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے مروی ہے، آپ نے ارشاد فرمایا۔ "قیامت کے دن اللہ سے سب سے زیادہ قریب اور اللہ کو سب سے زیادہ پیارا امام عادل ہوگا (یعنی اللہ کے حکم کے مطابق انصاف کیساتھ حکومت کرنے والا حکمران) اور اللہ سے سب سے زیادہ دور اور سخت ترین عذاب میں گرفتار قیامت کے دن امام جائر ہوگا (یعنی ظلم اور بے انصافی سے حکومت کرنے والا حکمران)" ایک دوسری حدیث

Marfat.com

میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن صحابہؓ سے فرمایا "تم جانتے ہو کہ قیامت کے دن اللہ کے سایہ رحمت میں کون لوگ سب سے پہلے آئیں گے؟" عرض کیا گیا کہ اللہ اور اس کے رسولؐ ہی کو زیادہ معلوم ہے (لہذا حضورؐ ہی ہم کو تبلائیں کہ کون خوش نصیب بندے قیامت کے دن سب سے پہلے رحمت کے سایہ میں لیے جائیں گے) آپؐ نے ارشاد فرمایا" یہ وہ بندے ہوں گے جن کا حال یہ ہوگا کہ جب ان کا حق ان کو دیا جائے تو قبول کریں اور جب کوئی ان سے اپنا حق مانگے تو وہ (بغیر لیت ولعل کے) اس کا حق ادا کردیں اور دوسرے لوگوں کے لیے بالکل اسی طرح فیصلہ کریں جس طرح کہ خود اپنے لیے کریں (یعنی اپنے اور غیر کے معاملہ میں کوئی فرق نہ کریں" افسوس! ہم مسلمانوں نے اسلام کی ان پاکیزہ تعلیمات کو بالکل بھلا دیا ہے اگر آج مسلمانوں میں یہ صفات پیدا ہو جائیں کہ وہ بات کے سچے، عہد کے پکے، امانتدار اور ہر ایک کے ساتھ عدل وانصاف کرنے والے ہوجائیں تو دنیا کی عزتیں بھی ان کے قدم چومیں اور جنت میں بھی ان کو بڑے درجے ملیں۔

## رحم کھانا اور قصوروار کو معاف کرنا

کسی کو مصیبت کی حالت میں اور دکھ درد میں مبتلا دیکھ کر اس

Marfat.com

پر رحم کھانا اور اس کے ساتھ ہمدردی کرنا اور کسی خطا کار کی خطا معاف کرنا بھی ان اخلاق میں سے ہے جن کی اسلام میں بڑی اہمیت اور بڑی فضیلت ہے۔ ایک حدیث میں ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "تم اللہ کے بندوں پر رحم کھاؤ، تم پر رحمت کی جائے گی، تم لوگوں کے قصور معاف کرو، تمھارے قصور معاف کیے جائیں گے۔ ایک اور حدیث میں ہے، حضور نے فرمایا "جو رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جائے گا"۔ ایک دوسری حدیث میں ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جو کوئی کسی کا قصور معاف نہیں کرتا تو اللہ تعالیٰ بھی اس کا قصور معاف نہیں کرے گا"۔ ایک اور حدیث میں ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "رحم کھانے والوں پر رحمٰن رحمت کرتا ہے، تم زمین والوں کے ساتھ رحم کا معاملہ کرو تم پر آسمان والا رحمت کرے گا"۔ اس حدیث سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ اسلام، دوست اور دشمن سب کے ساتھ بلکہ زمین میں بسنے والی سب مخلوق کے ساتھ رحم دلی کی تعلیم دیتا ہے۔ ایک حدیث میں ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "کسی شخص نے ایک پیاسے کتے کو جو پیاس کی شدت سے کیچڑ چاٹ رہا تھا، اس پر رحم کھا کر پانی پلا دیا تھا تو اللہ تعالیٰ نے اس کے اس فعل کے بدلے میں اس کو جنت عطا فرما دی تھی"۔ افسوس! اللہ کی

Marfat.com

مخلوق پر رحم کھانے اور سب کے ساتھ ہمدردی کرنے کی صفت ہم سے نکل گئی اور اسی واسطے ہم خدا کی رحمتوں کے قابل نہیں رہے۔

## نرم مزاجی

لین دین میں اور ہر طرح کے برتاؤ میں نرمی اور آسانی کرنا بھی اسلام کی خاص تعلیمات میں سے ہے۔ ایک حدیث میں ہے۔ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا "نرمی کرنے والوں اور آسانی کرنے والوں پر دوزخ کی آگ حرام ہے"۔ ایک دوسری حدیث میں ہے "اللہ تعالیٰ نرمی کرنے والا ہے اور نرمی کو پسند کرتا ہے اور نرمی پر اتنا دیتا ہے جتنا سختی پر نہیں دیتا"۔

## تحمل اور بُردباری

ناگوار باتوں کو برداشت کرنا اور ایسے موقع پر غصّے کو پی جانا بھی اُن اخلاق میں سے ہے جن کو اسلام سب انسانوں میں پیدا کرنا چاہتا ہے اور اللہ کے نزدیک ان اہلِ ایمان کا بڑا درجہ ہے، جو اپنے اندر یہ صفت پیدا کر لیں۔ قرآن شریف میں جہاں ان لوگوں کا تذکرہ ہے جن کے لیے جنّت سجائی گئی ہے وہاں ایسے لوگوں کا خاص طور

Marfat.com

سے ذکر کیا گیا ہے، ارشاد ہے۔

وَالْكٰظِمِيْنَ الْغَيْظَ وَالْعَافِيْنَ عَنِ النَّاسِ ط (آل عمران ع ۱۴) جو غصہ کو پی جانے والے ہیں اور لوگوں کے قصور معاف کرنے والے ہیں

ایسے لوگوں کے حق میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بشارت ہے کہ "جو شخص اپنے غصہ کو روکے گا، اللہ تعالیٰ اس سے اپنا عذاب روک لے گا" بڑے خوش نصیب ہیں اللہ کے وہ بندے جو غصہ آنے کے وقت ان آیتوں اور حدیثوں کو یاد کر کے اپنے غصے کو روک لیں اور اس کے بدلے میں اللہ تعالیٰ ان سے اپنے عذاب کو روک لے۔

## خوش کلامی اور شیریں زبانی

اسلام کی اخلاقی تعلیمات میں سے ایک خاص تعلیم یہ بھی ہے کہ بات چیت ہمیشہ خوش اخلاقی سے اور میٹھی زبان میں کی جائے، اور سخت کلامی اور بدزبانی سے پرہیز کیا جائے۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے

وَقُوْلُوْا لِلنَّاسِ حُسْنًا اور لوگوں سے اچھی بات کہو

اسلام نے خوش کلامی کو نیکی قرار دیا ہے اور سخت کلامی کو گناہ بتلایا ہے۔ حدیث شریف میں ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "نرمی اور خوش اخلاقی سے بات چیت کرنا نیکی ہے اور

Marfat.com

ایک قسم کا صدقہ ہے"۔ ایک اور حدیث میں ہے، حضورؐ نے فرمایا، "بدزبانی ظلم ہے اور ظلم کا ٹھکانہ جہنّم ہے"۔ ایک دوسری حدیث میں ہے۔" بدزبانی نفاق ہے (یعنی منافقوں کی خصلت ہے)۔ اللہ تعالیٰ بدزبانی اور سخت کلامی کی اس ظالمانہ اور منافقانہ خصلت سے ہماری حفاظت فرمائے اور وہ خوش کلامی اور نرم گفتاری ہم کو نصیب فرمائے جو ایمان کی شان ہے اور اللہ کے نیک بندوں کا طریقہ ہے۔

## عاجزی اور انکساری

اسلام جن عادتوں کو اپنے ماننے والوں میں عام کرنا چاہتا ہے، ان میں سے ایک یہ بھی ہے کہ خدا کے دوسرے بندوں کے مقابلے میں آدمی اپنے کو نیچا رکھے اور خود کو عاجز اور حقیر بندہ سمجھے، یعنی غرور اور تکبّر سے اپنے دل کو پاک رکھے اور اس کے بجائے خاکساری کو اپنا شیوہ بنائے۔ اللہ کے یہاں عزّت اور بلندی انھیں خوش نصیبوں کے لیے ہے جو اس دنیا میں نیچے ہو کر رہیں۔ قرآنِ مجید میں ارشاد ہے:

وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى الْاَرْضِ هَوْنًا (الفرقان ع ۶) — رحمٰن کے خاص بندے تو وہی ہیں جو زمین پر عاجزی کے ساتھ چلتے ہیں۔

دوسری جگہ ارشاد ہے:

Marfat.com

| | |
|---|---|
| تِلْكَ الدَّارُ الْاٰخِرَةُ نَجْعَلُهَا | آخرت کے اس گھر (جنّت) کا وارث ہم |
| لِلَّذِیْنَ لَا یُرِیْدُوْنَ عُلُوًّا فِی | انھیں کو کریں گے جو نہیں چاہتے دنیا میں |
| الْاَرْضِ وَلَا فَسَادًا ؕ (القصص ۹۶) | بڑائی حاصل کرنا اور فساد کرنا۔ |

"ایک حدیث میں ہے۔ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا جس نے خاکساری اختیار کی، اللہ تعالیٰ اس کے مرتبے اتنے بلند کرے گا کہ اس کو اعلیٰ علّیین میں پہنچائے گا" (جو جنّت کا سب سے اونچا درجہ ہے) اور اس کے برخلاف غرور اور تکبّر اللہ تعالیٰ کو اس قدر ناپسند ہے کہ ایک حدیث میں آیا ہے، رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا کہ "جس شخص کے دل میں رائی کے دانہ برابر بھی تکبّر ہوگا تو اللہ تعالیٰ اس کو منہ کے بل جہنّم میں ڈلوائے گا"۔ ایک دوسری حدیث میں ہے کہ "جس شخص کے دل میں رائی کے دانے کے برابر بھی تکبّر اور غرور ہوگا وہ جنّت میں نہ جا سکے گا"۔ ایک اور حدیث میں ہے، حضورؐ نے فرمایا "تکبّر سے بچو، تکبّر ہی وہ گناہ ہے جس نے سب سے پہلے شیطان کو تباہ کیا"۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس شیطانی خصلت سے بچائے اور وہ عاجزی اور خاکساری نصیب فرمائے جو اس کو پسند ہے اور جو بندگی کی شان ہے۔ لیکن یہاں ہم کو یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ ہماری عاجزی اور خاکساری اپنے نفس اور اپنی ذات کے معاملہ میں ہونی چاہیے مگر حق کے معاملہ میں اور دین کے بارے میں ہمیں قوت اور پختگی کا ثبوت

Marfat.com

دینا چاہیئے، اس موقع کے لیے اللہ کا اور اللہ کے رسولؐ کا حکم یہی ہے الغرض مومن کی شان یہی ہے کہ وہ اپنے نفس اور اپنی ذات کو حقیر اور نیچا سمجھے اور حق پر مضبوطی سے قائم رہے اور کسی کے ڈر، خوف سے اُس میں کمزوری نہ دکھائے۔

## صبر و شجاعت

اس دنیا میں آدمیوں پر مصیبتوں اور مشقتوں کے وقت بھی آتے ہیں کبھی بیماری آتی ہے کبھی محتاجی اور ناداری کی صورت ہو جاتی ہے کبھی ظالم دشمن ستانے میں کبھی دوسرے پر حالات ناموافق ہو جاتے ہیں، پس ایسے موقعوں کے لیے اسلام کی خاص تعلیم یہ ہے کہ اللہ کے بندے صبر اور ہمّت سے کام لیں اور ہزار تکلیفوں اور مصیبتوں کے باوجود مضبوطی اور بہادری کے ساتھ اپنے اصول پر قائم رہیں، ایسے لوگوں کے لیے قرآن شریف کی خوشخبری ہے کہ وہ اللہ کے پیارے ہیں۔

وَاللّٰهُ يُحِبُّ الصّٰبِرِيْنَ — اور اللہ صبر والوں سے محبت رکھتا ہے

دوسری آیت میں ہے:

اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الصّٰبِرِيْنَ — اللہ یقیناً صبر والوں کے ساتھ ہے۔

ایک اور آیت میں ان ایمان والوں کی بڑی تعریف کی گئی ہے جو تکلیف

Marfat.com

اور مشقت کی حالت میں اور حق کے لیے جنگ میں ثابت قدم رہیں اور قربانی سے نہ بھاگیں:

| | |
|---|---|
| وَالصّٰبِرِيْنَ فِي الْبَاْسَاۗءِ وَا | اور جو لوگ سختی اور تکلیف اور جنگ کے وقت |
| الضَّرَّاۗءِ وَحِيْنَ الْبَاْسِ اُولٰۗىِٕكَ | ثابت قدم رہنے والے ہیں وہی ہیں جو سچے |
| الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَاُولٰۗىِٕكَ هُمُ | ہیں اور متقی ہیں۔ |
| الْمُتَّقُوْنَ (بقرہ ع ۲۲) | |

ایک حدیث میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "صبر کی توفیق سے بہتر کوئی نعمت نہیں"۔ ایک دوسری حدیث میں ہے "صبر آدھا ایمان ہے"[1]۔ اور اس کے برخلاف بے صبری اور بزدلی اسلام کی نگاہ میں بدترین عیب ہیں، جس سے حضور اپنی دعاؤں میں بکثرت پناہ مانگتے تھے اللہ تعالیٰ ہم سب کو بھی صبر و ہمت عطا فرمائے اور بے صبری اور بے ہمتی سے اپنی پناہ میں رکھے۔

## اخلاص اور تصحیح نیت

اخلاص تمام اسلامی اخلاق کی، بلکہ کہنا چاہیے کہ پورے اسلام کی رُوح اور جان ہے، اخلاص کا مطلب یہ ہے کہ ہم جو کام بھی کریں وہ

---

[1] جمع الفوائد میں اسکو حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ سے نقل کیا گیا ہے ۔ ۱۲۰ (مرتب)

Marfat.com

محض اللہ کے واسطے اور اس کی رضا کی نیت سے کریں اور اس کے سوا ہماری کوئی اور غرض نہ ہو، اسلام کی جڑ توحید ہے اور توحید کی تکمیل اخلاص ہی سے ہوتی ہے یعنی کامل توحید یہی ہے کہ ہمارا ہر کام اللہ کے واسطے ہو اور صرف اللہ کی رضا اور اس کا ثواب ہی ہمارا مطمح نظر ہو حدیث میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "جس نے اللہ کے لیے محبت کی اور اللہ کے لیے دشمنی کی اور اللہ کے لیے دیا اور اللہ کے لیے منع کیا، اُس نے اپنا ایمان کامل کر لیا" مطلب یہ ہے کہ جس نے اپنے تعلقات اور معاملات کو اپنی ذاتی خواہش اور دوسری اغراض کے بجائے صرف رضا الٰہی کے ماتحت کر دیا وہی اللہ کے نزدیک کامل مومن ہے۔ ایک دوسری حدیث میں ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "اللہ تعالیٰ تمہاری صورتوں اور تمہارے جسموں کو نہیں دیکھتا بلکہ تمہارے دلوں کو دیکھتا ہے" یعنی اللہ تعالیٰ کی طرف سے جزا اور ثواب کا معاملہ خلوص اور دل کی نیّت کے مطابق ہوگا، ایک اور حدیث میں ہے، حضورؐ نے فرمایا، "لوگو! اپنے اعمال میں اخلاص پیدا کرو، اللہ تعالیٰ وہی عمل قبول کرتا ہے جو اخلاص سے ہو" آخر میں ایک حدیث اور ذکر کی جاتی ہے جس کو سن کر ہم سب کو لرز جانا چاہیے۔ بعض روایات میں ہے کہ حضرت ابوہریرہؓ جب اس حدیث کو سناتے تھے تو کبھی کبھی بے ہوش ہو کر گر پڑتے تھے۔ وہ

Marfat.com

حدیث یہ ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "قیامت میں سب سے پہلے قرآن کے بعض عالم اور بعض شہید اور بعض مالدار پیش کیے جائینگے اور ان لوگوں سے پوچھا جائے گا کہ تم نے اپنی زندگی میں ہمارے لیے کیا کیا؟ عالم قرآن کہے گا کہ میں عمر بھر تیری کتاب کو پڑھتا پڑھاتا رہا، اس کو خود سیکھا اور دوسروں کو سکھایا اور یہ سب تیرے واسطے کیا، ارشاد ہوگا تو جھوٹا ہے، تو نے یہ سب کچھ اپنی شہرت کے لیے کیا تھا جو دنیا میں تجھے حاصل ہو چکی، پھر مالدار سے پوچھا جائے گا کہ ہم نے تجھ کو مال دیا تھا تو نے اس میں ہمارے لیے کیا کیا؟ وہ کہے گا کہ نیکی کے سب کاموں میں، اور بھلائی کی سب راہوں میں تیری رضا کے لیے صرف کیا، ارشاد ہوگا تو جھوٹا ہے، تو نے دنیا میں یہ فیاضی صرف اس لیے کی تھی کہ تیری سخاوت اور فیاضی کے چرچے ہوں اور لوگ تعریفیں کریں، سو دنیا میں یہ سب کچھ تجھے حاصل ہو چکا۔ پھر اسی طرح شہید سے پوچھا جائے گا، وہ کہے گا کہ تیری دی ہوئی سب سے عزیز چیز جان تھی، میں اس کو بھی تیرے لیے قربان کر آیا، ارشاد ہوگا تو جھوٹا ہے، تو نے تو جنگ میں صرف اسلیے حصہ لیا تھا کہ تیری بہادری کی شہرت ہو اور تیرا نام ہو، سو وہ شہرت اور ناموری تجھے دنیا میں حاصل ہو گئی، پھر ان تینوں کے لیے حکم ہوگا کہ ان کو اوندھے منہ گھسیٹ کے جہنم میں ڈال دیا جائے چنانچہ یہ دوزخ

Marfat.com

میں جھونک دیئے جائیں گے۔" بھائیو! ہمیں چاہیئے کہ اپنے اعمال کو اس حدیث کی روشنی میں دیکھیں اور اپنے دلوں اور اپنی نیّتوں میں خلوص پیدا کرنے کی کوشش کریں۔ اے اللہ! ہم سب کو اخلاص نصیب فرما اور ہمارے ارادوں اور ہماری نیّتوں کو محض اپنے فضل و کرم سے درست فرما دے اور ہم کو اپنے مخلص بندوں میں سے کر دے۔ آمین۔

---


# خبردار!

پڑھنے کے بعد: زانیوں نے توبہ کرلی۔

شرابیوں نے دعا کی راہ اختیار کرلی

آپ بھی پڑھیں، عبرت حاصل کریں،

کتاب

موت کا منظر مع مرنے کے بعد کیا ہوگا؟

قیمت: ۱۵/=


Marfat.com

## دسواں باب

# ہر چیز سے زیادہ اللہ و رسولؐ کی اور دین کی محبّت

بھائیو! اسلام جس طرح ہم کو اللہ و رسولؐ پر ایمان لانے اور نماز، روزہ اور حج و زکوٰۃ ادا کرنے کی تعلیم دیتا ہے اور ایمانداری اور پرہیزگاری اور خوش اخلاقی اور نیک اطواری اختیار کرنے کی ہدایت اور تاکید کرتا ہے اسی طرح اسکی ایک خاص ہدایت اور تعلیم یہ بھی ہے کہ ہم دنیا کی ہر چیز سے زیادہ یہاں تک کہ اپنے ماں باپ اور بیوی بچّوں اور جان و مال اور عزّت و آبرو سے بھی زیادہ، خدا اور اس کے رسولؐ سے اور اس کے مقدّس دین سے محبّت کریں۔ یعنی اگر کبھی کوئی ایسا نازک اور سخت وقت آئے کہ دین پر قائم رہنے اور اللہ و رسولؐ کے حکموں پر چلنے کی وجہ سے ہمیں جان و مال اور عزّت و آبرو کا خطرہ ہو تو اس وقت بھی اللہ و رسولؐ کو اور دین کو نہ چھوڑیں اور جان و مال یا عزّت و آبرو پر جو کچھ گزرے، گزر جانے دیں۔ قرآن و حدیث میں جا بجا فرمایا گیا ہے کہ جو لوگ اسلام کا دعویٰ کریں اور اُن کو اللہ و رسولؐ کے ساتھ اور ان کے دین کے ساتھ ایسی محبّت اور اس درجے کا تعلّق نہ ہو وہ اصلی مسلمان نہیں ہیں بلکہ وہ اللہ کی طرف سے سخت سزا اور عذاب کے مستحق ہیں۔

Marfat.com

سورۂ توبہ میں فرمایا گیا ہے :

قُلْ اِنْ كَانَ اٰبَآؤُكُمْ وَاَبْنَآؤُكُمْ وَاِخْوَانُكُمْ وَاَزْوَاجُكُمْ وَعَشِيْرَتُكُمْ وَاَمْوَالُ نِ اقْتَرَفْتُمُوْهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ كَسَادَهَا وَمَسٰكِنُ تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ اِلَيْكُمْ مِّنَ اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَجِهَادٍ فِيْ سَبِيْلِهٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰى يَاْتِيَ اللّٰهُ بِاَمْرِهٖ ۗ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ

(سورۂ توبہ ع ۳)

(اے رسولؐ) تم ان لوگوں کو جتلادو کہ اگر تمھارے ماں باپ، تمھاری اولاد، تمھارے بھائی برادر، تمھاری بیویاں اور تمھارا کنبہ قبیلہ اور تمھارا مال و دولت جسے تم نے کمایا ہے اور تمھاری تجارت جس کی کساد بازاری سے تم ڈرتے ہو اور تمھارے رہنے کے مکانات جو تمھیں پسند ہیں (سو اگر یہ چیزیں) تم کو زیادہ محبوب ہیں اللہ سے اور اس کے رسول سے اور اس کے دین کے لیے کوشش کرنے سے تو اللہ کے فیصلے کا انتظار کرو (اور یاد رکھو) کہ اللہ نہیں ہدایت دیتا ہے نافرمانوں کو

اس آیت سے معلوم ہوا کہ جو لوگ اللہ و رسولؐ کے اور انکے دین کے مقابلہ میں اپنے ماں باپ یا بیوی بچوں یا مال و جائداد سے زیادہ محبت رکھتے ہوں اور جن کو اللہ و رسول کی رضا مندی اور دین کی خدمت و ترقی سے زیادہ فکر ان چیزوں کی ہو وہ اللہ کے سخت نافرمان ہیں اور اسکے غضب کے مستحق ہیں۔ ایک مشہور اور صحیح حدیث میں ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" ایمان کی مٹھاس اور دین کا ذائقہ اسی شخص کو نصیب ہوگا جسمیں

Marfat.com

تین باتیں جمع ہوں، اوّل یہ کہ اللہ و رسولؐ کی محبت اس کو تمام ماسوا سے زیادہ ہو، دوسرے یہ کہ جس آدمی سے بھی محبت کرے صرف اللہ کیلئے کرے (گویا ذاتی اور حقیقی محبت صرف اللہ ہی سے ہو) اور تیسرے یہ کہ ایمان کے بعد کفر کی طرف لوٹنا اور دین کو چھوڑنا اس کو ایسا ناگوار اور گراں ہو جیسا کہ آگ میں ڈالا جانا"۔ تو معلوم ہوا کہ اللہ و رسولؐ کے نزدیک اصلی اور سچے مسلمان وہی ہیں جن کو اللہ و رسولؐ کی اور دینِ اسلام کی محبت دنیا کے تمام آدمیوں اور تمام چیزوں سے زیادہ ہو یہاں تک کہ اگر وہ کسی آدمی سے بھی محبت کریں تو اللہ ہی کے لیے کریں اور دین سے ان کو ایسی الفت ہو کہ اس کو چھوڑ کر کفر کا طریقہ اختیار کرنا ان کے لیے اتنا شاق اور ایسا تکلیف دہ ہو جیسا کہ آگ کے الاؤ میں ڈالا جانا۔ ایک اور حدیث میں ہے، حضورؐ نے فرمایا "تم میں سے کوئی شخص اس وقت تک پورا مؤمن اور اصلی مسلمان نہیں ہو سکتا جب تک کہ اس کو میری محبت اپنے ماں باپ سے اور اپنی اولاد سے اور دنیا کے سارے آدمیوں سے زیادہ نہ ہو"۔ بھائیو! ایمان دراصل اسی کا نام ہے کہ آدمی بالکل اللہ و رسولؐ کا ہو جائے اور اپنے سارے تعلقات اور خواہشات کو ان کے تعلق پر اور ان کے دین کی راہ میں قربان کر سکے جس طرح کہ صحابۂ کرام نے کر دکھایا اور آج بھی اللہ کے سچے اور صادق بندوں کا یہی حال ہے اگرچہ ان کی تعداد بہت کم ہے اللہ تعالیٰ ہم سب کو بھی انھیں کے ساتھ اور انھیں میں سے کر دے

Marfat.com

## گیارھواں باب

# اللہ کے سچے دین کی خدمت و دعوت

بھائیو! جس طرح ہمارے لیے یہ ضروری ہے کہ اللہ و رسولؐ پر ایمان لائیں اور انکے بتلاتے ہوئے نیکی اور پرہیزگاری کے اس سیدھے اور روشن راستے پر چلیں جس کا نام "اسلام" ہے، اسی طرح ہم پر یہ بھی فرض ہے کہ اللہ کے جو بندے اُس راستے سے بے خبر ہیں یا اپنی طبیعت کی بُرائی کی وجہ سے اس پر نہیں چل رہے ہیں ان کو بھی اس سے واقف کرنے کی اور اس پر چلانے کی کوشش کریں یعنی جس طرح اللہ نے ہم پر یہ فرض کیا ہے کہ ہم اسکے اچھے فرمانبردار عبادت گزار اور پرہیزگار بندے بنیں، اسی طرح اس نے یہ بھی فرض کیا ہے کہ اس مقصد کے لیے ہم اس کے دوسرے بندوں میں بھی کوشش کریں، اسی کا نام دین کی خدمت اور دین کی دعوت ہے۔ اللہ تعالیٰ کے نزدیک یہ کام اتنا بڑا ہے کہ اس نے ہزاروں پیغمبر اس دنیا میں اسی مقصد کے لیے بھیجے اور ان پیغمبروں نے طرح طرح کی مصیبتیں اُٹھا کے اور دکھ سہہ کے دین کی خدمت و دعوت کا یہ کام انجام دیا۔ اور لوگوں کی اصلاح و ہدایت کے لیے کوششیں کیں (اللہ تعالیٰ نے ان پر

Marfat.com

اور ان کا ساتھ دینے والوں پر بے حساب رحمتیں نازل فرمائے) پیغمبری کا یہ سلسلہ خدا کے آخری پیغمبر حضرت محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم پر ختم ہو گیا، اور اللہ تعالیٰ نے انھیں کے ذریعہ اپنے اس خاص فیصلے کا اعلان بھی کرا دیا کہ دین کی تعلیم و دعوت اور لوگوں کی اصلاح و ہدایت کے لیے آئندہ اب کوئی نیا پیغمبر نہیں بھیجا جائے گا بلکہ اب قیامت تک یہ کام انھیں لوگوں کو کرنا ہوگا جو حضرت محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم کے لائے ہوئے دینِ حق کو مان چکے ہیں اور ان کی ہدایت کو قبول کر چکے ہیں۔ الغرض نبوّت و رسالت ختم ہونے کے بعد دین کی دعوت اور لوگوں کی اصلاح و ہدایت کی تمام تر ذمہ داری ہمیشہ کے لیے اب حضورؐ کی امّت کے سپرد کر دی گئی ہے اور دراصل اس امّت کی یہ بہت بڑی فضیلت ہے بلکہ قرآن شریف میں اسی کام اور اسی خدمت و دعوت کو اس امّت کے وجود کا مقصد بتلایا گیا ہے، گویا کہ یہ امّت پیدا ہی اس کام کے لیے کی گئی ہے، ارشاد ہے:

| | |
|---|---|
| كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ | (اے امتِ محمدؐ) تم ہو وہ بہترین جماعت جو |
| لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ | اس دنیا میں لائی گئی ہے انسانوں کی اصلاح |
| وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ | کے لیے، تم کہتے ہو نیکی کو اور روکتے ہو برائی |
| بِاللّٰهِ ؕ (آل عمران۔ع۔۱۲) | سے اور سچا ایمان رکھتے ہو اللہ پر۔ |

اِس آیت سے معلوم ہوا کہ یہ اُمتِ محمدیہ دنیا کی دوسری اُمتوں

Marfat.com

اور جماعتوں میں اسی لحاظ سے ممتاز اور افضل تھی کہ خود ایمان اور نیکی کے راستے پر چلنے کے علاوہ دوسروں کو بھی نیکی کے راستے پر چلانے اور برائیوں سے بچانے کی کوشش کرنا اس کی خاص خدمت اور خاص ڈیوٹی تھی اور اسی لیے اس کو "خَیْرَ اُمَّۃٍ" قرار دیا گیا تھا۔ اسی سے یہ بھی معلوم ہو گیا کہ یہ امّت اگر دین کی دعوت اور لوگوں کی اصلاح و ہدایت کا یہ فرض ادا نہ کرے تو وہ اس فضیلت کی مستحق نہیں بلکہ سخت مجرم اور قصور وار ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اتنے بڑے کام کی ذمّہ داری اس کے سپرد کی اور اس نے اس کو پورا نہ کیا۔ اس کی مثال بالکل ایسی ہے کہ کوئی بادشاہ سپاہیوں کے دستہ کو شہر میں اس کام پر متقرر کرے کہ وہ برائیوں اور بدمعاشیوں کو روکیں لیکن وہ سپاہی اس خدمت کو انجام نہ دیں بلکہ خود بھی وہ سب جرائم اور بدمعاشیاں کرنے لگیں جن کی روک تھام کے لیے بادشاہ نے ان کی ڈیوٹی لگائی تھی تو ظاہر ہے کہ یہ مجرم سپاہی انعام یا نوکری پانے کے مستحق تو کیا ہوتے سخت سزا کے قابل ہوں گے بلکہ اگر ان کو دوسرے مجرموں بدمعاشوں سے زیادہ سزا دی جائے تو بے جا نہ ہوگا۔ افسوس! اس وقت اسلامی امّت کا حال یہی ہے کہ دین کی خدمت و دعوت اور دنیا کی اصلاح و ہدایت کا کیا ذکر، خود ان میں دس پانچ فیصدی سے زیادہ ایسے نہیں رہے ہیں جو صحیح معنوں میں مومن و مسلم ہوں، نیکیاں کرتے ہوں اور برائیوں

Marfat.com

سے نیچے ہوں۔ ایسی حالت میں ہمارا سب سے مقدم فرض یہ ہے کہ دین کی دعوت اور اصلاح و ہدایت کا کام پہلے اس امت میں کے ان طبقوں میں کیا جائے جو دین و ایمان اور نیکی و پرہیزگاری کے راستے سے دور ہو گئے ہیں۔ اس کی ایک وجہ تو یہ ہے کہ جو لوگ اپنے کو مسلمان کہتے اور کہلاتے ہیں خواہ ان کی عملی حالت کیسی ہی ہو وہ بہرحال ایمان و اسلام کا اقرار کر کے خدا و رسولؐ اور ان کے دین کے ساتھ ایک قسم کا رشتہ اور ایک طرح کی خصوصیت پیدا کر چکے ہیں اور اسلامی سوسائٹی اور برادری کے ایک فرد بن چکے ہیں۔ اس واسطے ہمارے لیے ان کی اصلاح و تربیت کی فکر بہرحال مقدم ہے۔ جس طرح کہ قدرتی طور سے ہر شخص پر اس کی اولاد اور اس کے قریبی رشتہ داروں کی خبر گیری اور دیکھ بھال کی ذمہ داری بہ نسبت دوسرے لوگوں کے زیادہ ہوتی ہے اور ایک دوسری وجہ یہ بھی ہے کہ دنیا کے عام لوگ مسلمانوں کی موجودہ حالت کو دیکھتے ہوئے اسلام کی خوبی اور بہتری کو کبھی نہیں سمجھ سکتے بلکہ اُلٹے اس سے متنفّر اور بیزار ہوتے ہیں ہمیشہ سے عام لوگوں کا یہی طریقہ رہا ہے اور اب بھی یہی طریقہ ہے کہ کسی دین کے ماننے والوں کی حالت اور ان کے اعمال و اخلاق دیکھ کر ہی اس دین کے متعلق اچھی یا بُری رائے قائم کی جاتی ہے۔ جس زمانہ تک عام طور سے سچے مسلمان ہوتے تھے اور پوری طرح اسلام کے احکام پر چلتے تھے۔ دنیا کے لوگ صرف ان

Marfat.com

کو دیکھ دیکھ کے اسلام کے گرویدہ ہوتے تھے اور علاقے کے علاقے اور قومیں کی قومیں اسلام میں داخل ہوتی تھیں لیکن جب سے مسلمانوں میں زیادہ تعداد ایسے لوگوں کی ہوگئی جو اپنے کو مسلمان تو کہتے ہیں مگر اُن کے اعمال اور اخلاق اسلامی نہیں ہیں اور ان کے دل، ایمان اور تقوے کے نور سے خالی ہیں۔ اس وقت سے دنیا اسلام ہی سے بدظن ہوگئی ہے۔ بہرحال ہمیں اس حقیقت سے اچھی طرح سمجھ لینا چاہیئے کہ مسلمان امت کا طرزِ زندگی اور مسلمان قوم کی عملی حالت ہی اسلام کے حق میں سب سے بڑی شہادت اور گواہی ہے، وہ اگر اچھی ہوگی تو دنیا اسلام کے متعلق اچھی رائے قائم کرے گی اور خود بخود اس کی طرف آئے گی اور اگر وہ بُری ہوگی تو پھر عام دنیا اسلام ہی کو بُرا جانے گی اور پھر ان کو اسلام کی دعوت اگر دی بھی جائے گی تو اس کا کوئی اثر نہ ہوگا۔ پس دوسروں میں اسلام کی دعوت کا کام بھی اسی پر موقوف ہے کہ مسلمان اُمّت میں اسلامی زندگی یعنی ایمان اور عمل صالح عام ہو بہرحال اس لحاظ سے بھی یہی ضروری ہے کہ پہلے مسلمانوں ہی کی اصلاح و ہدایت کی فکر کی جائے اور ان میں دینی زندگی کو عام کرنے کے لیے پوری قوّت سے جدّوجہد کی جائے۔

قرآن شریف میں اِس کام کو (یعنی دین کی خدمت و دعوت اور لوگوں کی اصلاح و ہدایت کی کوشش کو) "جہاد" بھی کہا گیا ہے بلکہ

Marfat.com

"جہادِ کبیر" یعنی بڑا جہاد بتلایا گیا ہے[1] اور اس میں کچھ شبہ نہیں کہ اگر یہ کام خلوص اور نیک نیتی کے ساتھ اور محض اللہ کی رضامندی کے لیے کیا جائے تو یقیناً اللہ کے نزدیک یہ بہت بڑا جہاد ہے۔ بہت سے لوگ سمجھتے ہیں کہ جہاد صرف اس جنگ کا نام ہے جو دینی اصول و احکام کے مطابق اللہ کے راستہ میں لڑی جائے لیکن صحیح بات یہ ہے کہ دین کی دعوت اور بندگانِ خدا کی اصلاح و ہدایت کے لیے جس وقت جو کوشش کی جاسکتی ہو وہی اس وقت کا خاص جہاد ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نبوت کے بعد قریباً بارہ تیرہ برس مکہ معظمہ میں رہے، اس پوری مدت میں آپؐ کا اور آپؐ کے ساتھیوں کا جہاد یہی تھا کہ مخالفتوں اور طرح طرح کی مصیبتوں کے باوجود خود دین پر مضبوطی سے جمے رہے اور دوسروں کی اصلاح و ہدایت کی کوششیں کرتے رہے اور بندگانِ خدا کو خفیہ و علانیہ دین کی دعوت دیتے رہے۔ الغرض اللہ سے غافل اور راستہ سے بھٹکے ہوئے بندوں کو اللہ سے ملانے کی اور صحیح راستہ پر چلانے کی کوشش کرنا اور اس راہ میں اپنا پیسہ خرچ کرنا اور وقت اور چین و آرام قربان کرنا یہ سب اللہ کے نزدیک "جہاد" ہی میں شامل ہے بلکہ اس وقت کا "خاص جہاد" یہی ہے۔ اس کام کے کرنے والوں کو

---

[1] سورۂ فرقان کی آیت وَجَاهِدْهُمْ بِهِ جِهَادًا كَبِيرًا کے متعلق مفسرین کی عام رائے یہی ہے کہ اس سے تبلیغ و دعوت مراد ہے ۱۲

Marfat.com

آخرت میں جو اجر و ثواب ملنے والا ہے اور نہ کہنے والوں کے لیے اللہ کی لعنت و غضب کے جو خطرے ہیں ان کا کچھ اندازہ مندرجہ ذیل حدیثوں سے ہو سکتا ہے۔ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جو شخص لوگوں کو صحیح راستہ کی دعوت دے اور نیکی کی طرف بلائے تو جو لوگ اس کی بات مان کر جتنی نیکیاں اور بھلائیاں کریں گے اور ان نیکیوں کا جتنا ثواب ان کرنے والوں کو ملے گا اتنا ہی ثواب اس شخص کو بھی ملے گا جس نے ان کو نیکی کی دعوت دی اور اس کی وجہ سے خود نیکی کرنے والوں کے اجر و ثواب میں کوئی کمی نہیں ہوگی"۔ اس حدیث سے معلوم ہوا کہ اگر بالفرض آپ کی دعوت اور کوشش کے دس بیس آدمیوں کی بھی اصلاح ہو گئی اور وہ خدا اور رسولؐ کو پہچاننے لگیں اور دینی احکام پر چلنے لگے، نمازیں پڑھنے لگے اور اسی طرح دوسرے فرائض ادا کرنے لگے اور گناہوں اور بری باتوں سے بچنے لگے تو ان چیزوں کا جتنا ثواب ان سب کو ملے گا اس سب کے مجموعہ کی برابر تنہا آپ کو ملے گا اگر آپ غور کریں تو معلوم ہوگا کہ اس قدر اجر و ثواب کمانے کا کوئی دوسرا راستہ ہے نہیں کہ ایک آدمی کو سینکڑوں آدمیوں کی عبادتوں اور نیکیوں کا ثواب مل جائے۔ ایک دوسری روایت میں ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا "اے علیؓ! قسم اللہ کی اگر تمہارے ذریعہ ایک شخص کو بھی ہدایت ہو جائے تو تمہارے حق میں یہ اس سے بہتر ہے کہ

Marfat.com

بہت سے سُرخ اونٹ تمھیں مل جائیں (واضح رہے کہ اہلِ عرب سرخ اونٹوں کو بہت بڑی دولت سمجھتے تھے)" درحقیقت اللہ کے بندوں کی اصلاح و ہدایت اور ان کو نیکی کے راستہ پر لگانے کی کوشش، جیسا کہ پہلے بھی عرض کیا گیا بہت اونچے درجے کی خدمت اور نیکی ہے اور انبیاء علیہم السلام کی خاص وراثت اور نیابت ہے پھر دنیا کی کسی بڑی سے بڑی دولت کی بھی اس کے مقابلے میں کیا حقیقت ہو سکتی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک اور حدیث میں لوگوں کی اصلاح و ہدایت کے کام کی اہمیت کو ایک عام فہم مثال کے ذریعہ بھی سمجھایا ہے، آپؐ کے ارشاد کا خلاصہ یہ ہے کہ "فرض کرو ایک کشتی ہے جس میں نیچے اوپر دو درجے ہیں اور نیچے کے درجہ والے مسافروں کو پانی اوپر کے درجہ سے لانا پڑتا ہے جس سے اوپر والے مسافروں کو تکلیف ہوتی ہے اور وہ ان پر ناراض ہوتے ہیں تو اگر نیچے والے مسافر اپنی غلطی اور بیوقوفی سے نیچے ہی سے پانی حاصل کرنے کے لیے کشتی کے نچلے حصہ میں سوراخ کرنے لگیں اور اوپر کے درجہ والے ان کو اس غلطی سے روکنے کی کوشش نہ کریں تو نتیجہ یہ ہوگا کہ کشتی سب ہی کو لے کر ڈوب جائے گی اور اگر اوپر والے مسافروں نے سمجھا بجھا کر نیچے کے درجہ والوں کو اس حرکت سے روک دیا تو وہ ان کو بھی بچا لیں گے اور خود بھی بچ جائیں گے۔" حضورؐ نے فرمایا "بالکل اسی طرح گناہوں اور برائیوں کا بھی حال ہے اگر کسی جگہ کے لوگ جہالت کی باتوں اور گناہوں

Marfat.com

میں مبتلا ہوں اور وہاں کے نیک اور سمجھدار قسم کے لوگ ان کی اصلاح و ہدایت کی کوشش نہ کریں تو نتیجہ یہ ہوگا کہ ان گنہگاروں اور مجرموں کی وجہ سے خدا کا عذاب نازل ہوگا اور پھر سب ہی اس کی لپیٹ میں آجائیں گے اور اگر ان کو گناہوں اور برائیوں سے روکنے کی کوشش کر لی گئی تو پھر سب ہی عذاب سے بچ جائیں گے۔" ایک اور حدیث میں ہے، حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم نے بڑی تاکید کے ساتھ اور قسم کھا کے فرمایا" اس اللہ کی قسم! جس کے قبضے میں میری جان ہے، تم اچھی باتوں اور نیکیوں کو لوگوں سے کہتے رہو اور برائیوں سے ان کو روکتے رہو، یاد رکھو اگر تم نے ایسا نہ کیا تو بہت ممکن ہے کہ اللہ تم پر کوئی سخت قسم کا عذاب مسلط کر دے اور پھر تم اس سے دعائیں کرو اور تمھاری دعائیں بھی اس وقت نہ سُنی جائیں۔" بھائیو! اس زمانہ کے بعض خدارسیدہ اور روشن دل بزرگوں کا خیال ہے کہ مسلمانوں پر ایک عرصہ سے جو مصیبتیں اور ذلّتیں آرہی ہیں اور جن پریشانیوں میں مبتلا ہیں جو ہزاروں دعاؤں اور ختموں اور وظیفوں کے باوجود نہیں ٹل رہی ہیں اس کا بڑا سبب یہی ہے کہ ہم دین کی خدمت و دعوت اور لوگوں کی اصلاح و ہدایت کے کام کو چھوڑے ہوئے ہیں جس کے لیے ہم پیدا کیے گئے تھے اور ختمِ نبوت کے بعد جس کے ہم پورے پورے ذمّہ دار بنائے گئے تھے اور دنیا کا بھی ایسا ہی قانون ہے کہ جو سپاہی اپنی خاص ڈیوٹی ادا نہ کرے اس کو

Marfat.com

معطل کر دیا جاتا ہے اور بادشاہ جو سزا اس کے لیے مناسب سمجھتا ہے، دیتا ہے۔ آؤ! آئندہ کے لیے اس فرض اور اس ڈیوٹی کو انجام دینے کا ہم سب عہد کریں، اللہ تعالیٰ ہمارا مددگار ہو، اس کا وعدہ ہے۔

"وَلَيَنْصُرَنَّ اللّٰهُ مَن يَنْصُرُهُ"

"(اللہ ان لوگوں کی ضرور مدد کرے گا جو اس کے دین کی مدد کریں گے")

---


موت کا منظر، احوالِ برزخ، احوالِ یوم القیامۃ، احوالِ جہنم، جنت کے نظارے، ایمان پر اخلاقی جرائم کا اثر، علاماتِ قیامت سے باخبر ہونے کے لیے اور سچے موتی تلاش کرنے کے لیے کتاب

**موت کا منظر مع مرنے کے بعد کیا ہوگا؟**

مطالعہ فرمائیں

کتب خانہ شان اسلام راحت مارکیٹ اردو بازار لاہور


Marfat.com

## بارھواں باب

# دین پر استقامت

ایمان لانے کے بعد بندے پر اللہ کی طرف سے جو خاص ذمہ داریاں عائد ہوجاتی ہیں۔ ان میں سے ایک بڑی ذمہ داری یہ بھی ہے کہ بندہ پوری مضبوطی اور ہمت کے ساتھ دین پر قائم رہے اور خواہ زمانہ اس کے لیے کیسا ہی ناموافق ہوجائے، وہ کسی حال میں دین کا سرا ہاتھ سے چھوڑنے کے لیے تیار نہ ہو، اسی کا نام "استقامت" ہے۔ قرآن شریف میں ایسے لوگوں کے لیے بڑے انعامات اور بڑے درجوں کا ذکر کیا گیا ہے، ایک جگہ ارشاد ہے:

إِنَّ الَّذِينَ قَالُوا رَبُّنَا اللَّهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلَائِكَةُ أَلَّا تَخَافُوا وَلَا تَحْزَنُوا وَأَبْشِرُوا بِالْجَنَّةِ الَّتِي كُنْتُمْ تُوعَدُونَ. نَحْنُ أَوْلِيَاؤُكُمْ فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَفِي الْآخِرَةِ وَلَكُمْ فِيهَا مَا تَشْتَهِي أَنْفُسُكُمْ وَلَكُمْ فِيهَا مَا تَدَّعُونَ.

جن لوگوں نے اقرار کرلیا (اور دل سے قبول کرلیا) کہ ہمارا رب بس اللہ ہے (اور ہم اس کے مسلم بندے ہیں)، پھر وہ اس پر ٹھیک ٹھیک قائم رہے (یعنی اس اقرار کا حق ادا کرتے رہے، اور کبھی اس سے دبے) ان پر اللہ کی طرف سے فرشتے یہ پیغام لے کر اتریں گے کہ کچھ اندیشہ نہ کرو اور کسی بات کا رنج و غم نہ کرو اور اس جنت کے ملنے سے خوش رہو۔

Marfat.com

نُزُلًا مِّنْ غَفُوْرٍ رَّحِيْمٍ۔ (حٰمٓ السجدة ع ۴) جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا۔ ہم تمھارے رفیق ہیں دنیوی زندگی میں، اور آخرت میں اور تمھارے لیے اس جنت میں وہ سب کچھ ہوگا جو تمھارا جی چاہے گا اور تمھیں وہ سب کچھ ملے گا جو تم مانگو گے۔ یہ باعزت مہمانی ہوگی تمھارے رب غفور الرحیم کی طرف سے۔

سبحان اللہ! دین پر مضبوطی سے قائم رہنے والوں اور بندگی کا حق ادا کرنے والوں کے لیے اس آیت میں کتنی بڑی بشارت ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ اگر جان مال سب کچھ قربان کرکے بھی کسی کو یہ درجہ حاصل ہو جائے تو وہ بڑا خوش نصیب ہے ایک حدیث میں ہے: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک صحابی نے عرض کیا کہ حضرت مجھے کوئی ایسی کافی وافی نصیحت فرمایئے کہ آپ کے بعد پھر کسی سے پوچھنے کی حاجت نہ ہو۔ آپ نے ارشاد فرمایا "کہو بس اللہ میرا رب ہے اور پھر اس پر مضبوطی سے جمے رہو۔ (اور اس کے مطابق بندگی کی زندگی گزارتے رہو)" قرآن شریف میں ہماری ہدایت کے لیے اللہ تعالیٰ نے اپنے کئی ایسے وفادار بندوں کے بڑے سبق آموز واقعات بیان فرمائے ہیں جو بڑے سخت ناموافق حالات میں بھی دین پر قائم رہے اور بڑے سے بڑا لالچ اور سخت سے سخت تکلیفوں کا ڈر بھی ان کو دین سے نہیں ہٹا سکا، ان میں ایک واقعہ تو اُن جادوگروں کا ہے جنھیں فرعون نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کے مقابلے کیلیے بلایا تھا اور بڑے انعام واکرام کا ان سے وعدہ کیا تھا، لیکن خاص مقابلے کے

Marfat.com

وقت جب موسیٰ علیہ السّلام کے دین کی اور ان کی دعوت کی سچائی ان پر کھل گئی تو نہ انھوں نے اس کی پروا کی کہ فرعون نے جس انعام واکرام کا اور جن بڑے بڑے عہدوں کا وعدہ ہم سے کیا ہے ان سے ہم محروم رہ جائیں گے اور نہ اس کی پروا کی کہ فرعون ہمیں کتنی سخت سزا دے گا بہرحال انھوں نے سب خطروں سے بے پروا ہو کر بھرے مجمع میں پکار کے کہہ دیا کہ "اٰمَنَّا بِرَبِّ هٰرُوْنَ وَمُوْسٰی" (یعنی ہارون اور موسیٰ جس پروردگار کی بندگی کی دعوت دیتے ہیں ہم اس پر ایمان لے آئے) پھر جب خدا کے دشمن فرعون نے ان کو دھمکی دی کہ میں تمھارے ہاتھ پاؤں کٹوا کے سولی پر لٹکوا دوں گا تو انھوں نے پوری ایمانی جرأت سے جواب دیا۔

| | |
|---|---|
| فَاقْضِ مَآ اَنْتَ قَاضٍ ؕ اِنَّمَا تَقْضِیْ هٰذِهِ الْحَیٰوةَ الدُّنْیَا. اِنَّآ اٰمَنَّا بِرَبِّنَا لِیَغْفِرَ لَنَا خَطٰیٰنَا ۔ (سورہ طٰہٰ ع ۳) | تجھے جو حکم دینا ہو دے ڈال تو اپنا حکم بس اس چندروزہ دنیوی زندگی ہی میں تو چلا سکتا ہے اور ہم تو اپنے سچے رب پر ایمان اس لیے لائے ہیں کہ وہ (آخرت کی ابدی زندگی میں) ہمارے گناہ بخش دے |

اور اس سے بھی زیادہ سبق آموز واقعہ خود فرعون کی بیوی کا ہے، آپ کو معلوم ہے کہ فرعون مصر کی بادشاہت کا گویا اکیلا مالک ومختار تھا اور اس کی یہ بیوی ملک مصر کی ملکہ ہونے کے ساتھ خود فرعون کے دل کی بھی گویا مالک تھی، بس اس سے اندازہ کیجیے کہ اس کو دنیا کی کتنی عزت اور کیسا عیش حاصل ہوگا لیکن جب موسیٰ کے دین اور ان کی دعوت کی سچائی اللہ کی اس بندی پر کھل گئی تو اس نے بالکل

Marfat.com

اس کی پروانہ کی کہ فرعون مجھ پر کیسے کیسے ظلم کرے گا اور دنیا کے اس شاہانہ عیش کے بجائے مجھے کتنی مصیبتیں اور تکلیفیں جھیلنی پڑیں گی۔ الغرض ان سب باتوں سے بالکل بے پروا ہو کر اس نے اپنے ایمان کا اعلان کر دیا اور پھر حق کے راستہ میں اللہ کی اس بندی نے ایسی ایسی تکلیفیں اٹھائیں جن کے خیال سے رونگٹے کھڑے ہوتے ہیں اور کلیجہ منہ کو آتا ہے پھر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ان کو یہ درجہ ملا ہے کہ قرآن شریف میں بڑی عزت کے ساتھ ان کا ذکر کیا گیا اور مسلمانوں کے لیے ان کے صبر اور ان کی قربانی کو نمونہ بتلایا گیا ہے، ارشاد ہے۔

| | |
|---|---|
| وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوا امْرَاَتَ فِرْعَوْنَ اِذْ قَالَتْ رَبِّ ابْنِ لِيْ عِنْدَكَ بَيْتًا فِي الْجَنَّةِ وَنَجِّنِيْ مِنْ فِرْعَوْنَ وَعَمَلِهٖ وَنَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ. (سورۂ تحریم۔ ع۔ ۲) | اور ایمان والوں کیلیے اللہ تعالیٰ مثال بیان کرتا ہے، فرعون کی بیوی (آسیہ) کی، جب کہ اس نے دعا کی کہ اے میرے پروردگار تو میرے واسطے جنت میں اپنے قرب کے مقام میں ایک گھر بنا دے اور مجھے فرعون کے شر سے اور اس کی بداعمالیوں سے نجات دے اور اس ظالم قوم سے مجھے رہائی بخش دے۔ |

سبحان اللہ! کیا مرتبہ اور کیا شان ہے کہ ساری امت کے لیے یعنی حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے لے کر قیامت تک کے سب مسلمانوں کے لیے اللہ تعالیٰ نے اپنی اس بندی کی استقامت کو مثال اور نمونہ قرار دیا ہے۔

Marfat.com

حدیث شریف میں ہے کہ مکہ معظمہ میں جب مشرکوں نے مسلمانوں کو بہت ستایا اور ان کے ظلم حد سے بڑھ گئے تو بعض صحابہؓ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کیا کہ حضورؐ! اب ان ظالموں کے ظلم حد سے بڑھ رہے ہیں، لہذا آپ اللہ تعالیٰ سے دعا فرمائیں تو حضورؐ نے جواب دیا کہ تم ابھی سے گھبرا گئے تم سے پہلے حق والوں کے ساتھ یہاں تک ہوا ہے کہ لوہے کی تیز کنگھیاں ان کے سروں میں پیوست کر کے نکال دی جاتی تھیں اور کسی کے سر پر آرا چلا کے بیچ سے دو ٹکڑے کر دیئے جاتے تھے لیکن ایسے سخت وحشیانہ ظلم بھی ان کو اپنے سچے دین سے نہیں پھیر سکتے تھے اور وہ اپنا دین نہیں چھوڑتے تھے۔

اللہ تعالیٰ ہم کمزوروں کو بھی اپنے ان سچے بندوں کی ہمت اور استقامت کا کوئی ذرہ نصیب فرمائے اور اگر ایسا کوئی وقت مقدر ہو تو اپنے ان وفادار بندوں کے نقشِ قدم پر چلنے کی توفیق دے۔

بنا کردند خوش رسمے بخاک و خون غلطیدن
خدا رحمت کند ایں عاشقانِ پاک طینت را

---

Marfat.com

## تیرھواں باب

# دین کی کوشش اور نصرت و حمایت

ایمان والوں سے اللہ کا خاص مطالبہ اور بڑا تاکیدی حکم ایک یہ بھی ہے کہ جس سچّے دین کو اور اللہ کی بندگی والے جس اچھے طریقے کو انھوں نے سچّا اور اچھا سمجھ کر اختیار کیا ہے وہ اس کو زندہ اور سرسبز رکھنے کے لیے اور اس کو زیادہ سے زیادہ رواج دینے کے لیے جو کوشش کر سکتے ہوں ضرور کریں۔ دین کی خاص زبان میں اس کا نام جہاد ہے اور مختلف قسم کے حالات میں اس کی صورتیں مختلف ہوتی ہیں، مثلاً اگر کسی وقت حالات ایسے ہوں کہ خود اپنا اور اپنے گھر والوں کا، اور اپنی قوم اور جماعت کا دین پر قائم رہنا مشکل ہو اور اس کی وجہ سے خدانخواستہ مصیبتیں اور تکلیفیں اٹھانی پڑتی ہوں تو ایسے حالات میں خود اپنے کو اور اپنے گھر والوں اور اپنی قوم والوں کو دین پر ثابت قدم رکھنے کی کوشش کرنا، اور مضبوطی سے دین پر جمے رہنا بہت بڑا جہاد ہے۔ اسی طرح اگر کسی وقت مسلمان کہلانے والی قوم جہالت اور غفلت کی وجہ سے اپنے دین سے دُور ہوتی جارہی ہو تو اس کی اصلاح اور دینی تربیت کی کوشش کرنا اور اس میں اپنے جان و مال کا کھپانا بھی جہاد کی ایک قسم ہے۔ اسی طرح اللہ کے جو بندے اللہ کے سچّے دین سے اور اس کے نازل کیے ہوئے احکام سے بے خبر ہیں، ان

Marfat.com

کو معقولیت اور سچی ہمدردی کے ساتھ دین کا پیغام پہنچانے اور اللہ کے احکام سے واقف کرنے میں دوڑ دھوپ کرنا بھی جہاد کی ایک صورت ہے، اور اگر ایسا وقت ہو کہ اللہ و رسول پر ایمان رکھنے والی جماعت کے ہاتھ میں اجتماعی قوت اور طاقت ہو اور اللہ کے دین کی حفاظت اور نصرت کے مقصد کا تقاضا یہی ہو کہ اس کے لیے اجتماعی طاقت استعمال کی جائے تو اُس وقت اللہ کے مقرر کیے ہوئے قوانین کے مطابق دین کی حفاظت اور نصرت کے لیے طاقت کا استعمال کرنا جہاد ہے لیکن اس کے جہاد اور عبادت ہونے کی دو خاص شرطیں ہیں، ایک یہ کہ ان کا یہ اقدام کسی ذاتی یا قومی مفاد کی غرض سے یا ذاتی یا قومی تعصب و دشمنی کی وجہ سے نہ ہو بلکہ اصل مقصد صرف اللہ کے حکم کی تعمیل اور اس کے دین کی خدمت ہو، دوسرے یہ کہ اس کے قوانین کی پوری پابندی ہو ان دو شرطوں کے بغیر اگر طاقت کا استعمال ہوگا تو دین کی نظر میں وہ جہاد نہیں فساد ہوگا۔ اسی طرح ظالم و جابر حکمرانوں کے سامنے (چاہے وہ مسلمانوں میں سے ہوں یا غیر مسلموں میں سے) حق بات کہنا بھی جہاد کی ایک خاص قسم ہے، جس کو حدیث شریف میں "افضل الجہاد" فرمایا گیا ہے۔ دین کی کوشش اور حمایت و حفاظت کی یہ سب صورتیں (جن کا ابھی ذکر ہوا) اپنے اپنے موقع پر یہ سب اسلام کے فرائض میں سے ہیں اور جہاد کا لفظ (جیسا کہ اوپر ہم نے تبلایا) درجہ بدرجہ ان سب کو شامل ہے اب اس کی تاکید اور فضیلت

Marfat.com

کے متعلق چند آیتیں اور حدیثیں اور سن لیجیے :

وَجَاهِدُوْا فِي اللّٰهِ حَقَّ جِهَادِهٖ ؕ هُوَ اجْتَبٰكُمْ (سورۃ الحج ع ۱۰)

اور کوشش کرو اللہ کی راہ میں جیسا کہ اس کا حق ہے اس نے (اپنے دین کیلیے) تم کو منتخب کیا ہے

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا هَلْ اَدُلُّكُمْ عَلٰى تِجَارَةٍ تُنْجِيْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ۝ تُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَتُجَاهِدُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِاَمْوَالِكُمْ وَاَنْفُسِكُمْ ؕ ذٰلِكُمْ خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ۝ يَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَيُدْخِلْكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ جَنّٰتِ عَدْنٍ ؕ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ (سورۃ صف ع ۱۰)

اے ایمان والو! کیا میں تمہیں ایک ایسی تجارت اور ایسے سودے کا پتہ دے دوں جو دردناک عذاب سے تم کو نجات دلاسکے۔ وہ یہ ہے کہ اللہ اور اس کے رسول پر تم ایمان کو استوار کرو اور اس کی راہ میں (یعنی اسکے دین کیلیے) اپنے مال اور اپنی جان سے کوشش کرو۔ یہ نہایت اچھا سودا ہے تمہارے لیے اگر تمہیں سمجھ بوجھ ہو (اگر تم نے اللہ و رسول پر ایمان اور اس کی راہ میں جان و مال سے کوشش کی یہ شرط پوری کردی، تو) وہ تمہارے گناہ بخشدے گا اور تم کو (عالم آخرت کے) ان باغوں میں داخل کردیگا جن کے نیچے نہریں جاری ہونگی اور ہمیشگی والی جنت کے عمدہ مکانوں میں تم کو بسائے گا یہ تمہاری بڑی کامیابی اور بامرادی ہے۔

حدیث شریف میں ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دن خطبہ دیا اور اس میں ارشاد فرمایا : " اللہ پر سچا ایمان لانا اور دین کی کوشش کرنا

سب اعمال میں افضل ہے۔" ایک اور حدیث میں ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، "جس بندے کے پاؤں پر راہِ خدا میں چلنے کی وجہ سے گرد و غبار پڑا، یہ نہیں ہو سکتا کہ دوزخ کی آگ پھر اس کو چھو سکے۔ ایک اور حدیث میں ہے حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا، "تم میں سے کسی شخص کا خدا کی راہ میں (یعنی اللہ کے دین کی جدّ و جہد اور اس کی نصرت و حمایت میں) کھڑا ہونا اور کچھ حصّہ لینا اپنے گھر کے گوشہ میں رہ کر ستّر سال نماز پڑھنے سے افضل ہے۔"

اللہ تعالیٰ ہم سب کو توفیق دے کہ ہم بھی دین کی کوشش اور نصرت و حمایت کا یہ اجر و ثواب حاصل کریں۔ آمین

---

عکسی
تبلیغی نصاب

منگوانے کا پتہ: کتب خانہ شانِ اسلام اُردو بازار لاہور (پاکستان)

Marfat.com

## چودھواں باب

# شہادت کی فضیلت اور شہیدوں کا مرتبہ

دینِ حق پر یعنی اسلام پر قائم رہنے کی وجہ سے اگر اللہ کے کسی بندہ یا بندی کو مار ڈالا جائے یا دین کی کوشش اور حمایت میں کسی خوش نصیب کی جان چلی جائے تو دین کی خاص زبان میں اس کو شہید کہتے ہیں اور اللہ کے یہاں ایسے لوگوں کا بہت درجہ ہے۔ ایسے لوگوں کے متعلق قرآن مجید میں فرمایا گیا ہے کہ ان کو ہرگز مرا ہوا نہ سمجھو بلکہ شہید ہو جانے کے بعد اللہ کی طرف سے ان کو خاص زندگی ملتی ہے اور ان پر طرح طرح کی نعمتوں کی بارش ہوتی رہتی ہے:

| | |
|---|---|
| وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتًا ۚ بَلْ اَحْيَاۗءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ يُرْزَقُوْنَ | جو لوگ اللہ کی راہ میں (یعنی اس کے دین کے راستہ میں) مارے جائیں اور ان کو ہرگز مردہ نہ سمجھو بلکہ وہ زندہ ہیں اپنے پروردگار کے پاس، ان کو طرح طرح کی نعمتیں دی جاتی ہیں |
| (سورۂ آلِ عمران۔ ع۔ ۱۷) | |

شہیدوں پر اللہ تعالیٰ کا کیسا پیار ہوگا اور ان کو کیسے کیسے انعامات ملیں گے اِس کا اندازہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی اس حدیث سے کیا جا سکتا ہے، حضورؐ نے فرمایا: "جنتیوں میں سے کوئی شخص بھی یہ نہ چاہے گا کہ اس کو پھر دنیا میں واپس بھیجا جائے۔ اگرچہ ان سے کہا جائے کہ تم کو ساری دنیا دے

دی جائے گی لیکن شہید اس کی آرزو کریں گے کہ ایک دفعہ نہیں، ان کو دس دفعہ پھر دنیا میں بھیجا جائے تاکہ ہر دفعہ وہ اللہ کی راہ میں شہید ہو کے آئیں۔ انھیں یہ آرزو شہادت کے مراتب اور اس کے خاص انعامات دیکھ کر ہو گی"۔

شہادت کی تمنا اور اس کے شوق میں خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا حال یہ تھا کہ ایک حدیث میں ارشاد فرمایا: "قسم اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے، میرا جی چاہتا ہے کہ میں اللہ کی راہ میں قتل کیا جاؤں، پھر مجھے زندہ کر دیا جائے اور پھر میں قتل کیا جاؤں پھر مجھے زندہ کیا جائے اور پھر میں قتل کیا جاؤں پھر مجھے زندہ کیا جائے اور پھر میں قتل کیا جاؤں"۔

ایک حدیث میں ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "شہید کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے چھ انعام ملتے ہیں، ایک یہ کہ وہ فوراً ہی بخش دیا جاتا ہے اور اس کو جنت میں ملنے والا اس کا مکان و مقام دکھا دیا جاتا ہے دوسرے یہ کہ قبر کے عذاب سے اس کو بچا دیا جاتا ہے، تیسرے یہ کہ حشر کے دن کی اس سخت گھبراہٹ اور پریشانی سے اس کو امن دی جائے گی جس سے وہاں سب بے حواس ہوں گے (اِلَّا مَنْ شَآءَ اللہ) چوتھے یہ کہ قیامت میں اس کے سر پہ عزت و وقار کا ایک ایسا تاج رکھا جائے گا جس میں ایک یاقوت تمام دنیا و مافیہا سے بہتر ہو گا۔ پانچویں یہ کہ جنت کی حوروں میں سے ۷۲ اس کے نکاح میں دی جائیں گی۔ چھٹے یہ کہ اس کے

Marfat.com

قرابت داروں میں سے ستر کے حق میں اس کی سفارش قبول کی جائے گی۔ ایک حدیث میں ہے، حضورؐ نے فرمایا، "شہید ہونے والے کے سب گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں البتہ اگر کسی آدمی کا قرض اس کے ذمہ ہوگا تو اس کا بوجھ باقی رہیگا۔" اور یاد رہے کہ ثواب اور فضیلت اسی پر موقوف نہیں ہے کہ دین کے راستہ میں آدمی مار ہی ڈالا جائے بلکہ اگر دین کی وجہ سے کسی ایمان والے کو ستایا گیا، بے عزت کیا گیا، مارا پیٹا گیا یا اس کا مال لوٹا گیا یا کسی اور طرح کا اس کو نقصان پہنچایا گیا تو اس سب کا بھی اللہ کے یہاں بہت بڑا ثواب ملے گا اور اللہ تعالےٰ ایسے لوگوں کو اتنے بڑے مرتبے دے گا کہ بڑے بڑے عابد و زاہد ان پر رشک کریں گے جس طرح دنیاوی حکومتوں میں ان سپاہیوں کی بڑی عزت ہوتی ہے اور انھیں بڑے بڑے انعامات اور خطابات دیئے جاتے ہیں جو اپنی حکومت کی وفاداری اور حمایت میں چوٹیں کھائیں، مارے پیٹے جائیں، زخمی کیے جائیں اور پھر بھی اس حکومت کے وفادار رہیں، اسی طرح اللہ کے یہاں اُن بندوں کی خاص عزت ہے جو اللہ کے دین پر قائم رہنے کے جرم میں یا دین کی ترقی اور سر سبزی کے لیے کوشش کرنے کے سلسلہ میں مارے پیٹے جائیں، یا بے عزت کیے جائیں یا دوسری طرح کے نقصانات اٹھائیں۔ قیامت کے دن ایسے لوگوں کو جب خاص انعامات بٹیں گے اور اللہ تعالیٰ اپنے خاص اعزاز و اکرام سے انھیں نوازے گا تو دوسرے لوگ حسرت کریں گے کہ

Marfat.com

کاش! دنیا میں ہمارے ساتھ بھی یہی کیا گیا ہوتا۔ دین کے لیے ہم ذلیل کیے گئے ہوتے، مارے پیٹے گئے ہوتے، ہمارے جسموں کو زخمی کیا گیا ہوتا تاکہ اس وقت یہی انعامات ہم کو بھی ملتے۔

اے اللہ! اگر ہمارے لیے کبھی ایسی آزمائشیں مقدر ہوں تو ہم کو ثابت قدم رکھنا اور اپنی رحمت اور مدد سے محروم نہ فرمانا۔ آمین







Marfat.com

## پندرھواں باب

# مرنے کے بعد

## برزخ، قیامت، آخرت

اتنی بات تو سب جانتے اور مانتے ہیں کہ جو اِس دنیا میں پیدا ہُوا اس کو کسی نہ کسی دن مرنا ضرور ہے لیکن اپنے طور سے یہ بات کسی کو بھی معلوم نہیں اور نہ کوئی اس کو معلوم کر سکتا ہے کہ مرنے کے بعد کیا ہوگا، یہ بات صرف اللہ ہی کو معلوم ہے، اور اُس کے بتلانے سے پیغمبروں کو معلوم ہوتی ہے اور اُن کے بتلانے سے ہم جیسے عام آدمیوں کو بھی معلوم ہو جاتی ہے۔ اللہ کے ہر پیغمبر نے اپنے اپنے وقت میں اپنی قوم اور اپنی امت کو خوب اچھی طرح بتلایا اور جتلایا تھا کہ مرنے کے بعد کن منزلوں سے تم کو گزرنا ہوگا اور دنیا میں کیے ہوئے تمہارے اعمال کی جزا اور سزا ہر منزل میں تمہیں کس طرح ملے گی اور پیغمبر خدا سیدنا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم چونکہ خدا کے آخری نبی اور رسول ہیں اور ان کے بعد اب کوئی پیغمبر قیامت تک آنے والا نہیں ہے، اِس لیے آپ نے مرنے کے بعد کی تمام منزلوں کا بیان بہت ہی تفصیل اور تشریح سے فرمایا ہے۔ اگر اس سب کو جمع کیا جائے تو ایک بہت بڑا دفتر تیار ہو سکتا ہے۔ قرآن شریف میں اور حضور کی حدیثوں میں جو کچھ

Marfat.com

اس سلسلہ میں بیان فرمایا گیا ہے، اُس کا مختصر خلاصہ یہ ہے۔ کہ مرنے کے بعد تین منزلیں آنے والی ہیں، پہلی منزل مرنے کے وقت سے لے کر قیامت آنے تک کی ہے اس کو عالمِ برزخ کہتے ہیں۔ مرنے کے بعد آدمی کا جسم چاہیے زمین میں دفن کر دیا جائے، چاہے دریا میں بہا دیا جائے، چاہے جلا کر راکھ کر دیا جائے لیکن اس کی رُوح کسی صورت میں بھی فنا نہیں ہوتی، صرف اتنا ہوتا ہے کہ وہ ہماری اس دنیا سے منتقل ہو کر ایک دوسرے عالم میں چلی جاتی ہے، وہاں اللہ کے فرشتے اس کے دین و مذہب کے متعلق اس سے کچھ سوالات کرتے ہیں وہ اگر سچا ایمان والا ہے تو صحیح صحیح جواب دے دیتا ہے جس پر فرشتے اس کو خوشخبری سُنا دیتے ہیں کہ تو قیامت تک چین و آرام سے رہ۔ اور اگر وہ مومن نہیں ہوتا بلکہ کافر یا صرف نام کا مسلمان منافق ہوتا ہے تو اُسی وقت سے سخت عذاب اور دُکھ میں مبتلا کر دیا جاتا ہے، جس کا سلسلہ قیامت تک جاری رہتا ہے، یہی برزخ کی منزل ہے جس کا زمانہ مرنے کے وقت سے لے کر قیامت تک کا ہے، اس کے بعد دوسری منزل قیامت اور حشر کی ہے۔ قیامت کا مطلب یہ ہے کہ ایک وقت ایسا آئے گا کہ اللہ کے حکم سے یہ ساری دنیا ایک دم فنا کر دی جائے گی (یعنی جس طرح سخت قسم کے زلزلوں سے علاقے کے علاقے ختم ہو جاتے ہیں، اسی طرح سے اس وقت ساری دنیا درہم برہم ہو جائے گی اور سب چیزوں پر ایک

Marfat.com

دم فنا آجائے گی) پھر عرصۂ دراز کے بعد اللہ تعالیٰ جب چاہے گا سب انسانوں کو پھر سے زندہ کرے گا، اُس وقت ساری دنیا کے اگلے پچھلے سب انسان دوبارہ زندہ ہو جائیں گے اور اُن کی دنیوی زندگیوں کا پورا حساب ہوگا، اِس جانچ اور حساب میں اللہ کے جو بندے نجات اور جنّت کے مستحق نکلیں گے اُن کے لیے جنّت کا حکم دے دیا جائے گا اور جو ظالم اور مجرم اللہ کے عذاب اور دوزخ کے سزاوار ہوں گے، ان کے لیے دوزخ کا حکم سُنا دیا جائے گا۔ یہ منزل مرنے کے بعد کی دوسری منزل ہے جس کا نام قیامت اور حشر ہے۔ اس کے بعد جنّتی ہمیشہ ہمیشہ کے لیے جنّت میں چلے جائیں گے، جہاں صرف آرام اور چین ہوگا اور ایسی لذّتیں اور راحتیں ہوں گی جو اس دنیا میں کسی نے دیکھی سُنی نہ ہوں گی اور دوزخی دوزخ میں ڈال دیے جائیں گے جہاں ان کو بڑے سخت قسم کے عذاب اور دُکھ ہوں گے، اللہ ہم سب کو اُس سے اپنی پناہ میں رکھے۔ یہ دوزخ اور جنّت ہی مرنے کے بعد کی تیسری اور آخری منزل ہے اور پھر لوگ ہمیشہ ہمیشہ اپنے اعمال کے مطابق جنّت یا دوزخ ہی میں رہیں گے۔ مرنے کے بعد کے متعلق اللہ کے پیغمبروں نے اور خاص طور سے آخری پیغمبر سیدنا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کچھ بتلایا ہے اور قرآن و حدیث میں جو کچھ فرمایا گیا ہے اس کا خلاصہ یہی ہے جو اوپر ذکر کیا گیا۔ اب چند آیتیں اور حدیثیں بھی سُن لیجئے:

كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ قف ثُمَّ　　ہر جان کو موت کا مزا چکھنا ہے، پھر تم سب

Marfat.com

اِلَيْنَا تُرْجَعُوْنَ ۔ (عنکبوت ع-۶) ہماری طرف لوٹو گے ۔

كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ الْمَوْتِ ؕ وَاِنَّمَا تُوَفَّوْنَ اُجُوْرَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ (سورۂ آل عمران ع-۱۹) ہر جان کو موت کا مزہ چکھنا ہے اور تمھارے اعمال کے بدلے قیامت کے دن پورے پورے دیئے جائیں گے ۔

قیامت اور اس کی ہولناکیوں کا ذکر قرآن شریف میں سینکڑوں جگہ کیا گیا ہے، چند آیتیں ہم یہاں بھی نقل کرتے ہیں :

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۚ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيْمٌ ۝ يَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّآ اَرْضَعَتْ وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى النَّاسَ سُكٰرٰى وَمَا هُمْ بِسُكٰرٰى وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ (الحج ع-۱) اے لوگو! اپنے رب سے ڈرو، قیامت کا بھونچال بڑی (خوفناک) چیز ہے جس دن تم اسے دیکھو گے اس دن ہر دودھ پلانے والی ماں اپنے دودھ پیتے پیارے بچے کو بھول جائے گی اور حمل والیوں کے حمل ساقط ہو جائیں گے اور تم دیکھو گے سب لوگوں کو نشہ کی سی حالت میں اور حقیقت میں وہ نشہ میں نہ ہونگے بلکہ اللہ کا عذاب بڑا سخت ہے (بس اسکی دہشت سے لوگ بے ہوش ہو جائینگے)

اور سورہ مزمل میں قیامت ہی کے بیان میں فرمایا گیا ہے :

يَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيْبًا مَّهِيْلًا ۝ جب زمینوں اور پہاڑوں پر لرزہ ہوگا اور پہاڑ بہتی ہوئی ریت کی طرح ہو جائینگے ۔

Marfat.com

اور اسی سورۃ میں قیامت ہی کے متعلق فرمایا گیا ہے:

يَوْمًا يَجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبًا — وہ دن بچوں کو بوڑھا بنا دے گا۔

اور سورۃ عبس میں ارشاد ہے:

فَإِذَا جَاءَتِ الصَّاخَّةُ ۝ يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ أَخِيهِ ۝ وَأُمِّهِ وَأَبِيهِ ۝ وَصَاحِبَتِهِ وَبَنِيهِ ۝ لِكُلِّ امْرِئٍ مِّنْهُمْ يَوْمَئِذٍ شَأْنٌ يُغْنِيهِ ۝ وُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ ۝ وَوُجُوهٌ يَوْمَئِذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ ۝ تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ ۝ (سورۃ عبس)

جب آئے گی کانوں کے پردے پھاڑنے والی وہ آواز (یعنی جس وقت قیامت کا صور پھونکا جائیگا) اس دن بھاگے گا آدمی اپنے بھائی سے اور اپنی ماں اور اپنے باپ سے اور اپنی بیوی سے، ان میں سے ہر ایک کیلیے اس دن فکر ہوگی جو اس کو دوسروں سے بے پروا بنا دیگی (یعنی ہر ایک اپنی فکر میں ایسا ڈوبا ہوگا کہ ماں باپ بیوی، اولاد اور بہن بھائی کی بالکل پرواہ نہ کریگا، بلکہ ان سے بھاگے گا)

بہت سے چہرے اس دن روشن ہوں گے، ہنستے ہوئے خوشی سے کھلے ہوئے اور بہت سے منہ اس دن خاک میں اٹے ہونگے اور ان پر سیاہی چھائی ہوگی

قیامت کے دن سب انسان خدا کے سامنے حاضر ہوں گے، کوئی بھی کہیں چھپ نہیں سکے گا۔

يَوْمَئِذٍ تُعْرَضُونَ لَا تَخْفَىٰ مِنكُمْ خَافِيَةٌ ۝ (سورۃ الحاقہ)

اس دن تم سب خدا کے سامنے پیش کیے جاؤ گے تم میں سے کوئی چھپنے والا چھپ نہیں سکے گا۔

Marfat.com

اور سورۂ کہف میں ارشاد ہے:

| | |
|---|---|
| وَيَوْمَ نُسَيِّرُ الْجِبَالَ وَتَرَى | اس دن ہم پہاڑوں کو ہٹا دیں گے (یعنی پہاڑ |
| الْأَرْضَ بَارِزَةً وَّحَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ | اپنی جگہ قائم نہ رہیں گے بلکہ وہ گر جائیں گے اور |
| نُغَادِرْ مِنْهُمْ أَحَدًا ۝ وَعُرِضُوْا عَلٰى | ریزہ ریزہ ہو جائیں گے)، اور تم دیکھو گے زمین کو کھلی |
| رَبِّكَ صَفًّا ؕ لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا كَمَا | ہوئی (یعنی نہ اس میں شہر رہیں گے نہ بستیاں نہ |
| خَلَقْنٰكُمْ أَوَّلَ مَرَّةٍ بَلْ زَعَمْتُمْ | باغات بلکہ ساری زمین ایک کھلا میدان ہو جائیگی) |
| أَلَّنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ مَّوْعِدًا ۝ وَوُضِعَ | اور پھر ہم سب انسانوں کو دوبارہ زندہ کریں گے |
| الْكِتٰبُ فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ | اور ان میں سے ایک کو بھی نہ چھوڑیں گے۔ |
| مِمَّا فِيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ يٰوَيْلَتَنَا مَالِ | اور وہ سب قطار در قطار اپنے رب کے سامنے |
| هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا | پیش کیے جائیں گے (اور ان سے کہا جائے گا، |
| كَبِيْرَةً إِلَّا أَحْصٰهَا ۚ وَوَجَدُوْا | دیکھو!) تم دوبارہ زندہ ہو کر ہمارے پاس آ |
| مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ؕ وَلَا يَظْلِمُ رَبُّكَ | گئے جیسا کہ ہم نے پہلی مرتبہ تم کو پیدا کیا تھا بلکہ |
| أَحَدًا ۝ (الکہف ع ۶) | تم یہ سمجھ رہے تھے کہ ہم تمہارے لیے کوئی وقت |

مقرر نہیں لائیں گے اور اعمالنامہ (جس میں ان کے تمام اچھے برے اعمال کی تفصیل ہوگی)
سامنے رکھ دیا جائیگا اور تم دیکھو گے مجرموں کو ڈرتا ہوا اس اعمالنامہ سے کہنے لگیں گے ہائے! ہماری
کمبختی، اس اعمالنامہ کی عجیب حالت ہے نہ اس نے ہمارا کوئی چھوٹا عمل چھوڑا ہے نہ بڑا عمل سب ہی
کو یہ قلمبند کیے ہوئے ہے اور جو کچھ انھوں نے دنیا میں کیا تھا اس سب کو موجود پائیں گے اور ظلم نہیں کرے گا تمہارا پروردگار کسی پر

Marfat.com

قیامت میں انسان کے ہاتھ پاؤں اور اس کے تمام اعضاء بھی اسکے اعمال کی گواہی دیں گے۔ سورۂ یٰسٓ میں ارشاد ہے۔

| | |
|---|---|
| اَلْیَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓی اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَآ | آج کے دن ہم ان کے منہ پر مہر لگادیں گے اور |
| اَیْدِیْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ بِمَا | ان کے ہاتھ پاؤں بولیں گے اور گواہی دینگے |
| كَانُوْا یَكْسِبُوْنَ ۝ | اس کی جو وہ کیا کرتے تھے۔ |

الغرض قیامت میں جو کچھ ہوگا قرآن شریف نے بڑی تفصیل سے اس سب کو بیان فرمایا ہے۔ یعنی پہلے زلزلوں اور دھماکوں کا ہونا، پھر سب دنیا کا فنا ہو جانا حتیٰ کہ پہاڑوں کا بھی ریزہ ریزہ ہو جانا، پھر سب انسانوں کا زندہ کیا جانا، پھر حساب کے لیے میدانِ حشر میں حاضر ہونا اور وہاں ہر ایک کے سامنے اس کے اعمالنامہ کا آنا اور خود انسان کے اعضاء کا اس کے خلاف گواہی دینا اور پھر ثواب یا عذاب یا معافی کا فیصلہ ہونا اور اس کے بعد لوگوں کا جنت یا دوزخ میں جانا یہ سب چیزیں قرآن شریف کی بعض سورتوں میں تو ایسی تفصیل سے بیان کی گئی ہیں کہ ان کے پڑھنے سے قیامت کا سماں آنکھوں کے سامنے کھنچ جاتا ہے چنانچہ ایک حدیث میں یہ بھی آیا ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: جو شخص چاہے قیامت کا منظر اس طرح دیکھے کہ گویا وہ اس کی آنکھوں کے سامنے ہے تو وہ قرآن شریف کی سورتیں: اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ، اِذَا السَّمَآءُ انْفَطَرَتْ اور اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ پڑھے۔

اب ہم برزخ اور قیامت کے متعلق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی چند حدیثیں بھی ذکر کرتے ہیں۔ حضرت عبداللہ بن عمرؓ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا "تم میں سے کوئی جب مر جاتا ہے تو اس کو جو مقام قیامت کے بعد جنت یا دوزخ میں (اپنے اعمال کے لحاظ سے) ملنے والا ہوتا ہے وہ ہر صبح شام اس پر پیش کیا جاتا ہے اور اس سے کہا جاتا ہے کہ یہ ہے تیرا ٹھکانہ جہاں تجھے پہنچنا ہے"۔ ایک اور حدیث میں ہے، کہ "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دفعہ وعظ میں قبر (یعنی عالم برزخ) کی آزمائش اور وہاں کے احوال کا ذکر فرمایا تو تمام مسلمان جو حاضر تھے، چیخ اٹھے"۔ بہت سی حدیثوں میں قبر کے احوال اور سوال و جواب اور پھر وہاں کے عذاب کا تفصیل سے بھی ذکر آیا ہے، یہاں ہم اختصار کی وجہ سے صرف انہی دو مختصر حدیثوں کے ذکر پر بس کرتے ہیں۔ اب چند حدیثیں قیامت کے متعلق اور سن لیجیے۔ ایک حدیث میں ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قیامت کا ذکر کرتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ "جب اللہ کے حکم سے قیامت کا پہلا صور پھونکا جائے گا تو تمام لوگ بے ہوش اور بے جان ہو کر گر جائیں گے پھر جب دوسری مرتبہ صور پھونکا جائے گا تو سب زندہ ہو کر کھڑے ہو جائیں گے پھر حکم ہوگا کہ تم سب اپنے رب کے سامنے حاضری کے لیے چلو اور پھر فرشتوں کو حکم ہوگا کہ ان کو ٹھہرا کر کھڑا کرو، یہاں ان سے ان کی زندگی کے متعلق پوچھ ہو

Marfat.com

گی۔" ایک اور حدیث میں ہے کہ "ایک صحابیؓ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا، یا رسول اللہ، اللہ تعالیٰ اپنی مخلوق کو دوبارہ کیسے زندہ کرے گا اور کیا اس دنیا میں اس کی کوئی نشانی اور مثال ہے؟ آپؐ نے فرمایا کیا کبھی ایسا نہیں ہوا کہ تم اپنی قوم کی کسی زمین پر ایسی حالت میں گزرے ہو کہ وہ سوکھی، سبزے سے خالی ہو اور پھر دوبارہ ایسی حالت میں اس پر تمہارا گزر ہوا ہو کہ وہ ہری بھری لہلہا رہی ہو؟ (صحابیؓ کہتے ہیں کہ) میں نے عرض کیا ہاں ایسا ہوا ہے۔ آپؐ نے فرمایا کہ دوبارہ زندہ کرنے کی یہی نشانی اور مثال ہے، ایسے ہی اللہ تعالیٰ مردوں کو دوبارہ زندہ کردے گا۔" ایک اور حدیث میں ہے کہ "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قرآن شریف کی یہ آیت پڑھی یَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ اَخْبَارَھَا (قیامت کے دن زمین اپنی سب خبریں بیان کرے گی) پھر آپؐ نے فرمایا تم سمجھتے ہو اس کا کیا مطلب ہے؟ صحابہؓ نے عرض کیا، اللہ اور اس کے رسولؐ ہی زیادہ جاننے والے ہیں، آپؐ نے فرمایا، اس کا مطلب یہ ہے کہ قیامت کے دن زمین اللہ کے ہر بندہ پر اور ہر بندی پر گواہی دے گی ان اعمال کی جو انھوں نے زمین پر کیے ہوں گے، یعنی اللہ کے حکم سے زمین اس دن بولے گی اور بتلائے گی کہ فلاں بندہ نے یا فلاں بندی نے فلاں دن میرے اوپر یہ عمل کیا تھا۔" ایک اور حدیث میں ہے کہ "آپؐ نے قیامت کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ قیامت

Marfat.com

کے دن بندہ سے فرمائے گا آج تو خود ہی اپنے اوپر گواہ ہے اور میرے لکھنے والے فرشتے بھی موجود ہیں اور بس یہی گواہیاں کافی ہیں، پھر ایسا ہوگا کہ اللہ کے حکم سے بندہ کے منہ پر مہر لگ جائے گی وہ زبان سے کچھ نہ بول سکے گا اور اس کے دوسرے اعضاء (ہاتھ پاؤں وغیرہ) کو حکم ہوگا کہ تم بولو، پھر وہ اس کے اعمال کی ساری سرگزشت سنائیں گے"۔ ایک حدیث کا خلاصہ یہ ہے کہ ایک شخص رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا، یارسول اللہ! میرے پاس کچھ غلام ہیں جو کبھی کبھی شرارتیں کرتے ہیں کبھی مجھ سے جھوٹ بولتے ہیں، کبھی خیانت کرتے ہیں اور میں ان قصوروں پر کبھی ان پر خفا ہوتا ہوں بُرا بھلا کہتا ہوں اور کبھی مار بھی دیتا ہوں تو قیامت میں اس کا انجام کیا ہوگا؟ آپؐ نے فرمایا۔ اللہ تعالیٰ قیامت میں ٹھیک ٹھیک انصاف فرمائے گا۔ اگر تمھاری سزا ان کے قصوروں کے بقدر اور بالکل مناسب ہوگی تو نہ تمھیں کچھ ملے گا اور نہ کچھ دینا پڑے گا۔ اور اگر تمھاری سزا اُن کے قصوروں سے کم ہوں گی تو تمھارا فاضل حق تم کو دلوایا جائے گا اور اگر تمھاری سزا ان کے قصوروں سے زیادہ ہوگی تو تم سے اس کا بدلہ تمھارے ان غلاموں کو دلایا جائے گا۔ حدیث میں ہے کہ یہ سُن کر وہ پوچھنے والا شخص رونے اور چیخنے لگا اور اس نے عرض کیا کہ یارسولؐ اللہ! پھر تو میرے لیے یہی بہتر ہے کہ میں ان کو الگ کر دوں، میں آپ کو گواہ کرتا ہوں کہ میں نے

Marfat.com

ان سب کو آزاد کر دیا"۔ اسی حدیث میں یہ بھی ہے کہ "حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس شخص کو قرآن شریف کی یہ آیت بھی سنائی : وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا ؕ وَاِنْ كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ اَتَيْنَا بِهَا ؕ وَكَفٰى بِنَا حٰسِبِيْنَ ۝ (الانبیاء ۴۷)

اس آیت کا حاصل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں: "ہم قیامت کے دن انصاف کی میزان لگائیں گے اور کسی کے ساتھ وہاں کوئی ناانصافی نہ ہو گی اور اگر کسی کا کوئی عمل یا حق رائی کے دانہ کے برابر بھی ہوگا تو ہم اس کو حاضر کریں گے اور ہم حساب لینے والے کافی ہیں"۔ اللہ تعالیٰ ہمیں توفیق دے کہ مرنے کے بعد اور قیامت کے متعلق قرآن پاک نے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو باتیں ہم کو بتلائی ہیں ہم ان سے غافل نہ ہوں

---

اسلامی بہشتی زیور

Marfat.com

## سولھواں باب

# جنّت اور دوزخ

پچھلے سبق میں بتلایا جاچکا ہے کہ قیامت کا دن فیصلے کا دن ہوگا پھر جو مومن ہوں گے اور دنیا میں جن کے اعمال بھی بہت اچھے رہے ہوں گے اور کسی سزا اور عذاب کے مستحق نہ ہوں گے وہ تو قیامت کے عرصہ میں بھی عرش الٰہی کے سایہ میں۔ اور بہت آرام سے رہیں گے اور بہت جلدی جنّت میں بھیج دیئے جائیں گے اور جو ایسے ہوں گے کہ کچھ سزا پاکر بخشے جائیں وہ قیامت اور حشر کے دن کی کچھ تکلیفیں اٹھا کر یا زیادہ سے زیادہ کچھ مدّت تک دوزخ میں اپنے گناہوں کی سزا پاکر بخش دیئے جائیں گے۔ بہر حال جن میں ذرّہ برابر بھی ایمان ہوگا وہ آخر کار کبھی نہ کبھی جنّت میں پہنچ ہی جائیں گے اور دوزخ میں ہمیشہ ہمیشہ کے لیے صرف وہی رہ جائیں گے جو دنیا سے کفر و شرک کی حالت میں گئے ہوں گے ــــ الغرض جنّت ایمان اور نیک عملی اور اللہ کی وفاداری کا بدلہ ہے اور دوزخ، کفر و شرک اور اللہ سے غدّاری اور اسکی نافرمانی کی سزا ہے۔ جنّت کی نعمتوں، راحتوں اور دوزخ کے دکھوں، عذابوں کا بیان قرآن و حدیث میں بڑی تفصیل سے کیا گیا ہے۔ چند آیتیں اور حدیثیں ہم یہاں بھی ذکر کرتے ہیں۔

Marfat.com

سورۂ آلِ عمران میں ارشاد ہے :

| | |
|---|---|
| لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتٌ | پرہیزگاروں کے لیے ان کے رب کے ہاں وہ جنتیں |
| تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا | (یعنی ایسے باغات) ہیں جن کے نیچے نہریں جاری ہیں |
| وَاَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَّرِضْوَانٌ | وہ ان میں رہیں گے اور پاک ستھری بیبیاں |
| مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ۚ | ہیں اور اللہ کی رضا مندی ہے اور اللہ اپنے سب |
| (سورۂ آلِ عمران ع -۲) | بندوں کو خوب دیکھنے والا ہے (کسی کا حال اس |
| | سے چھپا نہیں ہے) |

---

اور سورۂ یٰسٓ میں ارشاد ہے :

| | |
|---|---|
| اِنَّ اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِيْ | اہلِ جنت اس دن مشغلوں میں خوش ہوں گے وہ |
| شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ۚ هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ | اور ان کی بیویاں سایہ میں مسہریوں پر تکیہ لگائے ہوئے |
| فِيْ ظِلٰلٍ عَلَى الْاَرَآئِكِ مُتَّكِئُوْنَ ۚ | ہوں گے۔ ان کے لیے وہاں طرح طرح کے میوے |
| لَهُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا | ہوں گے اور جو کچھ مانگیں گے ان کو ملے گا، رحمت |
| يَدَّعُوْنَ ۚ سَلٰمٌ ۣ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ | کرم والے پروردگار کی طرف سے ان کو سلام فرمایا |
| الرَّحِيْمِ ۚ (سورۂ یٰسٓ ع -۴) | جائے گا۔ |

اور سورۂ زخرف میں ارشاد ہے :

| | |
|---|---|
| وَفِيْهَا مَا تَشْتَهِيْهِ الْاَنْفُسُ وَ | اور جنت میں وہ سب کچھ ہے جس کو لوگوں کے |
| تَلَذُّ الْاَعْيُنُ ۚ وَاَنْتُمْ فِيْهَا | جی چاہتے ہیں اور آنکھیں جس سے مزہ لیتی ہیں |

Marfat.com

خٰلِدُوْنَ ۝ اور (اے میرے نیک بندو) تم ہمیشہ اسی جنت میں رہوگے۔

(سورۂ زخرف ع-۷)

اور سورۂ محمد میں جنّت کا حال اس طرح بیان کیا گیا ہے:

مَثَلُ الْجَنَّةِ الَّتِیْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ فِیْهَاۤ اَنْهٰرٌ مِّنْ مَّآءٍ غَیْرِ اٰسِنٍ ۚ وَ اَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ یَتَغَیَّرْ طَعْمُهٗ ۚ وَ اَنْهٰرٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِیْنَ ۚ۬ وَ اَنْهٰرٌ مِّنْ عَسَلٍ مُّصَفًّى ؕ وَ لَهُمْ فِیْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ وَ مَغْفِرَةٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ ؕ

(سورۂ محمد ع-۲)

وہ جنت جس کا وعدہ پرہیز گاروں سے کیا گیا ہے اس کا حال یہ ہے کہ اس میں بہت سی نہریں ہیں پانی کی جس میں ذرا تغیر نہیں ہوگا اور بہت سی نہریں ہیں دودھ کی جس کا ذائقہ ذرا بدلا ہوا نہ ہوگا اور بہت سی نہریں ہیں حلال اور پاک شراب کی جس میں بڑی لذّت ہے پینے والوں کے لیے اور بہت سی نہریں ہیں صاف کیے ہوئے شہد کی اور ان کے واسطے اس جنت میں سب طرح کے پھل ہیں اور بخشش ہے ان کے پروردگار کی۔

اور سورۂ حجر میں جنّت کی ایک صفت یہ بیان کی گئی ہے:

لَا یَمَسُّهُمْ فِیْهَا نَصَبٌ

(سورۂ حجر)

اہلِ جنت کو کسی قسم کی کوئی تکلیف اور رنج نہیں چھو سکے گی۔

یعنی جنّت میں صرف آرام ہی آرام اور عیش ہی عیش ہوگا، کسی قسم کی کوئی تکلیف اور رنج کی کوئی بات وہاں نہ ہوگی۔

Marfat.com

یہ تو جنّت اور جنّتیوں کا مختصر حال ہُوا ۔ اب دوزخ اور دوزخیوں کا بھی کچھ حال قرآن مجید ہی کی زبان سے سُن لیجیے ۔ سورہ مومنون میں ارشاد ہے

| | |
|---|---|
| وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ فِيْ جَهَنَّمَ خٰلِدُوْنَ ۚ تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِيْهَا كٰلِحُوْنَ ۝ (سورۃ المومنون ع ۔ ۶) | اور جس کا پلہ ہلکا ہوگا، سو یہ وہ لوگ ہوں گے ، جنھوں نے (کفروشرک یا بدعملی اختیار کر کے) خود اپنا گھاٹا کیا تو یہ جہنم میں رہیں گے ۔ ان کے چہروں کو آگ جھلستی ہوگی اور ان کے منہ اس میں بگڑے ہوئے ہوں گے ۔ |

اور سورہ کہف میں فرمایا گیا ہے :

| | |
|---|---|
| اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلظّٰلِمِيْنَ نَارًا اَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا ۭ وَاِنْ يَّسْتَغِيْثُوْا يُغَاثُوْا بِمَاۗءٍ كَالْمُهْلِ يَشْوِي الْوُجُوْهَ ۭ (سورہ کہف ع ۔ ۴) | ہم نے ظالموں[۱] کے لیے دوزخ تیار کی ہے اس کی قناتیں انھیں گھیرے ہوتے ہیں اور جب وہ پیاس کی فریاد کریں گے تو اس کے جواب میں ان کو پانی دیا جائیگا تیل کی گاد جیسا اور اتنا جلتا اور کھولتا ہُوا کہ بھُون ڈالے منہ کو ۔ |

اور سورۃ الحج میں ارشاد ہے :

| | |
|---|---|
| فَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِيَابٌ مِّنْ نَّارٍ ۭ يُصَبُّ مِنْ فَوْقِ رُءُوْسِهِمُ | جن لوگوں نے کفر کیا ان کے لیے آگ کے کپڑے کترے جاویں گے اور ان کے سر کے اوپر سے تیز |

---

[۱] قرآن کی زبان میں سب سے بڑا ظلم کفر اور شرک ہے، اور اصلی ظالم کفر اور شرک کرنیوالے ہیں ۔ ۱۲

Marfat.com

الْحَمِيْمُ ۝ يُصْهَرُ بِهٖ مَا فِيْ بُطُوْنِهِمْ وَالْجُلُوْدُ ۝ وَلَهُمْ مَقَامِعُ مِنْ حَدِيْدٍ ۝ كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا مِنْ غَمٍّ اُعِيْدُوْا فِيْهَا وَذُوْقُوْا عَذَابَ الْحَرِيْقِ ۝

(سورۂ الحج ع-۲)

گرم پانی چھوڑا جائے گا، اس سے ان کی کھالیں اور پیٹ کے اندر کی چیزیں بھی سب گل جاویں گی اور ان کے لیے لوہے کے گرز ہوں گے وہاں کی تکلیف اور سختی کی وجہ سے وہ جب اس سے نکلنے کا ارادہ کریں گے تو پھر اسی میں دھکیل دیئے جائیں گے اور کہا جائے گا کہ یہیں جلنے کا عذاب چکھتے رہو۔

---

اور سورۂ دخان میں ارشاد ہے:

اِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ ۝ طَعَامُ الْاَثِيْمِ ۝ كَالْمُهْلِ يَغْلِيْ فِي الْبُطُوْنِ ۝ كَغَلْيِ الْحَمِيْمِ ۝ خُذُوْهُ فَاعْتِلُوْهُ اِلٰى سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ۝ ثُمَّ صُبُّوْا فَوْقَ رَاْسِهٖ مِنْ عَذَابِ الْحَمِيْمِ ۝

(الدخان ع-۳)

بیشک زقوم کا درخت بڑے پاپیوں (کافروں، مشرکوں) کا کھانا ہوگا جو اپنی بدصورتی اور گھنونے پن میں تیل کی تلچھٹ کی طرح ہوگا اور پیٹوں میں ایسا کھولے گا جیسے تیز گرم پانی کھولتا ہے اور فرشتوں کو حکم ہوگا کہ اس کو پکڑو پھر گھسیٹتے ہوئے دوزخ کے بیچوں بیچ تک لے جاؤ پھر اس کے سر پر نہایت تکلیف دینے والا جلتا ہوا پانی چھوڑو۔

---

اور سورۂ ابراہیم میں دوزخی آدمی کے متعلق فرمایا گیا ہے:

Marfat.com

| | |
|---|---|
| وَيُسْقٰى مِنْ مَّآءٍ صَدِيْدٍ ۙ يَّتَجَرَّعُهٗ | اس کو ایسا پانی پینے کو دیا جائے گا جو کہ پیپ |
| وَلَا يَكَادُ يُسِيْغُهٗ وَيَاْتِيْهِ الْمَوْتُ | لہو ہوگا، جس کو وہ گھونٹ گھونٹ کر کے پیئے |
| مِنْ كُلِّ مَكَانٍ وَّمَا هُوَ بِمَيِّتٍ ؕ | گا اور گلے سے اس کو وہ آسانی سے اتار نہ سکے |
| وَمِنْ وَّرَآئِهٖ عَذَابٌ غَلِيْظٌ ۝ | گا اور ہر طرف سے اس پر موت کی آمد ہوگی اور |
| (سورۂ ابراہیم ع ۳) | وہ مریگا بھی نہیں اور اس کو سخت عذاب کا سامنا ہوگا |

اور سورۂ نسآء میں ارشاد ہے:

| | |
|---|---|
| اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا سَوْفَ | جو لوگ ہماری آیتوں اور ہمارے حکموں کے منکر ہیں |
| نُصْلِيْهِمْ نَارًا ؕ كُلَّمَا نَضِجَتْ | ہم ان کو ضرور دوزخ کی آگ میں ڈالیں گے جب |
| جُلُوْدُهُمْ بَدَّلْنٰهُمْ جُلُوْدًا غَيْرَهَا | ان کی کھالیں جل بھن جائیں گی اور پک جائیں |
| لِيَذُوْقُوا الْعَذَابَ ؕ | گی تو ہم ان کی اور کھالیں بدل دیں گے تاکہ |
| (سورہ نساء) | وہ عذاب کا مزہ پوری طرح چکھیں۔ |

قرآن مجید کی سینکڑوں آیتوں میں دوزخ کے دردناک عذاب کی اس سے بہت زیادہ تفصیلات بیان کی گئی ہیں، یہاں ہم انھی چند آیتوں پر بس کرتے ہیں۔ اب جنت اور دوزخ کے متعلق چند حدیثیں بھی سُن لیجیے ایک حدیث میں ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "میں نے اپنے نیک بندوں کے لیے (جنت میں) وہ وہ چیزیں تیار کی ہیں جن کو نہ کسی آنکھ نے دیکھا نہ کسی کان نے سُنا ہے

Marfat.com

اور نہ کسی انسان کے دل میں ان کا خیال ہی گزرا ہے"۔ بے شک جنّتیوں کو جو نفیس و لذیذ کھانے ملیں گے، جو پھل عطا فرمائے جائیں گے، اسی طرح پینے کی جو نہایت لطیف اور خوشگوار چیزیں ملیں گی اور پہننے کے لیے جو اعلیٰ درجہ کے خوشنما لباس دیئے جائینگے اور جو عالیشان خوبصورت مکانات اور خوش منظر باغیچے عطا ہوں گے اور جنّت کی جو حسین و جمیل حوریں دی جائیں گی اور ان کے سوا بھی لذّت اور راحت اور لطف و مسرّت کے جو اور سامان عطا فرمائے جائینگے، جیسا کہ اس حدیث میں فرمایا گیا، واقعہ یہی ہے کہ بس اللہ ہی ان کو جانتا ہے البتّہ ہمارا ان سب پر ایمان ہے۔ ایک حدیث میں ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا کہ جب جنّتی جنّت میں پہنچ جائینگے تو اللہ کی طرف سے ایک پکارنے والا پکارے گا کہ اب تم ہمیشہ تندرست رہو، کوئی بیماری تمھارے پاس نہیں آئے گی، اب تم ہمیشہ زندہ رہو، تمھارے لیے اب موت نہیں، تم ہمیشہ جوان رہو، اب تم بوڑھے ہونے والے نہیں، اب تم ہمیشہ عیش و راحت میں ہو، کوئی رنج و غم اب تمھارے پاس آنے والا نہیں"۔ سب سے بڑی نعمت جو جنّت میں پہنچنے کے بعد جنّتیوں کو ملے گی وہ اللہ تعالیٰ کا دیدار ہوگا۔ حدیث شریف میں ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم نے بیان فرمایا کہ "جب جنّتی لوگ جنّت میں پہنچ جائیں گے تو اللہ تعالیٰ ان سے فرمائیں گے کیا تم چاہتے ہو کہ جو

Marfat.com

نعمتیں تم کو دی گئیں ان سے زائد کوئی اور چیز میں تمھیں عطا کروں؟ وہ عرض کریں گے، خداوندا! آپ نے ہمارے چہرے روشن کیے ہم کو دوزخ سے نجات دی اور جنت عطا فرمائی (جسمیں سب کچھ ہے، اب ہم اور کیا مانگیں)
حضورؐ فرماتے ہیں کہ پھر پردہ اٹھا دیا جائے گا اور اس وقت وہ اللہ تعالیٰ کو بے پردہ دیکھیں گے اور پھر جنت اور اس کی ساری نعمتیں جواب تک ان کو مل چکی تھیں ان سب سے زیادہ پیاری نعمت ان کے لیے یہ دیدارِ الٰہی کی نعمت ہوگی"۔ اللہ تعالیٰ ہم کو بھی یہ سب نعمتیں اپنے فضل و کرم سے نصیب فرمائے۔ آمین۔ ایک حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جنت کے عیش و راحت اور دوزخ کے دکھ اور عذاب کا ذکر کرتے ہوئے فرمایا:
"قیامت کے دن ایک ایسے شخص کو لایا جائے گا جو دنیا میں سب سے زیادہ عیش و آرام اور ٹھاٹھ باٹھ کے ساتھ رہا ہوگا، لیکن اپنی بدبختی کی وجہ سے وہ دوزخ کا مستحق ہوگا تو اس کو دوزخ کی آگ میں ایک ڈوب دے کر فوراً نکال لیا جائے گا پھر اُس سے پوچھا جائے گا کہ کبھی تو عیش و آرام میں بھی رہا تھا؟ وہ کہے گا، اے پروردگار! تیری قسم! میں نے کبھی کوئی آرام نہیں دیکھا اور ایک دوسرے آدمی کو لایا جائے گا جو دنیا میں سب سے زیادہ دکھ اور تکلیفوں میں رہا ہوگا مگر وہ جنت کا مستحق ہوگا، پھر اسی طرح اس کو بھی جنت کی ذرا ہوا کھلا کر فوراً نکال لیا جائے گا اور پوچھا جائے گا کہ تو کبھی کسی دکھ اور

Marfat.com

تکلیف کی حالت میں رہا تھا! وہ عرض کرے گا، نہیں! میرے پروردگار تیری قسم! مجھے کبھی کوئی تکلیف نہیں ہوئی اور میں نے کبھی کوئی دکھ نہیں دیکھا درحقیقت جنّت میں اللہ تعالیٰ نے ایسے ہی عیش و آرام کا انتظام فرمایا ہے کہ دنیا میں ساری عمر سخت دکھوں اور تکلیفوں میں رہنے والا آدمی بھی ایک منٹ کے لیے جنّت میں پہنچنے کے بعد اپنی عمر بھر کی تکلیفوں کو بالکل بھول جائیگا اور دوزخ ایسا ہی عذاب گھر ہے کہ دنیا میں ساری عمر عیش و آرام سے رہنے والا آدمی بھی ایک منٹ دوزخ میں رہ کر بلکہ صرف اس کی گرم اور بدبو دار لپیٹ پاکر یہی محسوس کرے گا کہ اس نے کبھی عیش و آرام کا منہ نہیں دیکھا۔ دوزخ کے عذاب کی سختی کا اندازہ بس اس ایک حدیث سے کیا جا سکتا ہے، حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا کہ "دوزخ میں سب سے کم عذاب جس شخص کو ہوگا وہ یہ ہوگا کہ اُس کے پاؤں کی جوتیاں آگ کی ہوں گی، جن کے اثر سے اس کا دماغ اِس طرح کھولے گا جس طرح چولہے پر رکھی ہانڈی پکا کرتی ہے۔" دوزخیوں کو کھانے پینے کے لیے جو کچھ دیا جائے گا اس کا ذکر ابھی ابھی قرآن شریف کی آیتوں میں گزر چکا ہے۔ اِس سلسلہ میں دو حدیثیں بھی سُن لیجیے، حضور صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا "جہنّمیوں کو جو بدبودار پیپ (غسّاق) پینی پڑے گی، اگر اُس کا ایک ڈول بھر کے دنیا میں بہا دیا جائے تو ساری دنیا اس کی بدبُو سے بھر جائے۔" ایک اور حدیث میں ہے کہ حضور

Marfat.com

صلّی اللہ علیہ وسلّم نے اس زقوم کا ذکر کرتے ہوئے جو دوزخیوں کو کھانا ہوگا، ارشاد فرمایا: "اگر زقوم کا ایک قطرہ اس دنیا میں ٹپک جائے تو ساری دنیا میں جو کھانے پینے کی چیزیں ہیں سب خراب ہو جائیں، پھر سوچو کہ اس پر کیا گزرے گی جس کو یہی زقوم کھانا پڑے گا"۔ اے اللہ! تو ہم کو اور سب ایمان والوں کو دوزخ کے ہر چھوٹے بڑے عذاب سے اپنی پناہ میں رکھ۔ آمین۔

بھائیو! برزخ اور قیامت اور دوزخ اور جنّت کے متعلق اللہ تعالیٰ کی کتاب قرآن پاک نے اور اس کے رسول حضرت محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم نے جو کچھ ہم کو بتلایا ہے (جس میں سے کچھ یہاں ان دو سبقوں میں ہم نے ذکر کیا ہے) اس میں ذرّہ برابر شبہ نہیں ہے۔ قسم اللہ پاک کی یہ سب باتیں بالکل اسی طرح ہیں اور مرنے کے بعد ہم ان سب چیزوں کو اپنی آنکھوں سے دیکھ لیں گے۔ قرآن و حدیث میں قیامت اور جنّت و دوزخ کا ذکر اتنی تفصیل سے اور سینکڑوں بار اسی لیے کیا گیا ہے کہ ہم دوزخ کے عذاب سے بچنے کی اور جنّت حاصل کرنے کی کوشش سے غافل نہ ہوں۔ بھائیو! یہ دنیا چند روزہ ہے ایک نہ ایک دن ہم سب کو یقیناً مرنا ہے اور قیامت یقیناً آنے والی ہے اور ہم سب کو اپنے اعمال کا حساب دینے کے لیے اللہ کے سامنے یقیناً کھڑا ہونا ہے اور پھر اس کے بعد ہمارا مستقل اور دائمی ٹھکانا یا جنّت میں ہوگا یا دوزخ میں۔

Marfat.com

ابھی وقت ہے کہ پچھلے گناہوں سے توبہ کرکے اور آئندہ کے لیے اپنی زندگی کو درست کرکے دوزخ سے بچنے کی اور جنت حاصل کرنے کی فکر اور کوشش کریں۔ اگر خدانخواستہ زندگی یوں ہی غفلت میں گزر گئی تو مرنے کے بعد حسرت اور دوزخ کے عذاب کے سوا کچھ حاصل نہ ہو سکے گا۔

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْئَلُكَ الْجَنَّةَ وَمَا قَرَّبَ اِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ وَّعَمَلٍ
وَنَعُوْذُ بِكَ مِنَ النَّارِ وَمَا قَرَّبَ اِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ وَّعَمَلٍ ط

---


## سخن دلپذیر

دانائیوں میں بڑی دانائی تقویٰ ہے اور حماقتوں میں بڑی حماقت بدکاری ہے، سچائیوں میں بڑی سچائی امانت ہے، اور جھوٹ میں بدترین جھوٹ خیانت ہے، ایسے سخن دلپذیر

کتاب موت کا منظر مع مرنے کے بعد کیا ہوگا؟ میں

مطالعہ فرمائیں

کتب خانہ شانِ اسلام ◎ راحت مارکیٹ اُردو بازار۔ لاہور


Marfat.com

## سترھواں باب

# ذِکرُ اللہ

چونکہ اسلام کی تعلیم اور اس کا مطالبہ یہ ہے (بلکہ کہنا چاہیے کہ اسلام درحقیقت نام ہی اس کا ہے) کہ اللہ کے بندے اپنی پوری زندگی احکام الٰہی کے ماتحت گزاریں اور ہر حال میں اور ہر معاملہ میں وہ اللہ کی فرمانبرداری کریں اور چونکہ یہ بات کامل طور پر جب ہی حاصل ہو سکتی ہے کہ بندے کو ہر وقت اللہ کا خیال رہے اور اس کے دل میں اللہ کی عظمت و محبت پوری طرح بیٹھ جائے، اس لیے اسلام کی ایک خاص تعلیم یہ ہے کہ بندے کثرت سے اللہ کا ذکر کیا کریں اور اس کی تسبیح و تقدیس اور حمد و ثنا سے اپنی زبانیں تر رکھیں، دل میں اللہ کی محبّت و عظمت پیدا کرنے کا یہ ایک خاص ذریعہ اور آزمودہ نسخہ ہے۔ یہ ایک فطری بات ہے کہ آدمی جس کسی کی عظمت و کمال کے خیال میں ہر وقت ڈوبا رہے اور جس کے حسن و جمال کے گیت دن رات گاتا رہے گا اس کے دل میں اس کی محبت و عظمت ضرور پیدا ہو جائیگی اور برابر ترقی کرتی رہے گی۔ بہرحال یہ ایک حقیقت ہے کہ ذکر کی کثرت عشق و محبت کے چراغ کو روشن بھی کرتی ہے اور اس کے شعلے کو بھڑکاتی بھی ہے اور یہ بھی حقیقت ہے کہ کامل اطاعت و بندگی کی وہ زندگی جس کا نام اسلام ہے

Marfat.com

وہ صرف محبت ہی سے پیدا ہو سکتی ہے، صرف محبت ہی وہ چیز ہے، جو محبِّ صادق کو محبوب کا کامل مطیع اور فرماں بردار بنا دیتی ہے۔

عاشقی چیست بگو بندۂ جاناں بودن

اِس لیے قرآنِ پاک میں اللہ کے ذکر کی کثرت کی بڑی سخت تاکید فرمائی گئی ہے اور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے بھی اس کی بڑی فضیلتیں بیان فرمائی ہیں مثلاً، سورۂ احزاب میں ارشاد ہے:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا ۝ وَّسَبِّحُوْهُ بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ۔ (احزاب ع-۶)

اے ایمان والو! اللہ کا ذکر کرو بہت ذکر، اور اس کی پاکی بیان کرو صبح و شام۔

اور سورۂ جمعہ میں ارشاد ہوا ہے:

وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۔ (جمعہ ع-۲)

اور ذکر کرو اللہ کا بہت تاکہ تم فلاح پاؤ۔

خاص کر دو چیزیں ایسی ہیں جن میں مشغول اور منہمک ہو کر یا ان سے نشہ میں مست ہو کر آدمی اللہ کو بھول جاتا ہے۔ ایک مال و دولت اور دوسرے بیوی بچے۔ اس لیے ان دونوں چیزوں کا نام لے کر صراحۃً مسلمانوں کو متنبہ کیا گیا ہے، سورۂ منافقون میں ارشاد ہے:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تُلْهِكُمْ

اے ایمان والو! تمھیں تمھارے مال اور تمھاری

Marfat.com

اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ۚ وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْخٰسِرُوْنَ ۝ — اولاد اللہ کی یاد سے غافل نہ کردیں، اور جو ایسا کریں گے وہی ٹوٹے اور گھاٹے میں رہنے والے ہوں گے۔

اسلام میں پانچ وقت نماز فرض ہے اور وہ بلاشبہ اللہ کا ذکر ہی، بلکہ اعلیٰ درجہ کا ذکر ہے، لیکن کسی ایمان والے کے لیے جائز نہیں ہے کہ وہ صرف نماز کے ذکر کو کافی سمجھے اور نماز کے باہر اللہ کے ذکر اور اس کی یاد سے بالکل بے فکر و غافل رہے،[۱] بلکہ اسلام کا صاف حکم یہ ہے کہ نماز کے علاوہ بھی تم جس حال میں ہو اللہ سے غافل نہ رہو۔ سورہ نساء میں ارشاد ہے۔

فَاِذَا قَضَيْتُمُ الصَّلٰوةَ فَاذْكُرُوا اللّٰهَ قِيَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِكُمْ — اور جب تم پڑھ چکو نماز، تو یاد کرو اللہ کو کھڑے اور بیٹھے اور لیٹے۔

حتیٰ کہ جو لوگ راہِ خدا میں جہاد کے لیے نکلے ہوئے ہوں انھیں بھی تاکید کے ساتھ حکم ہے کہ وہ اللہ کی یاد سے غافل نہ ہوں، بلکہ کثرت سے اس کا ذکر کریں۔ سورہ انفال میں ارشاد ہے:

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا لَقِيْتُمْ فِئَةً فَاثْبُتُوْا وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ — اے ایمان والو! جب تمھارا مقابلہ ہو کسی فوج سے تو مضبوطی سے جم جاؤ اور اللہ کو بہت یاد کرو

---

[۱] اس کا یہ مطلب نہیں ہے کہ جس طرح اپنے مقرر وقت پر نماز فرض ہے اسی طرح ہر وقت اللہ کی یاد میں رہنا بھی فرض ہے بلکہ مقصد صرف یہ ہے کہ مومن کو اللہ سے غافل نہ رہنا چاہیے۔

Marfat.com

تُفْلِحُوْنَ ۝
تاکہ تم کامیاب و بامراد ہو جاؤ۔

اس آیت سے بھی معلوم ہوا اور اوپر سورۂ جمعہ کی جو آیت نقل ہو چکی ہے۔ (وَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَثِيْرًا لَّعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ) اس سے بھی معلوم ہوا تھا کہ ایمان والوں کی فلاح و کامیابی میں ذکر اللہ کی کثرت کو خاص دخل ہے اور سورۂ منافقون کی جو آیت اوپر نقل ہوئی اس سے بھی معلوم ہو چکا ہے کہ اللہ کے ذکر سے غافل رہنے والے بے مراد اور خسارے میں رہنے والے ہیں اور سورۂ رعد کی ایک آیت میں اللہ کے ذکر کی ایک خاصیت یہ بیان کی گئی ہے کہ اس سے چین اور اطمینان حاصل ہوتا ہے، ارشاد ہے:

اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ
یاد رکھو! اللہ کے ذکر ہی سے چین پاتے ہیں دل (یعنی ایمان والی روحیں)

قرآن مجید کی ان آیتوں کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی چند حدیثیں بھی سن لیجیے، ایک حدیث میں ہے: "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا گیا کہ قیامت کے دن کون لوگ اللہ کے بندوں میں سے زیادہ اونچے درجوں پر ہوں گے؟ آپؐ نے ارشاد فرمایا، اللہ کا ذکر کرنے والے خواہ وہ مرد ہوں یا عورتیں"، صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں حضرت ابو موسٰی سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اللہ کو یاد کرنے والے کی مثال اور یاد نہ کرنے والے کی مثال زندہ اور مردہ کی سی ہے (یعنی یاد کرنیوالا زندہ

Marfat.com

ہے اور نہ یاد کرنے والا مردہ۔ بلکہ مُردار ہے") اور حضرت عبد اللہ بن عمرؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا کرتے تھے کہ "ہر چیز کے لیے کوئی صیقل ہوتا ہے اور دلوں کا صیقل اللہ کا ذکر ہے اور اللہ کے عذاب سے نجات دلانے میں کوئی چیز بھی اللہ کے ذکر سے زیادہ مؤثر نہیں"۔

## ذِکر کی حقیقت

یہاں یہ بات اچھی طرح سمجھ لینی چاہیے کہ ذکر کی اصل حقیقت یہ ہے کہ آدمی اللہ سے غافل نہ ہو، وہ جس حال اور جس مشغلہ میں ہو اس کو اللہ کا اور اس کے احکام کا خیال ہو۔ اس کے لیے اگرچہ یہ ضروری نہیں کہ ہر وقت اور ہر حال میں وہ زبان سے بھی ذکر کرے لیکن یہ واقعہ ہے کہ اللہ کے جن بندوں کا یہ حال ہوتا ہے ان کی زبانیں بھی اللہ کے ذکر سے تر رہتی ہیں اور یہ حال (کہ ہر وقت اللہ کا اور اس کے حکموں کا خیال رہے اور غفلت نہ ہونے پائے) عموماً انھیں بندگان خدا کا ہوتا ہے جو زبانی ذکر کی کثرت کے ذریعہ دل و دماغ میں یاد اور دھیان کی مستقل کیفیت پیدا کر لیتے ہیں، اللہ اللہ سے اپنے قلبی تعلق کو بڑھا لیتے ہیں، اس لیے ذکر لسانی (یعنی زبانی ذکر) کی کثرت بہر حال ضروری ہے اس زمانہ کے بعض پڑھے لکھے لوگوں کو یہ سخت غلط فہمی ہے کہ وہ زبان سے اللہ کے ذکر کی کثرت کو ایک بے فائدہ عمل سمجھتے ہیں، حالانکہ رسول اللہ صلی اللہ

Marfat.com

علیہ وسلم کی احادیث میں صراحتہً اس کا حکم ہے اور حضورؐ نے اس کی بڑی فضیلتیں بیان فرمائی ہیں۔ حضرت عبداللہ بن بسرؓ سے روایت ہے کہ "ایک شخص حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا، یارسولؐ اللہ! اسلام کے احکام بہت ہیں، آپ مجھے کوئی ایسی چیز بتا دیجیے جسے میں مضبوطی سے پکڑ لوں؟ حضورؐ نے فرمایا، لَا یَزَالُ لِسَانُکَ رَطْبًا مِنْ ذِکْرِ اللّٰہِ (تمھاری زبان ہمیشہ اللہ کے ذکر سے تر رہا کرے") ایک حدیث قدسی میں ہے، جو حضرت ابوہریرہؓ سے مروی ہے کہ "حق تعالیٰ کا ارشاد ہے، بندہ جب مجھے یاد کرتا ہے اور میرے ذکر سے اسکے ہونٹوں کو حرکت ہوتی ہے تو میں اسکے ساتھ ہوں"

## رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تعلیم فرمائے ہوئے خاص خاص اذکار

جو آیتیں اور حدیثیں اب تک مذکور ہوئیں اُن سے اللہ کے ذکر کی اہمیت اور فضیلت معلوم ہو چکی اور اوپر یہ بھی تبلایا جا چکا ہے کہ اللہ کے ذکر کی کثرت سے اللہ کی محبت پیدا ہوتی اور بڑھتی ہے۔ اب ہم کو اور آپ کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے تعلیم کیے ہوئے اور پسند فرمائے ہوئے ذکر کے خاص خاص کلمے معلوم کر لینا چاہئیں۔

### افضل الذکر

حضرت جابرؓ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا

Marfat.com

"سب ذکروں میں افضل لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کا ذکر ہے"۔ ایک دوسری حدیث میں ہے جو حضرت ابوہریرہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا۔ "جب کوئی بندہ دل کے پورے اخلاص سے لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہتا ہے تو اس کلمہ کے لیے آسمانوں کے دروازے کھل جاتے ہیں، یہاں تک کہ یہ سیدھا عرش تک پہنچتا ہے بشرطیکہ وہ بندہ گناہِ کبیرہ سے پرہیز کرے"۔ اور ایک حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم نے بیان فرمایا، کہ ایک دفعہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ سے عرض کی، مجھے کوئی چیز تبلائی جائے جس کے ذریعہ میں آپ کا ذکر کیا کروں۔ اللہ تعالیٰ کی طرف سے جواب ملا، کہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کے ذریعہ میرا ذکر کیا کرو۔ حضرت موسیٰ نے عرض کیا کہ یہ ذکر تو سب ہی کرتے ہیں، مَیں کوئی خاص کلمہ معلوم کرنا چاہتا ہوں۔ ارشاد ہُوا کہ اے موسیٰ! اگر ساتوں آسمان اور سب آسمانی مخلوق اور ساتوں زمینیں ترازو کے ایک پلڑے میں رکھی جائیں اور لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ دوسرے پلڑے میں تو لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ والا پلڑا ہی جھک جائے گا۔ درحقیقت لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کی شان ایسی ہی ہے مگر لوگ اس کو صرف ہلکا سا لفظ سمجھتے ہیں۔ اس عاجز نے اللہ کے ایک مخلص اور صادق بندے سے سُنا۔ ایک خاص حالت میں اس ناچیز ہی سے مخاطب ہو کر فرمایا کہ اگر کوئی شخص جس کے قبضہ میں دنیا کے خزانے ہوں۔ مجھ سے یہ کہے کہ یہ سارے خزانے

Marfat.com

تم لے لو اور اپنا کہا ہوا ایک دفعہ کا لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اس کے بدلے میں دے دو، الحمدللہ یہ فقیر اس پر راضی نہ ہوگا" کوئی ناواقف شاید اس کو مبالغہ آمیز دعویٰ سمجھے لیکن سچی بات یہ ہے کہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کی اللہ کے نزدیک جو عظمت اور جو قدر و قیمت ہے، اگر اللہ تعالیٰ اپنے کسی بندے کو اس کا سچا یقین نصیب فرمادیں تو اس کا حال یہی ہوگا کہ وہ ساری دنیا کے خزانوں کے بدلہ میں ایک دفعہ کا بھی لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ دینے پر راضی نہ ہوگا۔

## کلمۂ تمجید یا تیسرا کلمہ

حضرت سمرۃ بن جندب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "سب باتوں میں افضل بات اور سب کلموں میں افضل کلمے یہ چار ہیں۔ سُبْحَانَ اللّٰہِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ، وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ، وَاللّٰہُ اَکْبَرُ" اور حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ کی روایت میں ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ کلمہ سُبْحَانَ اللّٰہِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ، وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ، وَاللّٰہُ اَکْبَرُ مجھے اس پوری دنیا سے زیادہ محبوب ہے جس پر سورج نکلتا ہے۔" درحقیقت یہ کلمہ بہت ہی جامع کلمہ ہے اور اللہ تعالیٰ کی ثناء و صفت کے سب پہلو اس میں آجاتے ہیں، بعض حدیثوں میں اللّٰہُ اَکْبَرُ کے بعد لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ بھی آیا ہے، ہمارے ایک مخدوم بزرگ اس کلمہ کی مختصر تشریح یوں

Marfat.com

فرمایا کرتے تھے کہ سُبحَانَ اللهِ پاک ہے اللہ ہر عیب اور ہر نقص سے، اور ان تمام چیزوں سے جو اس کی شان کے مناسب نہیں۔" اَلحَمدُ لِلّٰهِ اور ساری خوبیاں اور کمال کی سب صفتیں اس میں موجود ہیں، لہٰذا سب تعریفیں اسی کے لیے ہیں (الحمد للہ) اور جب اس کی شان یہ ہے کہ ہر نامناسب بات سے وہ پاک ہے اور خوبیاں اور کمالات سب اس میں موجود ہیں تو پھر وہی معبود و مطلوب ہے۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ ہم اس کے اور بس اسی کے عاجز اور ناچیز بندے ہیں اور وہ بہت ہی بڑا ہے۔ اَللهُ اَكبَرُ ہم کسی طرح اس کی بندگی کا حق ادا نہیں کر سکتے اور اس کی عالی بارگاہ تک ہماری رسائی نہیں ہو سکتی، مگر یہ کہ وہی ہماری مدد فرمائے۔ لَاحَولَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ۔

## تسبیحاتِ فاطمہؓ

مشہور حدیث ہے کہ "حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا اپنے گھر کا کل کام کاج خود کرتی تھیں، حتّٰی کہ خود ہی پانی بھر کر لاتی تھیں اور خود ہی چکی پیستی تھیں۔ ایک دفعہ انھوں نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے درخواست کی کہ ان کاموں کے لیے انھیں کوئی خادم دے دیا جائے تو حضورؐ نے ان سے فرمایا کہ میں تمھیں خادم سے اچھی چیز بتلاتا ہوں اور وہ یہ ہے کہ تم ہر نماز کے بعد اور سوتے وقت ۳۳ دفعہ سبحان اللہ ۳۳ دفعہ الحمد للہ اور ۳۴ دفعہ اللہ اکبر

Marfat.com

کہہ لیا کرو، یہ تمھارے لیے خادم سے بدرجہا بہتر ہے۔" ایک دوسری حدیث میں ان کلمات کی فضیلت اور خاصیت یہ بیان کی گئی ہے کہ جو شخص ہر نماز کے بعد ۳۳ دفعہ سبحان اللہ، ۳۳ دفعہ الحمد للہ اور ۳۴ دفعہ اللہ اکبر پڑھا کرے اور آخر میں ایک دفعہ یہ کلمہ پڑھ لیا کرے (لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ) تو اس کی سب خطائیں معاف ہو جائیں گی۔ اگرچہ سمندر کے جھاگ کے برابر کیوں نہ ہو۔

## سُبحان اللہِ وبحمدہٖ

حضرت ابوہریرہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" جو شخص صبح شام سو سو دفعہ (سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ) پڑھ لیا کرے تو قیامت میں کوئی شخص اس سے زیادہ ثواب کا سامان لے کر نہیں آئے گا، سوائے اس کے جس نے یہی عمل کیا ہو، یا اس سے بھی زیادہ کیا ہو۔" اور حضرت ابوہریرہؓ ہی کی ایک دوسری روایت میں ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا" دو کلمے ہیں زبان پر بڑے ہلکے، میزانِ عمل میں بہت بھاری اور اللہ کو بہت پیارے (سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ) اگرچہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے ذکر اللہ کے اور

Marfat.com

بھی بہت سے کلمے مروی ہیں لیکن ہم نے جو چند کلمے اوپر نقل کیے ہیں اگر اللہ کا کوئی بندہ اُن ہی کو یا اُن میں سے بعض ہی کو اپنا ورد بنا لے تو کافی ہے۔ ذکر کے سلسلہ میں ایک بات اور بھی خاص طور سے قابلِ لحاظ ہے اور وہ یہ کہ جہاں تک آخرت کے اجر و ثواب کا تعلق ہے۔ اس کے لیے کوئی خاص قاعدہ اور ضابطہ نہیں ہے۔ اللہ کے جو بندے ذکر کا جو کلمہ بھی اخلاص سے اور ثواب کی نیت سے جس وقت اور جس تعداد میں پڑھیں گے انشاء اللہ وہ اس کے پورے اجر اور ثواب کے مستحق ہوں گے لیکن حضرات مشائخ دل میں کسی خاص کیفیت کے پیدا کرنے کے لیے مثلاً اللہ تعالیٰ کی محبت بڑھانے کے لیے یا دل میں حضوری اور بیداری کی کیفیت پیدا کرنے کے لیے یا کسی خاص روحانی اور قلبی مرض کے علاج کے لیے خاص خاص طریقوں سے جو ذکر تبلاتے ہیں اس میں اس تعداد اور طریقہ کی پابندی ضروری ہے جو وہ تبلائیں، کیونکہ جس مقصد کے لیے وہ ذکر کیا جاتا ہے، وہ اسی طریقہ سے حاصل ہوتا ہے۔ اس کی موٹی سی مثال یہ ہے کہ اگر کوئی شخص صرف ثواب حاصل کرنے کے لیے الحمد شریف یا قرآن شریف کی کسی اور سورت کی تلاوت کرے تو اس میں کوئی حرج نہیں ہے کہ وہ ایک دفعہ صبح کو تلاوت کر لے۔ ایک دفعہ دوپہر کو، ایک دفعہ ظہر کے وقت اور ایک دفعہ شام کو اور اسی طرح دو چار دفعہ رات میں۔ لیکن اگر وہ اس سورت کو

Marfat.com

حفظ بھی کرنا چاہتا ہے تو اس کو مسلسل بلا کسی وقفہ کے بیسیوں دفعہ ایک ہی نشست میں پڑھنا پڑے گا، اس کے بغیر وہ یاد نہیں کر سکے گا، بس فرق یہی ہے اس عام ذکر میں جو صرف ثواب کے لیے کیا جاتا ہے اور اس خاص ذکر میں جو حضرات مشائخ اہلِ سلوک کے لیے بطورِ علاج اور تدبیر کے تجویز کرتے ہیں بہت سے لوگوں کو ذکر کی ان قسموں کا فرق معلوم نہ ہونے کی وجہ سے علمی اور فقہی الجھنیں ہوتی ہیں، اس لیے یہ مختصر بات یہاں عرض کر دی گئی۔

# قرآن پاک کی تلاوت[1]

قرآن مجید کی تلاوت بھی اللہ کا ذکر ہے بلکہ اعلیٰ درجہ کا ذکر ہے۔ ایک حدیث میں ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "اللہ تعالیٰ کے کلام کی فضیلت دوسرے کلاموں کے مقابلہ میں ایسی ہے، جیسی اللہ کی فضیلت

---

[1] آج کل کے بعض جدید تعلیم یافتہ حضرات کا خیال ہے اور وہ بڑے زور سے اس کی اشاعت کرتے ہیں کہ معنی مفہوم سمجھے بغیر قرآن شریف کی تلاوت بالکل فضول ہے۔ یہ بیچارے شاید یہ سمجھتے ہیں کہ جس طرح قانون یا اخلاق کی دوسری کتابیں ہوتی ہیں اسی طرح کی ایک کتاب قرآن شریف بھی ہے اور جیسے کسی قانونی یا اخلاقی کتاب کو اس کے نہ سمجھنے والے کا پڑھنا بالکل فضول اور لایعنی فعل ہے، اسی طرح ان لوگوں کا تلاوت کرنا بھی ایک فعل عبث ہے جو قرآن کے معنی نہیں سمجھتے۔ حالانکہ دوسری کتابوں سے مختلف اللہ کی اس مقدس کتاب کی خصوصیت یہ ہے کہ یہ اللہ پاک کی کتاب ہے، اس لیے ادب اور عظمت کے ساتھ اس کی صرف تلاوت بھی

Marfat.com

اس کی مخلوق پر" ایک دوسری حدیث میں ہے جو حضرت عبداللہ بن مسعود سے مروی ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جو شخص کتاب اللہ کا ایک حرف پڑھے تو اس کے لیے ایک نیکی ہے اور اس ایک نیکی کا اجر دس نیکیوں کے برابر ہے۔ پھر فرمایا، میں یہ نہیں کہتا ہوں کہ (الٓمٓ) ایک حرف ہے بلکہ اس کا الف ایک حرف ہے، لام دوسرا حرف اور میم تیسرا حرف ہے" ایک اور حدیث میں ہے جو حضرت ابوامامہؓ سے مروی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "لوگو! قرآن پڑھا کرو۔ قیامت کے دن قرآن ان لوگوں کی شفاعت کرے گا جو قرآن والے ہوں گے۔"

---

(بقیہ صفحہ گزشتہ) اللہ تعالیٰ کے ساتھ محبت و عبدیت کے تعلق کو ظاہر کرنے والا ایک عمل ہے اس لیے یہ ایک مستقل عبادت ہے۔ اگر قرآن مجید کی تلاوت کا مقصد صرف سمجھنا ہی ہوتا تو ایک ایک نماز میں چار چار دفعہ سورۃ فاتحہ پڑھنے کا حکم نہ ہوتا کیونکہ معنی اور مطلب کے سمجھنے کیلیے تو ایک دفعہ کی تلاوت کافی ہوتی۔ اس طرح کی غلط فہمیاں دراصل ان لوگوں کو ہوتی ہیں جو اللہ تعالیٰ کو دنیا کے حاکموں کی طرح کا بس ایک حاکم سمجھتے ہیں اور اسکی شان محبوبیت و معبودیت سے ناآشنا ہیں یا یوں سمجھیے کہ جنھوں نے صرف دماغ سے خدا کو جانا اور مانا ہے اور دل سے ماننا ابھی انھیں پوری طرح حاصل نہیں ہوا ہے۔ اسکے ساتھ یہ بھی ملحوظ رہے کہ قرآن کا جو اصل مقصد ہے یعنی ہدایت و نصیحت وہ سمجھنے ہی پر موقوف ہے۔ اس لیے اس کو سمجھنا اور تدبر و تفکر کے ساتھ اسی کی تلاوت کرنا یہ سعادت کا اعلیٰ درجہ اور اونچا مقام ہے۔ یہی اس مسئلہ میں نقطۂ اعتدال اور قولِ حق ہے۔ وَلٰكِنَّ أَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُونَ ۝

Marfat.com

# ذکر کے متعلق چند آخری باتیں

(۱)

ذکر کرتے کرتے جن اللہ کے بندوں کے دل میں ذکر بس گیا ہے اور ان کی زندگی کا جزو بن گیا ہے۔ انھیں تو ذکر کے لیے کسی خاص پابندی اور اہتمام کی ضرورت نہیں ہوتی لیکن ہم جیسے عوام اگر ذکر کے ذریعہ اللہ تعالےٰ سے اپنا تعلق بڑھانا اور ذکر کے برکات وثمرات حاصل کرنا چاہیں تو ان کیلیے یہ ضروری ہے کہ وہ اپنے حالات کے لحاظ سے ذکر کی کچھ تعداد اور اس کا وقت مقرر کرلیں اور بہتر یہ ہے کہ کلمات ذکر کے انتخاب میں کسی صاحب ذکر سے مشورہ کرلیں یا مذکورۂ بالا کلماتِ ذکر میں سے جس ذکر سے اپنی طبیعت کو زیادہ مناسبت ہو اس کو مقرر کرلیں۔ اسی طرح قرآن شریف کی تلاوت کے لیے بھی وقت مقرر کرلیں۔

(۲)

جہاں تک ممکن ہو جس کلمہ کے ذریعہ اللہ تعالیٰ کا ذکر کیا جائے، اس کے معنیٰ کا بھی دھیان رکھا جائے اور اللہ کی عظمت اور محبّت کے شعور کے ساتھ ذکر کیا جائے اور اس پر یقین رکھا جائے کہ اللہ تعالیٰ میرے پاس اور میرے ساتھ ہیں اور میرے ہر لفظ کو سُن رہے ہیں۔

Marfat.com

(۳)

ذکر کے لیے وضو شرط نہیں ہے، اس لیے وضو نہ ہونے کی حالت میں بھی بے تکلف ذکر کیا جا سکتا ہے، انشاء اللہ جس ثواب کا وعدہ ہے وہ پورا پورا ملے گا لیکن وضو کے ساتھ ذکر کی تاثیر اور نورانیت بہت بڑھ جاتی ہے۔

(۴)

اوپر ذکر کیا جا چکا ہے کہ ذکر کے تمام کلمات میں کلمۂ تمجید (تیسرا کلمہ) سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاللهُ اَكْبَرُ بہت جامع ہے اگر اس کو اپنا ورد بنا لیا جائے تو اس میں سب کچھ ہے اور اپنے اکثر بزرگوں کو دیکھا ہے کہ وہ عالم طالبین کو مستقل ورد کے لیے یہی کلمہ اور اس کے ساتھ استغفار اور درود شریف تبلاتے ہیں (استغفار اور درود شریف کا بیان ابھی ایک سبق کے بعد آرہا ہے) اللہ تعالیٰ ہم سب کو توفیق دے کہ اس کے ذکر سے ہمارے قلوب معمور اور ہماری زبانیں تر رہیں اور اس کے انوار و آثار اور برکات و ثمرات ہمیں نصیب ہوں ؎

ہمارا شغل ہو راتوں کو رونا یادِ دلبر میں
ہماری نیند ہو محوِ خیالِ یار ہو جانا

---

Marfat.com

# اٹھارھواں باب

## دُعا

جب یہ بات یقینی ہے اور مانی ہوئی ہے کہ دنیا کا سارا کارخانہ اللہ ہی کے حکم سے چل رہا ہے اور سب کچھ اسی کے قبضہ اور قدرت میں ہے تو ہر چھوٹی بڑی ضرورت میں اللہ سے دعار کرنا بالکل فطری بات ہے، اسی لیے ہر مذہب کے ماننے والے اپنی ضرورتوں میں اللہ تعالیٰ سے دعاء کرتے ہیں لیکن اسلام میں اس کی خاص طور سے تعلیم اور تاکید فرمائی گئی ہے، قرآن شریف میں ایک جگہ ارشاد ہے:

وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُونِي اَسْتَجِبْ لَكُمْ ط (المؤمن ع-٦) — اور فرمایا تمھارے پروردگار نے کہ مجھ سے دعا کرو، میں قبول کروں گا۔

قُلْ مَا يَعْبَؤُا بِكُمْ رَبِّي لَوْلَا دُعَاؤُكُمْ ج (الفرقان ع-٦) — کہہ دو کیا پروا تمھاری میرے رب کو، اگر نہ ہوں تمھاری دُعائیں۔

پھر دعار کے حکم کے ساتھ یہ بھی اطمینان دلایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندوں سے بہت قریب ہے وہ ان کی دعاؤں کو سنتا اور قبول کرتا ہے ارشاد ہے۔

وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ ط اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ — اور اے رسول! جب تم سے میرے بندے میرے متعلق پوچھیں تو (انھیں بتاؤ) کہ میں ان سے

Marfat.com

اِذَا دَعَانِ لا (البقرہ ع ۲۳) قریب ہوں، پکارنے والا جب مجھے پکارے تو میں اس کی پکار سنتا ہوں۔

اور رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے ہم کو یہ بھی تبلایا ہے کہ اپنی ضرورتوں کو اللہ تعالیٰ سے مانگنا اور دُعا کرنا اعلےٰ درجہ کی عبادت ہے بلکہ عبادت کی رُوح اور اس کا مغز ہے، چنانچہ حدیث شریف میں ہے کہ دعا عبادت کا مغز اور جوہر ہے) ایک دوسری حدیث میں ہے کہ رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے ارشاد فرمایا" اللہ کے یہاں دعا سے زیادہ کسی چیز کا درجہ نہیں"۔ اور اسی لیے اللہ تعالیٰ اس شخص سے ناراض ہوتا ہے جو اپنی ضرورتیں اس سے نہ مانگے چنانچہ ایک حدیث میں ہے کہ" اللہ تعالیٰ اس بندہ پر ناراض ہوتا ہے جو اپنی حاجتیں اور ضرورتیں اس سے نہیں مانگتا"۔ سبحان اللہ! دنیا میں کوئی آدمی اگر اپنے کسی گہرے دوست سے یا اپنے کسی عزیز قریب سے بھی بار بار اپنی ضرورتوں کا سوال کرے تو وہ اس سے تنگ آکر خفا ہو جاتا ہے لیکن اللہ پاک اپنے بندوں پر ایسا مہربان ہے کہ وہ نہ مانگنے پر خفا اور ناراض ہو جاتا ہے۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ" جس شخص کے لیے دعا کے دروازے کُھل گئے (یعنی اللہ کی طرف سے جس کو دعا کی توفیق ملی اور اصلی دعا کرنا جسے نصیب ہوگیا) تو اس کیلیے اللہ کی رحمت کے دروازے کُھل گئے"۔ بہرحال کسی ضرورت اور مقصد کیلیے اللہ تعالیٰ سے دعا کرنا جس طرح اس کو حاصل کرنے کی ایک تدبیر ہے اسی

Marfat.com

طرح وہ ایک اعلیٰ درجہ کی عبادت بھی ہے جس سے اللہ تعالیٰ بہت راضی اور خوش ہوتا ہے اور اس کی وجہ سے رحمت کے دروازے کھول دیتا ہے یہ شان ہر دُعا کی ہے خواہ وہ کسی دینی مقصد کے لیے کی جائے یا کسی دنیاوی ضرورت کے لیے، مگر شرط یہ ہے کہ کسی بُرے اور ناجائز کام کے لیے نہ ہو، ناجائز کام کے لیے دعا، کرنا بھی ناجائز اور گناہ ہے۔ یہاں ایک بات یہ بھی یاد رکھنے کی ہے کہ دُعا جس قدر دل کی گہرائی سے اور اپنے کو جس قدر عاجز اور بے بس سمجھ کر اور اللہ کی قدرت اور رحمت کے جتنے یقین کے ساتھ کی جائے گی، اسی قدر اس کے قبول ہونے کی زیادہ امید ہو گی، جو دُعا دل سے نہ کی جائے بلکہ رسمی طور پر صرف زبان سے کی جائے وہ دراصل دعا، ہی نہیں ہوتی، حدیث شریف میں ہے کہ "اللہ تعالیٰ وہ دعا، قبول نہیں کرتا جو دل کی غفلت کے ساتھ کی جائے"۔ اگرچہ اللہ تعالیٰ ہر وقت کی دُعا سنتا ہے لیکن حدیثوں سے معلوم ہوتا ہے کہ بعض خاص وقتوں میں دعا، زیادہ مقبول ہوتی ہے، مثلاً فرض نمازوں کے بعد اور رات کے آخری حصے میں یا روزہ کے افطار کے وقت یا ایسے ہی کسی اور نیک کام کے بعد یا سفر کی حالت میں خاص کر جب سفر دین کے لیے اور اللہ کی رضا کے لیے ہو۔ یہ بھی یاد رکھنا چاہیئے کہ دُعا، کے قبول ہونے کے لیے آدمی کا ولی ہونا یا متّقی ہونا شرط نہیں ہے، اگرچہ اسمیں شبہ نہیں کہ اللہ کے نیک اور مقبول بندوں کی دعائیں زیادہ قبول ہوتی

Marfat.com

ہیں، لیکن ایسا نہیں ہے کہ عام لوگوں اور گنہگاروں کی دعار سے کیا ہو گا۔ اللہ رحیم وکریم جس طرح اپنے گنہگاروں کو کھلاتا پلاتا ہے، اسی طرح ان کی دُعائیں بھی سنتا ہے، اِس لیے اللہ سے دعار سب کو کرنا چاہیئے۔ ابھی تبلایا جا چکا ہے کہ دعار مستقل عبادت بھی ہے، اس لیے دعار کرنیوالے کو ثواب تو بہرحال ملے گا۔ اور اگر چند دفعہ دعار کرنے سے مقصد حاصل نہ ہو تو بھی مایوس اور نا امید ہو کر دعار چھوڑ نہ دینا چاہیئے، اللہ تعالیٰ ہماری خواہش کا پابند نہیں ہے۔ کبھی کبھی اس کی حکمت کا تقاضا یہی ہوتا ہے کہ دعار دیر سے قبول کی جائے اور بندے کی بہتری بھی اسی میں ہوتی ہے لیکن بندہ اپنی نادانی کی وجہ سے اس کو جانتا نہیں، اس لیے جلد بازی کرتا ہے اور مایوس ہو کر دعار کرنا چھوڑ دیتا ہے۔ الغرض بندے کو چاہیئے کہ اپنی ضروریات اور اپنے مقاصد کے لیے اللہ تعالیٰ سے دعار کرتا ہی رہے، معلوم نہیں اللہ تعالیٰ کس دن اور کس گھڑی سُن لے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دُعار کے متعلق ایک بات یہ بھی تبلائی ہے کہ "دعار ضائع اور بیکار کبھی نہیں جاتی لیکن اس کے قبول ہونے کی صورتیں مختلف ہوتی ہیں، کبھی ایسا ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس بندے کو وہ چیز دینا بہتر نہیں سمجھتے، اس لیے وہ تو ملتی نہیں لیکن اس کے بجائے کوئی اور نعمت اس کو دے دی جاتی ہے یا کوئی آنے والی بلا اور مصیبت ٹال دی جاتی ہے یا اس دعار کو۔ اس کے گناہوں کا کفارہ بنا دیا

Marfat.com

جاتا ہے (لیکن چونکہ بندے کو اس راز کی خبر نہیں ہوتی، اس لیے وہ سمجھتا ہے کہ میری دعار بیکار گئی) اور کبھی ایسا ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ دعار کو آخرت کیلیے ذخیرہ بنا دیتا ہے، یعنی بندہ جس مقصد کے لیے دعا کرتا ہے وہ تو اللہ تعالے اس دنیا میں اس کو نہیں دیتا لیکن اس کی اس دعار کے بدلے آخرت کا بہت بڑا ثواب اس کے لیے لکھ دیا جاتا ہے۔" ایک حدیث میں ہے کہ بعض لوگ جن کی بہت سی دعائیں دنیا میں قبول نہیں ہوئی تھیں جب آخرت میں پہنچ کر اپنی ان دعاؤں کے بدلے میں ملے ہوئے ثواب اور نعمتوں کے ذخیرے دیکھیں گے تو حسرت سے کہیں گے کہ کاش! دنیا میں ہماری کوئی بھی دُعار قبول نہ ہوئی ہوتی اور سب کا بدلہ ہمیں یہیں ملتا۔" بہرحال اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھنے والے ہر بندے کو اللہ کی قدرت اور اس کی شانِ کریمی پر پورا یقین رکھتے ہوئے قبولیت کی پوری امید اور بھروسہ کے ساتھ اپنی ہر ضرورت کیلیے اللہ تعالیٰ سے دعار کرنی چاہیے اور بالکل یقین رکھنا چاہیے کہ دعار ہرگز ضائع نہیں جائے گی۔ جہاں تک بن پڑے دعار ایسے اچھے الفاظ میں کرنی چاہیے جن سے اپنی عاجزی و بے چارگی اور اللہ تعالیٰ کی عظمت اور کبریائی ظاہر ہو۔ قرآن شریف میں ہمیں بہت سی دعائیں بتلائی گئی ہیں اور انکے علاوہ حدیثوں میں بھی رسول اللہ کی سینکڑوں دعائیں آئی ہیں، سب سے اچھی دعائیں قرآن و حدیث کی یہی دعائیں ہیں۔ ان میں سے چالیس ۴۰ مختصر اور جامع دعائیں اس کتاب کے آخر میں بھی درج ہیں۔

Marfat.com

## انیسواں باب

# درُود شریف

درود شریف بھی دراصل ایک دعا ہے جو ہم بندے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں اللہ تعالیٰ سے کرتے ہیں۔ یہ واقعہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کے بعد سب سے زیادہ احسان ہم پر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہی کا ہے۔ آپ نے سخت سے سخت مصیبتیں اُٹھا کے اللہ کی ہدایت ہم بندوں تک پہنچائی، اگر آپ اللہ کے راستہ میں یہ تکلیفیں نہ اُٹھاتے تو دین کی روشنی ہم تک نہ پہنچ سکتی اور ہم کفر و شرک کے اندھیرے میں پڑے رہ جاتے اور مرنے کے بعد ہمیشہ کے لیے دوزخ میں جاتے۔ الغرض دین اور ایمان کی دولت چونکہ اس دنیا کی سب سے بڑی نعمت ہے اور یہ ہم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے طفیل میں ملی ہے، اس لیے اللہ تعالیٰ کے بعد حضورؐ ہی ہمارے سب سے بڑے محسن ہیں۔ ہم آپ کے اس احسان کا کوئی بدلہ نہیں دے سکتے بس زیادہ سے زیادہ جو کچھ ہم کر سکتے ہیں وہ یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ سے آپ کے لیے دعا کریں اور اس طرح اپنی نیازمندی اور شکرگزاری کا ثبوت دیں۔ ہماری طرف سے حضورؐ کی شان کے لائق دعا یہی ہو سکتی ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ

Marfat.com

کو اپنی خاص رحمتوں اور برکتوں سے نوازے اور آپ کے درجے زیادہ سے زیادہ بلند کرے۔" بس اسی قسم کی دعاء کو درود کہتے ہیں۔ قرآن شریف میں بڑی صراحت کے ساتھ اور بڑے عجیب انداز میں ہم کو اس کا حکم دیا گیا ہے ارشاد ہے: اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ ط يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَيْهِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا ٥ اللہ اور اس کے فرشتے رحمت بھیجتے ہیں نبی پر، اے ایمان والو! تم ان پر درود بھیجو اور سلام عرض کرو۔

اِس آیت میں پہلے تو یہ بیان کیا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے نبیؐ کا خود اعزاز و اکرام کرتا ہے اور ان پر رحمت و شفقت فرماتا ہے اور اس کے فرشتوں کا بھی برتاؤ آپ کے ساتھ یہی ہے کہ وہ آپ کی تعظیم و تکریم کرتے ہیں اور اللہ تعالیٰ سے آپ کیلیے رحمت کی درخواست کرتے ہیں۔ اس کے بعد ہم ایمان والوں کو حکم دیا گیا ہے کہ تم بھی ان کے لیے اللہ تعالیٰ سے رحمتیں نازل کرنے کی استدعا کرو اور ان پر سلام بھیجو۔ گویا حکم دینے سے پہلے ہی ہم کو تبلایا گیا ہے کہ جس کام کا تم کو حکم دیا جا رہا ہے وہ اللہ تعالیٰ کو خصوصیت سے محبوب ہے اور فرشتوں کا خاص مشغلہ ہے۔ یہ معلوم ہونے کے بعد کون مسلمان ہوگا جو اس کو اپنا وظیفہ نہ بنائے۔ درود شریف کے فضائل میں بہت سی حدیثیں بھی آئی ہیں، جن میں سے دو چار یہاں بھی درج کی جاتی ہیں، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بہت مشہور حدیث ہے، آپؐ نے فرمایا: "جو شخص مجھ پر ایک

Marfat.com

دفعہ درود بھیجے، اللہ تعالیٰ اس پر دس دفعہ رحمتیں نازل کرتا ہے"۔ ایک اور روایت میں اس کے ساتھ یہ بھی ہے کہ" اس کی دس خطائیں بھی معاف کی جاتی ہیں اور دس درجے بھی بلند کر دیے جاتے ہیں"۔ ایک اور حدیث میں ہے، حضورؐ نے ارشاد فرمایا" اللہ کے بہت سے فرشتے ہیں جن کا خاص کام یہی ہے کہ وہ زمین میں پھرتے رہتے ہیں اور میرا جو اُمتی مجھ پر صلوٰۃ وسلام بھیجے وہ اس کو مجھ تک پہنچاتے ہیں"۔ سبحان اللہ! کتنی بڑی دولت ہے کہ ہمارا صلوٰۃ وسلام فرشتوں کے ذریعہ حضورؐ کو پہنچتا ہے اور اس بہانے ہمارا ذکر وہاں ہو جاتا ہے۔ ؏

## کیا نصیب اللہ اکبر لوٹنے کی جائے ہے

ایک اور حدیث میں ہے، حضورؐ نے ارشاد فرمایا کہ" قیامت میں مجھ سے سب سے زیادہ قریب آدمی وہ ہوگا جو مجھ پر درود زیادہ بھیجتا ہوگا"۔ ایک اور حدیث میں ہے، حضورؐ نے فرمایا" وہ شخص بڑا بخیل ہے جس کے سامنے میرا ذکر ہو اور وہ اس وقت بھی مجھ پر درود نہ بھیجے"۔ ایک اور حدیث میں آیا ہے کہ" اس شخص کی ناک خاک آلود ہو (یعنی وہ ذلیل ہو) جس کے سامنے میرا ذکر آئے اور وہ مجھ پر درود نہ بھیجے"۔ بہرحال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر درود وسلام بھیجنا ہم پر حضورؐ کا بہت بڑا حق ہے اور ہماری اعلیٰ درجہ کی سعادت اور نیک بختی ہے اور دنیا و آخرت میں ہمارے لیے بے شمار

Marfat.com

رحمتوں اور برکتوں کا ذریعہ ہے۔

## درود کے الفاظ

بعض صحابہؓ نے حضور صلی اللہ علیہ وسلم سے سوال کیا تھا کہ "ہم حضورؐ پر درود کس طرح بھیجیں"؟ تو حضورؐ نے ان کو "درودِ ابراہیمی" تعلیم فرمایا جو نماز میں پڑھا جاتا ہے اور اس کتاب کے دوسرے باب میں نماز کے بیان میں گزر بھی چکا ہے۔ اسی کے قریب قریب اور اس سے کچھ مختصر ایک اور درود شریف بھی حضورؐ نے تعلیم فرمایا ہے، اس کے الفاظ حدیث میں یہ ہیں۔

| | |
|---|---|
| اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاَزْوَاجِہٖ اُمَّھَاتِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَذُرِّیَّتِہٖ وَاَھْلِ بَیْتِہٖ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۵ | اے میرے اللہ! نبی اُمّی حضرت محمدؐ پر اور آپ کی ازواجِ مطہرات امہات المومنین پر اور آپ کی نسل اور آپ کے گھر والوں پر رحمتیں نازل کر جیسے کہ تو نے رحمتیں نازل کیں حضرت ابراہیمؑ کے گھرانے پر، تو لائق حمد ہے، صاحب مجد ہے۔ |

جب بھی ہم حضورؐ کا نام نامی لیں اور آپ کا ذکر کریں یا دوسرے سے سنیں تو آپ پر درود شریف ضرور پڑھنا چاہیے اور ایسے موقع کیلئے صَلَّی اللّٰہُ علیہ وَسَلَّمَ یا عَلَیْہِ الصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ کافی ہے۔

Marfat.com

# درود شریف بطور معمول و وظیفہ


بعض خاص ذوق اور ہمت رکھنے والے بندے تو روزانہ کئی کئی ہزار بار درود شریف کا معمول رکھتے ہیں، لیکن ہم جیسے کم ہمت اگر صبح شام ادب اور محبت کے ساتھ صرف سو سو مرتبہ درود شریف پڑھ لیا کریں تو انشاء اللہ اتنا کچھ پائیں گے اور حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی ان کے حال پر ایسی شفقتیں ہوں گی کہ اس دنیا میں ان کا کوئی اندازہ نہیں کرسکتا۔

جو حضرات مختصر درود شریف پڑھنا چاہیں وہ یہ مختصر درود یاد کرلیں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِہٖ ؕ

اے اللہ امی نبی حضرت محمد پر اور انکے گھر والوں پر رحمتیں نازل فرما

---




Marfat.com

## بیسواں باب

# توبہ واستغفار

اللہ تعالیٰ نے اپنے نبیوں اور رسولوں کو اس واسطے بھیجا اور اپنی کتابیں اس لیے نازل فرمائیں کہ انسانوں کو اپنا بُرا بھلا اور گناہ ثواب سب معلوم ہو جائے اور وہ بُری باتوں اور گناہ کے کاموں سے بچیں اور نیکی اور ثواب کے راستہ پر چل کر اللہ کی رضامندی اور مرنے کے بعد والی زندگی یعنی آخرت میں نجات حاصل کریں تو جن لوگوں نے اللہ کے نبیوں، رسولوں اور اس کی نازل کی ہوئی کتابوں کو نہیں مانا اور ایمان نہیں لائے، ان کا معاملہ تو یہ ہے کہ ان کی پوری زندگی گویا بغاوت اور نافرمانی کی زندگی ہے اور اللہ کی اتاری ہوئی ہدایت سے وہ بالکل لاتعلق ہیں، اس لیے جب تک وہ اُس کے بھیجے ہوئے نبیوں، رسولوں پر اور اس کی نازل کی ہوئی کتابوں پر اور خاص کر اس آخری زمانے کے آخری پیغمبر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر اور ان کی لائی ہوئی خدا کی آخری کتاب قرآن مجید پر ایمان نہ لائیں اور اس کی ہدایت کو تسلیم نہ کریں وہ اللہ کی رضامندی اور مرنے کے بعد والی زندگی میں فلاح و نجات حاصل نہیں کر سکتے کیونکہ اللہ کا اور اس کے نبیوں اور اس کی کتابوں کا انکار ایسا جرم نہیں جو قابلِ معافی ہو، اللہ کے ہر پیغمبر نے

Marfat.com

اپنے اپنے زمانے میں اس بات کا بہت صاف صاف اعلان کیا ہے
بہر حال کفر اور شرک والوں کی نجات کے لیے ضروری ہے کہ وہ سب سے
پہلے شرک و کفر سے توبہ کریں اور ایمان اور توحید کو اپنا اصول بنائیں اس
کے بغیر نجات ممکن نہیں. لیکن جو لوگ نبیوں. رسولوں پر ایمان لے آتے
ہیں اور ان کی ہدایت پر چلنے کا اقرار اور ارادہ کر لیتے ہیں وہ کبھی کبھی شیطان
کے بہکاوے سے یا اپنے نفس کی بُری خواہش سے گناہ کے کام کر بیٹھتے ہیں
ایسے سب گنہگاروں کے لیے اللہ تعالیٰ نے توبہ و استغفار کا دروازہ کھلا
رکھا ہے. توبہ و استغفار کا مطلب یہ ہے کہ جب بندے سے اللہ کی نافرمانی
اور گناہ کا کوئی کام ہو جائے تو وہ اس پر نادم اور شرمندہ ہو اور آئندہ اس
گناہ سے بچنے کا ارادہ کرے اور اللہ سے اپنے کیے ہوئے گناہ کی معافی چاہیے
قرآن و حدیث میں تبلایا گیا ہے کہ بس اتنا کرنے سے اللہ تعالیٰ اپنے بندے
سے راضی ہو جاتا ہے اور اس کا گناہ معاف کر دیا جاتا ہے. یاد رکھنا چاہیے
کہ توبہ صرف زبان سے نہیں ہوتی بلکہ کیے ہوئے گناہ پر دل سے ندامت
اور رنج و افسوس ہونا ضروری ہے اور آئندہ پھر کبھی اس گناہ کے نہ کرنے
کا ارادہ بھی دل سے ہونا لازمی ہے. توبہ کی مثال بالکل ایسی ہے. کہ کوئی
آدمی غصہ یا رنج کی حالت میں خودکشی کے ارادہ سے زہر کھالے اور جب
اس کے اثر سے آنتیں کٹنے لگیں اور سخت تکلیف ہونے لگے تو اُسے اپنی اس

Marfat.com

غلطی پر رنج و افسوس ہو اور وہ علاج کے لیئے تڑپے اور حکیم ڈاکٹر جو دوا بتائیں وہی پیئے، اس وقت اس کے دل کا فیصلہ قطعاً یہی ہوگا کہ اگر میں زندہ بچ گیا تو آئندہ کبھی ایسی حماقت نہیں کروں گا۔ بس گناہ سے توبہ کرنے والے کے دل کی کیفیت بھی ایسی ہی ہونی چاہیئے یعنی اللہ تعالیٰ کی ناراضی اور آخرت کے عذاب کا خیال کر کے اس کو اپنے گناہ کرنے پر خوب رنج اور افسوس ہو اور آئندہ کے لیے اس وقت اس کے دل کا یہ فیصلہ ہو کہ اب کبھی ایسا نہیں کروں گا اور جو ہو چکا اس کے لیے اللہ تعالیٰ سے معافی اور بخشش کی دعا رہو۔ اگر اللہ تعالیٰ کسی درجہ میں یہ بات نصیب فرما دے تو یقین رکھنا چاہیے کہ گناہ کا اثر بالکل مٹ گیا اور اللہ کی رحمت کا دروازہ کھل گیا۔ ایسی توبہ کے بعد گناہ گار گناہ کے اثر سے بالکل پاک صاف ہو جاتا ہے بلکہ اللہ تعالیٰ کو پہلے سے زیادہ پیارا ہو جاتا ہے اور کبھی کبھی تو گناہ کے بعد سچی توبہ کے ذریعہ بندہ اس درجہ پر پہنچ جاتا ہے جس پر سینکڑوں سال کی عبادت و ریاضت سے پہنچنا بھی مشکل ہوتا ہے۔ یہاں تک جو کچھ لکھا گیا یہ سب آیات و احادیث کا مضمون ہے، اب چند آیتیں اور حدیثیں بھی توبہ و استغفار سے متعلق لکھی جاتی ہیں۔ سورہ تحریم میں ارشاد ہے:

| | |
|---|---|
| يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا تُوبُوا إِلَى اللَّهِ | اے ایمان والو! توبہ کرو اللہ سے سچی توبہ، امید |
| تَوْبَةً نَّصُوحًا عَسَىٰ رَبُّكُمْ أَن | ہے کہ تمہارا مالک (اس توبہ کے بعد) مٹا دیگا |

Marfat.com

يُكَفِّرَ عَنْكُمْ سَيِّاٰتِكُمْ وَيُدْخِلَكُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ

تمہارے گناہ اور داخل کر دے گا تم کو جنت کے ان باغیچوں میں جن کے نیچے نہریں جاری ہیں۔

**اور سورۂ مائدہ میں گنہگار خطا کار بندوں کے متعلق ارشاد ہے۔**

اَفَلَا يَتُوْبُوْنَ اِلَى اللّٰهِ وَيَسْتَغْفِرُوْنَهٗ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۔ (ع-۱۰)

وہ اللہ سے توبہ کیوں نہیں کرتے اور معافی کیوں نہیں طلب کرتے اور اللہ تو بہت بخشنے والا بڑا مہربان ہے

**اور سورۂ انعام میں کیسا پیارا ارشاد ہے:**

وَاِذَا جَآءَكَ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِنَا فَقُلْ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ اَنَّهٗ مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ سُوْٓءًا بِجَهَالَةٍ ثُمَّ تَابَ مِنْۢ بَعْدِهٖ وَاَصْلَحَ فَاَنَّهٗ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۔

(سورۂ انعام ع-۶)

اور اے نبی! جب تمہارے پاس آویں ہمارے وہ بندے جو ایمان رکھتے ہیں ہماری آیتوں پر تو تم کہو ان سے کہ سلام ہو تم پر تمہارے رب نے مقرر کیا ہے اپنی ذات پر رحمت کرنا۔ جو کوئی تم میں سے گناہ کا کام کرے نادانی سے پھر توبہ کرلے اس کے بعد اور درست کرے اپنا عمل تو اللہ بخشنے والا اور بڑا مہربان ہے۔

**اللہ پاک کی شانِ رحمت کے قربان! انھوں نے توبہ کا دروازہ کھول کے ہم جیسے گنہگاروں کا مسئلہ آسان کر دیا، ورنہ ہمارا ٹھکانہ کہاں تھا۔ ان آیتوں کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی چند حدیثیں بھی سُن لیجیے مسلم شریف میں ایک طویل حدیث قدسی ہے، اس کا ایک ٹکڑا یہ ہے کہ اللہ**

Marfat.com

تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں کہ اے میرے بندو تم رات دن خطائیں کرتے ہو، اور میں سب گناہ معاف کر سکتا ہوں لہٰذا تم مجھ سے معافی اور بخشش مانگو میں تمہیں معاف کر دوں گا۔" ایک حدیث میں ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ" اللہ تعالیٰ ہر رات کو اپنی رحمت اور مغفرت کا ہاتھ بڑھاتا ہے کہ دن کے گنہگار توبہ کر لیں اور ہر دن کو ہاتھ بڑھاتا ہے کہ رات کے گناہ کرنے والے توبہ کر لیں اور اللہ کا یہ معاملہ اس وقت تک جاری رہے گا جب تک کہ قیامت کے قریب سورج مغرب کی طرف سے نکلے۔" ایک حدیث میں ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ" اللہ کے ایک بندے نے کوئی گناہ کیا پھر اللہ سے عرض کیا اے میرے رب! میں نے گناہ کیا مجھے معاف کر دے تو اللہ نے فرمایا، میرا بندہ جانتا ہے کہ اس کا کوئی رب ہے جو گناہوں پر پکڑ بھی سکتا ہے اور معاف بھی کر سکتا ہے۔ میں نے اپنے بندے کا گناہ بخش دیا۔ پھر جب تک اللہ نے چاہا وہ گناہ سے رکا رہا اور پھر کسی وقت گناہ کر بیٹھا اور پھر اللہ سے عرض کیا، میرے مالک! مجھ سے گناہ ہو گیا تو اس کو بخش دے تو اللہ تعالیٰ نے پھر فرمایا، میرا بندہ جانتا ہے کہ اس کا کوئی مالک ہے جو گناہ، قصور معاف بھی کرتا ہے اور پکڑ بھی سکتا ہے، میں نے اپنے بندے کا گناہ معاف کر دیا۔ پھر اللہ نے جب تک چاہا بندہ رکا رہا اور کسی وقت پھر کوئی گناہ کر بیٹھا اور پھر اللہ سے عرض کیا

Marfat.com

اے میرے مولا! مجھ سے اور گناہ ہو گیا تو مجھے معاف کر دے تو اللہ تعالیٰ نے پھر ارشاد فرمایا کہ میرے بندے کو یقین ہے کہ اس کا کوئی مالک و مولا ہے جو گناہ معاف بھی کرتا ہے اور سزا بھی دے سکتا ہے، میں نے اپنے بندے کو بخش دیا وہ جو چاہے کرے"۔ ایک حدیث میں ہے، حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "گناہ سے توبہ کرنے والا بالکل اس آدمی کی طرح ہو جاتا ہے جس نے وہ گناہ کیا ہی نہ ہو"۔ ان حدیثوں میں اللہ کی شان مغفرت اور اس کی رحمت کا بیان ہے، ایسی حدیثوں کو سُن کر گناہوں پہ دلیر ہونا یعنی "توبہ اور مغفرت کے بھروسہ پر اور زیادہ گناہ کرنے لگنا مومن کا کام نہیں، مغفرت اور رحمت کی ان آیتوں اور حدیثوں کے مضمون سے تو اللہ کی محبت بڑھنی چاہیئے اور یہ سبق لینا چاہیئے کہ ایسے رحیم و کریم آقا کی نافرمانی تو بڑا ہی کمینہ پن ہے۔ ذرا سوچو اگر کسی نوکر کا آقا اس کے ساتھ بہت ہی شفقت اور احسان کا برتاؤ کرے تو کیا اس نوکر کو اور زیادہ دلیر ہو کر اس کی نافرمانی کرنی چاہیئے؟ دراصل ان آیتوں اور حدیثوں کا مقصد تو صرف یہ ہے کہ کسی مومن بندے سے اگر گناہ ہو جائے تو وہ اللہ کی رحمت سے ناامید نہ ہو بلکہ توبہ کر کے اس گناہ کے داغ دھبے دھو ڈالے اور اللہ سے معافی مانگے۔ اللہ تعالیٰ اپنے کرم سے اس کو معاف کر دیں گے اور بجائے ناراضی اور غصے کے اللہ تعالیٰ اس سے اور زیادہ خوش ہوں گے۔ ایک

Marfat.com

حدیث میں ہے ، رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم نے فرمایا : بندہ جب گناہ کے بعد اللہ تعالیٰ کی طرف رجوع کرتا ہے اور سچے دل سے توبہ کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی توبہ سے اس آدمی سے بھی زیادہ خوش ہوتا ہے، جس کی سواری کا جانور کسی لق و دق میدان میں اس سے چھوٹ کر بھاگ جائے اور اسی پر اس کے کھانے پینے کا سامان لدا ہو اور وہ اس سے بالکل مایوس ہو کر موت کے انتظار میں کسی درخت کے سایہ میں لیٹ جائے اور پھر اسی حالت میں اچانک وہ دیکھے کہ اس کا وہ جانور اپنے پورے سامان کے ساتھ کھڑا ہے۔ اور وہ اس کو پکڑ لے اور پھر انتہائی خوشی اور مستی میں اس کی زبان سے نکل جائے کہ اے اللہ! بس تو میرا بندہ ہے اور میں تیرا رب ہوں[1]۔ (تو حضورؐ فرماتے ہیں کہ جتنی خوشی اس شخص کو اپنی سواری کا جانور پھر سے پا کر ہو گی، اللہ تعالیٰ کو اپنے گنہگار بندے کی توبہ سے اس سے بھی زیادہ خوشی ہوتی ہے") ان آیتوں اور حدیثوں کے معلوم ہو جانے کے بعد بھی جو شخص گناہوں سے توبہ کر کے اللہ کی رضامندی اور رحمت حاصل نہ کرے بلاشبہ وہ بڑا ہی محروم اور بے نصیب ہے۔ بہت سے لوگ اس خیال سے توبہ میں جلدی نہیں کرتے کہ ابھی کیا ہے، ابھی تو ہم تندرست ہیں، مرنے سے پہلے کبھی توبہ کر لیں گے

---

[1] مطلب یہ ہے کہ اس بندے کو اس قدر زیادہ خوشی ہو کہ فرطِ مسرت سے اس کی زبان بہک جائے اور جو بات کہنا چاہیے اس کا اُلٹا نکل جائے۔ ۱۲

Marfat.com

بھائیو! ہمارے تمہارے دشمن شیطان کا یہ بہت بڑا فریب ہے وہ جسطرح خود اللہ کی رحمت سے دور اور جہنمی ہوگیا۔ اسی طرح ہم کو بھی اپنے ساتھ رکھنا چاہتا ہے۔ کسی کو معلوم نہیں کہ اس کی موت کب آئے گی، اس لیے ہر دن کو یہی سمجھو کہ شاید آج کا دن ہی ہماری زندگی کا آخری دن ہو، اسیلیے جب کوئی گناہ ہو جائے تو جلدی سے جلدی اس سے توبہ کر لینا ہی عقلمندی ہے۔ قرآن شریف میں صاف فرمادیا گیا ہے:

| | |
|---|---|
| اِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَى اللّٰهِ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ يَتُوْبُوْنَ مِنْ قَرِيْبٍ فَاُولٰٓئِكَ يَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِيْمًا حَكِيْمًا. وَلَيْسَتِ التَّوْبَةُ لِلَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ السَّيِّاٰتِ حَتّٰٓى اِذَا حَضَرَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ اِنِّيْ تُبْتُ الْـٰٔنَ وَلَا الَّذِيْنَ يَمُوْتُوْنَ وَهُمْ كُفَّارٌ اُولٰٓئِكَ اَعْتَدْنَا لَهُمْ عَذَابًا اَلِيْمًا. (النساء ع ۳) | صرف ان لوگوں کی توبہ قبول کرنا اللہ کے ذمہ ہے جو نادانی سے گناہ کر بیٹھتے ہیں اور پھر جلدی سے توبہ کر لیتے ہیں تو ان کو اللہ معاف کرتا ہے اور ان کی توبہ قبول کرتا ہے اور اللہ علم والا حکمت والا ہے۔ اور ان لوگوں کی کچھ توبہ نہیں جو (ڈھٹائی سے) برابر گناہ کے کام کرتے رہتے ہیں۔ یہاں تک کہ جب ان میں سے کسی کے بالکل سامنے موت آجاتی ہے تو وہ کہتا ہے کہ اب میں نے توبہ کی (تو ایسوں کی توبہ قبول نہیں) اور نہ ان کی توبہ قبول ہوگی جو کفر کی حالت میں مرتے ہیں، ان سب کیلیے ہم نے تیار کیا ہے دردناک عذاب |

Marfat.com

پس جو دم باقی ہے اس کو ہم غنیمت جانیں اور توبہ کرنے میں اور اپنی حالت درست کرنے میں بالکل دیر نہ کریں، معلوم نہیں موت کس وقت سر پر آ جائے اور اس وقت ہم کو اس کی توفیق بھی ملے یا نہ ملے۔ بھائیو! ہم نے اور آپ نے اپنی عمر میں سینکڑوں کو مرتے دیکھا ہے اور ہمارا آپ کا عام تجربہ یہی ہے کہ جو جس حالت میں جیتا ہے وہ اسی حالت میں مرتا ہے، یعنی ایسا نہیں ہوتا کہ ایک شخص عمر بھر تو اللہ سے غافل رہے، اس کی نافرمانیاں کرتا رہے لیکن مرنے سے ایک دو دن پہلے وہ ایک دم توبہ کر کے ولی ہو جائے، اس لیے جو شخص چاہتا ہے کہ وہ نیکی کی حالت میں مرے، اس کے لیے ضروری ہے کہ وہ زندگی ہی میں نیک بن جائے، اللہ کے فضل سے امید ہے کہ اس کا خاتمہ ضرور اچھا ہوگا، اور قیامت میں نیکوں کے ساتھ اس کا حشر ہوگا۔

## توبہ کے متعلق ایک ضروری بات :

بندہ اگر کسی گناہ سے توبہ کر لے اور پھر اس سے وہی گناہ ہو جائے تو بھی اللہ کی رحمت سے ہرگز نا امید نہ ہو، بلکہ پھر توبہ کر لے اور پھر ٹوٹے تو پھر توبہ کر لے، اس طرح اگر سینکڑوں ہزاروں دفعہ بھی اس کی توبہ ٹوٹے تو بھی نا امید نہ ہو، جب بھی وہ سچے دل سے توبہ کرے گا اللہ تعالیٰ کا وعدہ ہے کہ وہ اس کی توبہ قبول کریں گے، اور اس کو معاف فرماتے رہیں گے، اللہ کی

Marfat.com

رحمت اور جنت بڑی وسیع ہے۔

## توبہ واستغفار کے کلمات:

توبہ اور استغفار کی جو حقیقت اوپر بیان کی گئی ہے، یہ تو آپ نے اسی سے سمجھ لیا ہوگا کہ بندہ جس زبان میں اور جن الفاظ میں بھی اللہ سے توبہ کرے اور معافی چاہے، اللہ تعالیٰ اس کا سننے والا اور قبول کرنے والا ہے لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کرامؓ کو توبہ واستغفار کے بعض خاص خاص کلمے بھی تعلیم فرمائے تھے اور حضورؐ خود بھی ان کو پڑھا کرتے تھے، کوئی شبہ نہیں کہ وہ کلمے بہت ہی بابرکت اور بہت قبول ہونے والے اور اللہ کو بہت ہی پیارے ہیں، ان میں سے چند ہم یہاں بھی درج کرتے ہیں، آپ ان کو یاد کر لیجیے اور ان کے ذریعہ توبہ واستغفار کیا کیجیے:

(۱) اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ

میں معافی اور بخشش طلب کرتا ہوں اس اللہ سے جس کے سوا کوئی معبود نہیں وہ حی وقیوم ہے اور میں توبہ کرتا ہوں اسی کی طرف

حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص اللہ سے اس کلمہ کے ذریعہ توبہ واستغفار کرے گا اللہ تعالیٰ اس کے گناہ معاف کر دے گا اگرچہ اس نے جہاد کے میدان سے بھاگنے کا گناہ کیا ہو جو اللہ کے نزدیک بہت ہی بڑا گناہ ہے"۔ ایک اور حدیث میں ہے کہ "جو شخص رات کو سوتے وقت تین دفعہ اس کلمہ کے ذریعہ اللہ سے توبہ

Marfat.com

استغفار کرے تو اللہ تعالیٰ اس کے سب گناہ معاف کر دے گا. اگرچہ وہ سمندر کے جھاگ کے برابر کیوں نہ ہوں"

(۲) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کبھی کبھی صرف "أَسْتَغْفِرُ اللهَ" (میں اللہ سے معافی چاہتا ہوں) "أَسْتَغْفِرُ اللهَ" (میں اللہ سے بخشش مانگتا ہوں) بھی پڑھا کرتے تھے. یہ بہت مختصر استغفار ہے. اس کے ہر وقت زبان پر جاری رہنے کی عادت ڈال لینا چاہیئے.

(۳) سیّد الاستغفار:

حدیث شریف میں ہے، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ سیّد الاستغفار یہ ہے:

"اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ خَلَقْتَنِيْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰى عَهْدِكَ

اے اللہ! تو میرا رب ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں. تو نے مجھے پیدا کیا ہے اور میں تیرا بندہ ہوں اور جہاں

وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَكَ

تک مجھ سے ہو سکا میں تیرے عہد اور وعدے پر قائم ہوں، میں نے جو برے کام کیے میں ان کے

بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِيْ فَاغْفِرْلِيْ اِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ

شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں مجھ پر تیرے انعامات کا اقرار ہے اور گناہوں کا بھی اعتراف

اِلَّا اَنْتَ

ہے. پس تو مجھے بخش دے. گناہوں کو تیرے سوا کوئی بھی نہیں بخش سکتا

Marfat.com

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "جو بندہ اس کلمہ کے ذریعہ اس کے مضمون کے دھیان اور یقین کے ساتھ دن میں اللہ تعالیٰ سے استغفار کرے اور اس دن رات شروع ہونے کے پہلے مرجائے تو وہ جنت میں جائے گا اور جو بندہ اسی طرح اس کلمہ کے مضمون کے دھیان اور یقین کے ساتھ رات میں اس کلمہ کے ذریعہ اللہ سے اپنے گناہوں کی معافی چاہے اور صبح ہونے سے پہلے اُسی رات میں مرجائے تو وہ جنتی ہوگا۔" یہاں استغفار کے صرف یہ تین کلمے نقل کیے گیے ہیں، ان کا یاد کرلینا کچھ بھی مشکل نہیں ہے۔ حدیث شریف میں ہے کہ "خوشخبری ہو اور مبارک ہو اس آدمی کو جس کے اعمالنامہ میں استغفار کثرت سے درج ہو۔"

---




Marfat.com

# خاتمہ

## اللہ کی رضامندی اور جنت حاصل کرنے کا عوامی نصاب

۱　اس چھوٹی سی کتاب کے بیس۲۰ بابوں میں جو کچھ آگیا ہے، اس پر عمل کرنا اللہ کی رضا اور جنّت حاصل کرنے کے لیے انشاء اللہ بالکل کافی ہے۔ آخر میں مناسب معلوم ہوتا ہے کہ چند سطروں میں پھر اس کا لُب لباب اور خلاصہ عرض کردیا جائے۔ اسلام کی سب سے پہلی تعلیم اور اللہ کی رضا اور جنت حاصل ہونے کی سب سے پہلی شرط یہ ہے کہ کلمہ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ پر ایمان لائے (جس کی تفصیل و تشریح پہلے باب میں کی جاچکی ہے) پھر بقدرِ ضرورت دین کے احکام معلوم کرنے اور سیکھنے کی فکر کرے پھر کوشش کرے کہ اللہ کے فرائض اور بندوں کے حقوق اور آداب و اخلاق کے بارے میں اسلام کی جو تعلیمات اور اللہ تعالیٰ کے جو احکام ہیں (جن کی تفصیل بعد کے ابواب میں کی گئی ہے)، ان کی فرماں برداری ہو اور جب کبھی کوتاہی اور نافرمانی ہوجائے تو سچے دل سے اللہ سے توبہ کرے اور معافی مانگے اور آئندہ کے لیے اپنی اصلاح کی کوشش کرے اور اگر کسی بندے کا قصور ہوجائے اور اس پر کوئی زیادتی ہوجائے تو اس سے معافی چاہے یا اس کا بدلہ اور معاوضہ دے کر حساب بے باق

Marfat.com

کرے۔ اسی طرح کوشش کرے کہ دنیا کی ہر چیز سے زیادہ محبت اللہ کی اللہ کے رسول کی اور اس کے دین کی ہو اور ہر حال میں پوری مضبوطی کے ساتھ دین پر قائم رہے اور دین کی دعوت اور خدمت میں ضرور کچھ حصہ لے۔ یہ بہت بڑی سعادت اور انبیاء علیہم السلام کی خاص وراثت ہے اور خاص طور سے اس زمانے میں اس کا درجہ دوسری نفلی عبادتوں سے بدرجہا زیادہ ہے اور اس کی برکت سے خود اپنا تعلق بھی دین سے اور اللہ و رسولؐ سے بڑھتا ہے۔ نوافل میں اگر ہو سکے تو تہجد کی عادت ڈالنے کی کوشش کرے۔ اس کی برکتیں بے انتہا ہیں۔ تمام گناہوں سے خاص کر کبیرہ گناہوں سے ہمیشہ بچتا رہے، جیسے زنا، چوری، جھوٹ، شراب خوری، معاملات میں بددیانتی وغیرہ۔ روزانہ کچھ ذکر کا بھی معمول مقرر کر لے، اگر فرصت زیادہ نہ ہوتی ہو تو کم سے کم اتنا ہی کرے کہ صبح شام سو سو دفعہ کلمہ تمجید[1] یا صرف "سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ" اور استغفار[2] اور درود شریف[3] سو سو دفعہ پڑھ لیا کرے۔ کچھ معمول قرآن شریف کی تلاوت کا بھی مقرر کر لے اور پورے ادب اور عظمت کے ساتھ پڑھا کرے

---

[1] سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ۔

[2] اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ ——— یا صرف اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ۔ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ۔

[3] درود ابراہیمی یا مختصر درود شریف "اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَاٰلِهٖ"۔

Marfat.com

ہر فرض نماز کے بعد اور سوتے وقت تسبیحاتِ فاطمہ[1] پڑھا کرے۔ جو لوگ اس سے زیادہ کرنا چاہیں وہ اللہ کے کسی ایسے بندہ سے رجوع کر کے مشورہ کریں جو اس کا اہل ہو اور آخری بات اس سلسلہ میں یہ ہے کہ اللہ کے صالح بندوں سے تعلق اور محبت اور ان کی صحبت اِس راہ میں اکسیر ہے۔ اگر یہ نصیب ہو جائے تو باقی چیزیں آپ سے آپ پیدا ہو جاتی ہیں۔
اللہ توفیق دے

شو ہمدم پروانہ تا سوختن آموزی
با سوختگاں بنشیں شاید کہ تو ہم سوزی

---

[1] سُبْحَانَ اللہِ ۳۳ دفعہ ، اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ۳۳ دفعہ ، اَللہُ اَکْبَرُ ۳۴ دفعہ۔

Marfat.com

روزانہ ورد کے قابل

# قرآن وحدیث کی چالیس (۴۰) دُعائیں

(یہ وہی چالیس دعائیں ہیں جن کا ذکر اٹھارھویں باب (دعا) کے آخر میں کیا گیا ہے) ——— "مؤلف"

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

(۱)

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ○ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ○ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ○ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ○ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ○ اٰمِين

"ساری تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں جو سب جہانوں کا رب ہے۔ بہت رحمت والا اور بڑا مہربان ہے۔ قیامت کے دن کا مالک ہے۔ اے اللہ! ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں اور بس تجھ سے ہی مدد چاہتے ہیں تو ہم کو سیدھا راستہ چلا ان لوگوں کا راستہ جن پر تونے انعام کیا، نہ اُن کا جن پر تیرا غضب ہوا اور نہ ان کا جو گمراہ ہوئے" ——— خداوندا ہماری دعا قبول فرما!

(۲)

رَبَّنَآ اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ ○

اے ہمارے پروردگار! ہم کو دنیا میں بھی بھلائی دے اور آخرت میں بھی بھلائی عطا فرما اور

Marfat.com

دوزخ کے عذاب سے ہم کو بچا۔"

(۳)

رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ ۝

خداوندا! ہم ایمان لائے، پس تو ہمارے سب گناہ بخشدے اور دوزخ کے عذاب سے ہم کو بچالے

(۴)

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِیْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ ۝

"اے ہمارے رب! ہمارے گناہ بخشدے اور ہم سے ہمارے کاموں میں جو زیادتیاں اور غلطیاں ہوئیں انھیں معاف فرما اور حق پر ہمارے پاؤں جمادے اور کفر کرنیوالوں کے مقابلہ میں ہماری مدد فرما

(۵)

رَبَّنَآ اِنَّنَا سَمِعْنَا مُنَادِیًا یُّنَادِیْ لِلْاِیْمَانِ اَنْ اٰمِنُوْا بِرَبِّکُمْ فَاٰمَنَّا ۖ رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَکَفِّرْ عَنَّا سَیِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْاَبْرَارِ ۝ رَبَّنَا وَاٰتِنَا مَا وَعَدْتَّنَا عَلٰی رُسُلِکَ وَلَا تُخْزِنَا یَوْمَ الْقِیٰمَةِ ؕ اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ ۝

اے ہمارے رب! ہم نے ایک پکارنے والے کو ایمان کا بُلاوا دیتے ہوئے سُنا کہ لوگو! اپنے پروردگار پر ایمان لاؤ، تو ہم ایمان لے آئے۔ پس اے ہمارے پروردگار! ہمارے گناہ بخشدے اور ہماری برائیاں مٹادے اور اپنے نیک بندوں کے ساتھ ہمارا خاتمہ کر۔ خداوندا! ہم کو وہ

Marfat.com

سب کچھ عطا فرمادے جس کا اپنے رسولوں کی زبانی تو نے ہم سے وعدہ فرمایا اور قیامت کے دن ہم کو رسوا نہ کر، تیرا وعدہ خلاف نہیں ہوتا۔

(۶)

رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ۝

اے ہمارے پروردگار! تیری نافرمانیاں کر کے ہم نے اپنے ہی اوپر بہت ظلم کیا ہے اور اگر تو نے ہمیں نہ بخشا تو ہم نامراد اور برباد ہی ہو جائیں گے۔

(۷)

رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ۝ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ۝

اے ہمارے رب! تو ہمیں ظالم قوم کے ظلم و ستم کے لیے تختۂ مشق نہ بنا اور اپنی رحمت کے صدقہ میں ہم کو قوم کافرین کے ظلم سے نجات دے۔

(۸)

فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ۝

اے زمین و آسمان کے پیدا کرنے والے! دنیا اور آخرت میں صرف تو ہی میرا ولی ہے، اسلام پر میرا خاتمہ کر اور اپنے نیک بندوں کے ساتھ مجھے شامل فرما۔

(۹)

رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ۝ رَبَّنَا

Marfat.com

اغْفِرْلِی وَلِوَالِدَیَّ وَلِلْمُؤْمِنِیْنَ یَوْمَ یَقُوْمُ الْحِسَابُ ٥

میرے پروردگار! مجھے اور میری نسل کو نماز قائم کرنے والا بنادے۔ خدایا! ہماری دعا کو قبول کر، میرے مالک! مجھے اور میرے ماں باپ کو اور سب ایمان والوں کو بخش دیجیے، جس دن کہ حساب کتاب ہو۔

(۱۰)

رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِي صَغِيْرًا

جیسا کہ انھوں نے مجھے پیار سے پالا جبکہ میں ننھا سا تھا

(۱۱)

رَبِّ زِدْنِي عِلْمًا ——— خداوندا! میرے علم میں اضافہ اور برکت فرما"

(۱۲)

رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ

پروردگار! بخش دے اور رحم فرما تو سب سے اچھا رحم کرنیوالا ہے

(۱۳)

رَبِّ اَوْزِعْنِيْٓ اَنْ اَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيْٓ اَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰي وَالِدَيَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰىهُ وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ

میرے رب! میری قسمت میں کر کہ جو نعمتیں تو نے مجھ پر اور میرے والدین پر فرمائیں، میں ان کا شکر ادا کروں اور ایسے عمل کروں جن سے تو راضی ہو اور میرے واسطے میری

Marfat.com

نسل میں بھی صلاحیت اور نیکی دے، میں نے تیری طرف توبہ کی اور میں تیرے حکم بردار وں میں ہوں۔

(۱۴)

رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا رَبَّنَآ اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ

خداوندا! ہم کو بخش دے اور ہمارے ان بھائیوں کی بھی مغفرت فرما جو ایمان کے ساتھ ہم سے آگے گئے اور صاف رکھ ہمارے سینوں کو ایمان والوں کے کینہ سے، خداوندا! تو بڑا مہربان اور بڑی رحمت والا ہے۔

(۱۵)

رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَآ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

اے پروردگار! ہمارے واسطے نور کی تکمیل فرما اور ہم کو بخش دے تو سب کچھ قدرت رکھتا ہے۔

(۱۶)

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِيْثُ اَصْلِحْ لِيْ شَاْنِيْ كُلَّهٗ

اے ہمیشہ زندہ رہنے والے اور سب کے تھامنے والے بس تیری رحمت ہی سے فریاد ہے تو میرا سب حال درست کر دے

(۱۷)

اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِيْ دِيْنِيَ الَّذِيْ هُوَ عِصْمَةُ اَمْرِيْ وَاَصْلِحْ لِيْ دُنْيَايَ الَّتِيْ فِيْهَا مَعَاشِيْ وَاَصْلِحْ لِيْ اٰخِرَتِيَ الَّتِيْ فِيْهَا مَعَادِيْ وَاجْعَلِ الْحَيٰوةَ زِيَادَةً لِّيْ فِيْ كُلِّ خَيْرٍ وَّاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَةً لِّيْ مِنْ كُلِّ شَرٍّ

Marfat.com

اے اللہ! میرا دین درست فرمادے، جس سے میرا سب کچھ ہے اور میری دنیا درست فرمادے جس میں میری زندگی کا سامان ہے اور میری آخرت درست فرمادے جہاں مجھے واپس جانا اور ہمیشہ رہنا ہے اور میری زندگی کو ذریعہ بنا ہر بھلائی اور بہتری میں زیادتی کا اور موت کو ذریعہ بنا ہر برائی اور خرابی سے نجات کا۔

(۱۹)

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۝

اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں گناہوں کی معافی کا اور آرام کا دنیا میں اور آخرت میں

(۱۹)

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ الْهُدٰی وَالتُّقٰی وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰی ۝

اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں ہدایت کا اور تقویٰ کا اور شرم و عار کی باتوں سے بچے رہنے کا اور محتاج نہ ہونے کا۔

(۲۰)

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ رِزْقًا طَيِّبًا وَّعِلْمًا نَافِعًا وَّعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا ۝

اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں پاک روزی کا اور نفع دینے والے علم کا اور قبول ہونے والے عمل کا۔

(۲۱)

اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لَنَا اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَسَهِّلْ لَنَا اَبْوَابَ رِزْقِكَ ۝

اے اللہ! ہمارے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے اور رزق کے دروازے ہمارے لیے آسان کردے

Marfat.com

(۲۲)

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ ۝

اے اللہ! اپنی حلال کی ہوئی چیزوں کو میرے لیے کافی کر اور حرام سے میری حفاظت کر اور اپنے فضل و کرم سے اپنے سوا سب سے مجھے بے نیاز رکھ۔

(۲۳)

اَللّٰھُمَّ وَفِّقْنِیْ لِمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰی وَاجْعَلْ اٰخِرَتِیْ خَیْرًا مِّنَ الْاُوْلٰی ۝

اے اللہ! ان باتوں کی توفیق دے جو تجھے محبوب اور پسندیدہ ہیں اور آخرت کو میرے لیے دنیا سے بہتر بنا

(۲۴)

اَللّٰھُمَّ اَلْھِمْنِیْ رُشْدِیْ وَقِنِیْ شَرَّ نَفْسِیْ ۝

اے اللہ! بھلائی اور راستی کی باتیں میرے دل میں ڈال دے اور نفس کی شرارتوں سے مجھے محفوظ رکھ

(۲۵)

اَللّٰھُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِکْرِکَ وَشُکْرِکَ وَحُسْنِ عِبَادَتِکَ ۝

اے اللہ! اپنے ذکر و شکر اور اچھی عبادت پر میری مدد فرما اور مجھے اپنا ذاکر و شاکر اور اچھا عبادت گزار بندہ بنا دے۔

(۲۶)

یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِیْ عَلٰی دِیْنِکَ ۝

اے دلوں کو پھیرنے والے میرے دل کو اپنے دین پر مضبوطی سے قائم کر اور قائم رکھ

Marfat.com

(۲۷)

اَللّٰهُمَّ اَحْيِنِيْ مُسْلِمًا وَّاَمِتْنِيْ مُسْلِمًا ٥

اے اللہ! مجھے اسلام کے ساتھ زندہ رکھ، اور بہ حالتِ اسلام ہی مجھے موت دے

(۲۸)

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ حُبَّكَ وَحُبَّ مَنْ يُّحِبُّكَ وَحُبَّ عَمَلٍ يُّقَرِّبُ اِلٰى حُبِّكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ حُبَّكَ اَحَبَّ اِلَيَّ مِنْ نَّفْسِيْ وَمِنْ اَهْلِيْ وَمِنَ الْمَآءِ الْبَارِدِ ٥

اے اللہ! مجھے اپنی محبت دے اور تیرے جو بندے تجھ سے محبت رکھتے ہوں ان کی محبت دے اور جو اعمال تیری محبت سے مجھے قریب کریں ان کی محبت دے۔ اے میرے اللہ! اپنی محبت مجھے اپنی جان اور اپنے اہل و عیال اور ٹھنڈے پانی، سب چیزوں سے زیادہ محبوب کر دے۔

(۲۹)

اَللّٰهُمَّ غَشِّنِيْ بِرَحْمَتِكَ وَجَنِّبْنِيْ عَذَابَكَ ٥

اے اللہ! مجھے اپنی رحمت سے ڈھانک لے اور اپنے عذاب سے بچا دے۔

(۳۰)

اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْ قَدَمَيَّ يَوْمَ تَزِلُّ فِيْهِ الْاَقْدَامُ ٥

اے میرے اللہ! جس دن لوگوں کے قدم ڈگنے لگیں، اس دن تو مجھے ثابت قدم رکھ

(۳۱)

اَللّٰهُمَّ حَاسِبْنِيْ حِسَابًا يَّسِيْرًا ٥

Marfat.com

اے اللہ! قیامت کے دن میرا حساب آسانی سے ہو۔

(۳۲)

رَبِّ اغْفِرْلِیْ خَطِیْئَتِیْ یَوْمَ الدِّیْنِ ۝

اے اللہ! قیامت کے دن میری خطائیں بخشدے

(۳۳)

اَللّٰھُمَّ قِنِیْ عَذَابَکَ یَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَکَ ۝

اے اللہ! حشر کے دن تو مجھے اپنے عذاب سے بچالے۔

(۳۴)

اَللّٰھُمَّ اِنَّ مَغْفِرَتَکَ اَوْسَعُ مِنْ ذُنُوْبِیْ وَرَحْمَتُکَ اَرْجٰی عِنْدِیْ مِنْ عَمَلِیْ ۝

اے اللہ! تیری مغفرت میرے گناہوں سے بہت زیادہ وسیع ہے اور تیری رحمت کا مجھے اپنے عملوں سے زیادہ آسرا ہے

(۳۵)

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ رِضَاکَ وَالْجَنَّۃَ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ غَضَبِکَ وَالنَّارِ ۝

اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیری رضا کا اور جنت کا اور پناہ مانگتا ہوں

تیری ناراضی سے اور دوزخ کے عذاب سے

(۳۶)

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِرِضَاکَ مِنْ سَخَطِکَ وَبِمُعَافَاتِکَ مِنْ عُقُوْبَتِکَ وَاَعُوْذُ

بِکَ مِنْکَ لَا اُحْصِیْ ثَنَاءً عَلَیْکَ اَنْتَ کَمَا اَثْنَیْتَ عَلٰی نَفْسِکَ ۝

Marfat.com

اے اللہ! میں تیری ناراضی سے تیری رضامندی کی پناہ لیتا ہوں اور تیری سزا سے تیری معافی کی پناہ چاہتا ہوں اور تیری پکڑ سے تیری ہی پناہ لیتا ہوں، خداوندا! میں تیری صفت بیان نہیں کرسکتا۔ بس تو ویسا ہی ہے جیسا کہ تو نے اپنے کو بیان کیا۔

(۳۷)

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ وَارْحَمْنِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّکَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِیْمُ ٥

اے میرے اللہ! مجھے بخش دے مجھ پر رحم فرما، مجھ پر عنایت کر تو بڑا عنایت فرما اور بہت ہی مہربان ہے۔

۳۸

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰی عَھْدِكَ وَ وَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ اَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَاَبُوْءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ ذُنُوْبِیْ اِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّآ اَنْتَ ٥

اے اللہ! تو ہی میرا رب ہے، تیرے سوا کوئی معبود و مولا نہیں، تو نے ہی مجھے پیدا فرمایا، اور میں تیرا ہی بندہ ہوں اور جہاں تک مجھ سے بن پڑا تیرے عہد اور وعدہ پر قائم رہا، میرے مالک و مولا! میں اپنے بُرے کرتوتوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں، میں اعتراف کرتا ہوں تیری نعمتوں کا اور اقرار کرتا ہوں اپنے گناہوں کا۔ اے اللہ! میرے گناہ بخش دے۔ گناہوں کا بخشنے والا تیرے سوا کوئی نہیں۔

(۳۹)

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ سَمْعِیْ وَمِنْ شَرِّ بَصَرِیْ وَمِنْ شَرِّ لِسَانِیْ

Marfat.com

وَمِنْ شَرِّ قَلْبِيْ وَمِنْ شَرِّ مَنِيِّ — وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ وَمِنْ
عَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ فِتْنَةِ
الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ ؕ

اے اللہ! میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں اپنے کانوں کے شر سے اور اپنی نگاہ کے شر سے اور اپنی زبان کے شر سے اور اپنے دل کے شر سے اور اپنی نفسانی شہوت کے شر سے اور میں تیری پناہ چاہتا ہوں دوزخ کے عذاب سے اور قبر کے عذاب سے اور دجال کے فتنہ سے اور تیری پناہ لیتا ہوں زندگی اور موت کے سب فتنوں سے۔

(۴۰)

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا سَأَلَكَ مِنْهُ نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ)
وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَ مِنْهُ نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ (صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ)

اے اللہ! میں تجھ سے ان سب بھلائیوں کا سوال کرتا ہوں جن کا سوال تجھ سے تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا اور میں ان سب برائیوں اور بری باتوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں جن سے تیرے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے پناہ مانگی۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى
اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ
مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى اٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ ؕ
اَللّٰهُمَّ اَنْزِلْهُ الْمَقْعَدَ الْمُقَرَّبَ عِنْدَكَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَاَبْلِغْهُ الْوَسِيْلَةَ

Marfat.com

وَالدَّرَجَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدَ نِ الَّذِیْ وَعَدْتَّهٗ وَارْزُقْنَا شَفَاعَتَهٗ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ ؕ

"اے اللہ! حضرت محمدؐ پر اور ان کی آل پر برکتیں نازل کر جیسے کہ تو نے حضرت ابراہیمؑ پر اور ان کی آل پر نازل کیں۔ اے اللہ! حضرت محمدؐ پر اور ان کی آل پر برکتیں نازل کر جیسے کہ تو نے حضرت ابراہیمؑ پر اور ان کی آل پر برکتیں نازل کیں۔ تو ہی تعریف کے لائق ہے، بزرگی والا ہے۔ اے اللہ! قیامت کے دن ان کو اپنے خاص مقام قرب میں اتار اور وسیلہ اور درجے کے مقامات تک ان کو پہنچا اور وہ مقام محمود ان کو عطا فرما جس کا تو نے ان کے لیے وعدہ فرمایا ہے اور ہم کو قیامت کے دن ان کی شفاعت نصیب فرما۔ خداوندا! تیرا وعدہ خلاف نہیں ہوتا" آمین

---

# مسلم خواتین کے لیے
# ۲۰
# بیس سبق

تالیف ـــــ مولانا عاشق الٰہی بلند شہری

Marfat.com

# خاص وقتوں کی خاص دعائیں

حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت سی دعائیں خاص وقتوں اور خاص موقعوں کے لیے بھی تعلیم فرمائی ہیں، ان میں سے بعض جو آسان اور روزمرہ کی ہیں یہاں بھی درج کی جاتی ہیں، خدا توفیق دے تو ان کو یاد کر لینا چاہیے اور موقع پر پڑھنے کی عادت ڈال لینا چاہیے۔

(۱) جب صبح ہو تو کہے:

اَللّٰھُمَّ بِکَ اَصْبَحْنَا وَبِکَ اَمْسَیْنَا وَبِکَ نَحْیٰی وَبِکَ نَمُوْتُ وَاِلَیْکَ الْمَصِیْرُ ۵

اے اللہ! تیرے حکم سے ہم نے صبح کی اور تیرے حکم سے شام کی اور تیرے حکم سے زندہ ہیں اور تیرے حکم سے مریں گے اور تیری ہی طرف ہمیں لوٹنا ہے۔

(۲) اسی طرح جب شام ہو تو کہے:

اَللّٰھُمَّ بِکَ اَمْسَیْنَا وَبِکَ اَصْبَحْنَا وَبِکَ نَحْیٰی وَبِکَ نَمُوْتُ وَاِلَیْکَ النُّشُوْرُ ۵

اے اللہ! تیرے حکم سے ہم نے شام کی اور تیرے حکم سے صبح کی اور تیرے حکم سے ہم جیتے ہیں اور تیرے حکم سے مریں گے اور پھر تیری ہی طرف اٹھ کر جانا ہے۔

(۳) جب سونے کے ارادے سے بستر پر لیٹ جائے تو کہے

اَللّٰھُمَّ بِاسْمِکَ اَمُوْتُ وَاَحْیٰی۔ اے اللہ! میں تیرے نام کے ساتھ مرتا اور جیتا ہوں۔

(۴) جب سو کر بیدار ہو تو کہے:

Marfat.com

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَحْیَانِیْ بَعْدَ مَا اَمَاتَنِیْ وَاِلَیْهِ النُّشُوْرُ۔
شکر اللہ کا جس نے مجھے موت کے بعد زندہ کیا اور اس کی طرف اٹھ کر جانا ہے۔

(۵) جب قضائے حاجت کے لیے پاخانے جائے تو کہے:
بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَآئِثِ
اللہ کے نام سے۔ اے اللہ! میں تیری پناہ لیتا ہوں خبیثوں سے اور خبیثنیوں سے

(۶) پھر جب حاجت سے فارغ ہو کر نکلے تو کہے:
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَذْهَبَ عَنِّی الْاَذٰی وَعَافَانِیْ۔
شکر اس اللہ کا جس نے دُور کر دی مجھ سے گندگی اور مجھے عافیت دی

(۷) پھر وضو کرے تو شروع میں بسم اللہ پڑھے اور وضو کے درمیان میں یہ دعا کرتا رہے
اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ۔
اے اللہ! میرے گناہ بخش دے اور میرے لیے میرے گھر میں وسعت دے اور میری روزی میں برکت دے

(۸) وضو سے جب فارغ ہو تو کہے:
اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ۔ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِیْنَ ۝
میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں اور گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمدؐ اس کے بندے اور اس کے رسول ہیں۔ اے اللہ! مجھے کر دے توبہ کرنے والوں میں سے اور پاک رہنے والوں میں سے۔

Marfat.com

(۹) پھر جب مسجد میں جائے تو داخلہ کے وقت پہلے دایاں پاؤں اندر رکھے اور کہے:
رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ ـــــ میرے رب! مجھے بخش دے اور میرے لیے اپنی رحمت کے دروازے کھول دے۔

(۱۰) اور جب مسجد سے نکلے تو بایاں پاؤں پہلے نکالے اور کہے:
رَبِّ اغْفِرْلِیْ وَافْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ فَضْلِكَ ـــــ میرے رب! مجھے بخش دے اور میرے لیے اپنے فضل وکرم کے دروازے کھول دے۔

(۱۱) جب کھانا شروع کرے تو کہے:
بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰى بَرَكَةِ اللّٰهِ ـــــ اللہ کے نام سے اور اس کی برکت کے ساتھ۔

(۱۲) جب کھانے سے فارغ ہو تو کہے:
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ.
شکر اللہ کا جس نے ہم کو کھلایا اور پلایا اور ہم کو مسلمانوں میں کیا۔

(۱۳) اگر کسی کے یہاں دعوت کا کھانا کھائے تو یہ بھی کہے:
اَللّٰهُمَّ اَطْعِمْ مَنْ اَطْعَمَنِیْ وَاسْقِ مَنْ سَقَانِیْ ـــــ اے اللہ! جس نے مجھے کھلایا تو اس کو کھلا اور جس نے مجھے پلایا تو اس کو پلا۔

(۱۴) جب سواری پر سوار ہو تو کہے:
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَلَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّا اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ ۝ ـــــ اللہ کا شکر ہے، پاک ہے وہ ذات جس نے اس سواری

Marfat.com

کو ہمارے قابو میں کر دیا اور ہم خود اس کو اپنے بس میں نہیں کر سکتے تھے اور ایک دن ہم اپنے پروردگار کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں۔

(۱۵) اور جب سفر پر نکلے تو اللہ تعالیٰ سے دعا کرے:

اَللّٰھُمَّ ھَوِّنْ عَلَیْنَا ھٰذَا السَّفَرَ وَاطْوِعَنَّا بُعْدَہٗ۔ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِی السَّفَرِ وَالْخَلِیْفَۃُ فِی الْاَھْلِ۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ وَّعْثَآءِ السَّفَرِ وَکَآبَۃِ الْمَنْظَرِ وَسُوْٓءِ الْمُنْقَلَبِ فِی الْمَالِ وَالْاَھْلِ وَالْوَلَدِ ؕ

اے اللہ! ہمارے لیے اس سفر کو آسان کر دے اور اس کی دوری کو مختصر کر دے۔ اے اللہ! تو ہی سفر میں میرا ساتھی ہے اور میرے پیچھے تو ہی میرے گھر والوں کا دیکھنے والا ہے، اے اللہ! میں تیری پناہ پکڑتا ہوں سفر کی مشقت سے اور بری حالت دیکھنے سے اور واپس آ کر بری حالت پانے سے مال میں اور گھر میں اور بچوں میں۔

(۱۶) اور جب سفر سے لوٹے تو کہے:

اٰیِبُوْنَ تَآئِبُوْنَ عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ ــــ ہم سفر سے آنیوالے ہیں، توبہ کرنے والے ہیں، عبادت کرنے والے ہیں، اپنے رب کی حمد کرنیوالے ہیں۔

(۱۷) جب کسی دوسرے کو رخصت کرے تو کہے:

اَسْتَوْدِعُ اللّٰہَ دِیْنَکَ وَاَمَانَتَکَ وَخَوَاتِیْمَ اَعْمَالِکَ؛ میں اللہ کے سپرد کرتا ہوں تیرا دین اور تیری قابلِ حفاظت چیزیں اور تیرے اعمال کے خاتمے۔

(۱۸) جب کسی مصیبت زدہ کو دیکھے تو کہے:

Marfat.com

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی کَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلًا ۔ شکر اس اللہ کا جس نے مجھے عافیت میں رکھا ہے اس مصیبت سے جس میں تجھ کو مبتلا کیا ہے اور اپنی بہت سی مخلوق پر اس نے مجھے فضیلت بخشی ہے (یہ سب اسی کا کرم ہے ، میرا کوئی کمال نہیں)

(۱۹) جب کسی شہر میں داخل ہو تو کہے :

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْهَا ، اے اللہ ! ہمارے لیے اس شہر میں برکت دے اور اس کو ہمارے واسطے مبارک کر ۔

(۲۰) جب کسی مجلس سے اٹھے تو کہے :

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ اِلَیْكَ ۔

اے اللہ ! میں تیری پاکی بیان کرتا ہوں اور تیری حمد کرتا ہوں ، تیرے سوا کوئی معبود نہیں ، میں تجھ سے بخشش چاہتا ہوں اور توبہ کرتا ہوں ۔

## ایک بہت مفید بات

بہت سوں کو اصل عربی دعائیں یاد کرنا مشکل ہو ، ایسے لوگوں کو چاہیے کہ ہر موقع کی دعا کا مضمون یاد رکھیں اور موقع پر اپنے لفظوں میں اور اپنی زبان میں وہی مضمون ادا کر لیا کریں ۔ انشاء اللہ ! اس سے بھی دعا کی پوری برکت اور پورا پورا ثواب ان کو حاصل ہوگا ۔

Marfat.com

# اسلامی معلومات بڑھانے والی منتخب کتابیں

## سیرت محبوب کا مناسم
مولانا عبدالحیات دہلوی
سیرت طیبہ پر ایک انمول کتاب
خطیبوں کے لیے تحفہ
مقرروں کیلئے حرز جان
خوشنما جلد قیمت ۲۲ روپے

## علم حدیث
شہباز مولانا اشفاق الرحمن کاندھلوی
حقیقت نبوۃ علم وحی حجیت
حدیث جیسے تقریبا ۱۰ عنوانات
پر مشتمل عظیم علمی ذخیرہ قیمت ۱۵ روپے

## تعلیم الاسلام مکمل چار حصے
از مفتی اعظم مولانا کفایت اللہ دہلوی
اسلام کے بنیادی ارکان
عبادات، معاملات، معاشرت
کے مسائل بچوں کی ابتدائی تعلیم
۷/۵۰

## اسلام کیا ہے؟
از مولانا محمد منظور نعمانی
اسلام کے بنیادی ارکان کلمہ نماز زکوٰۃ
روزہ حج کے علاوہ اسلامی
اخلاق و آداب تقویٰ اور
مسلمان کے حقوق کا عام فہم بیان
قیمت ۲/۵۰

## حضور کی دعائیں
پیارے نبی کی پیاری پیاری دعاؤں کا
حسین و جمیل مجموعہ شب و
روز ہر وقت اور ہر مقام
کی دعائیں خوشنما ٹائیٹل قیمت ۳ روپے

## مسنون دعائیں
محبوب خدا کی پیاری پیاری دعاؤں کا مجموعہ
جیبی ایڈیشن صبح شام سفر و
حضر میں ہر مقام و وقت
کی دعائیں مع ترجمہ و فوائد
قیمت ۱/۷۵

## میری نماز
از مولانا محمد ادریس انصاری
عبادت نماز کو سمجھنے کیلئے
ایک عام فہم جیبی کتاب
ضروری مسائل کا بیان قیمت ۲/۷۵

## مسلمان خواتین کیلئے ۲۰ سبق!
از مولانا محمد عاشق الٰہی بلند شہری
لڑکیوں کی ابتدائی تعلیم و تربیت
کلمہ نماز زکوٰۃ روزہ حج
آداب معاشرت پردہ قیمت ۴/۵۰

## مسلمان خاوند
از مولانا محمد ادریس انصاری
خاوند کے بیوی پر کیا حقوق ہیں
بیوی کے ساتھ زندگی گزارنے
کے اسلامی طریقے قیمت ۳ روپے

## مسلمان بیوی
از مولانا محمد ادریس انصاری
مسلمان خواتین کی دینی تعلیم
خاوند اور اولاد کے حقوق
اولاد کی پرورش کے اسلامی اصول
قیمت ۳/-

## اعمال قرآنی
از حکیم الامت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی
جسمانی اور روحانی بیماریوں کا مؤثر
علاج - حل مشکلات و کشائش رزق
کے عملیات قرآنی سورتوں کے خواص قیمت ۴/-

## سیر فرنگ
از کرنل خواجہ عبدالرشید ریٹائرڈ
سیر افریقہ و یورپ کی عملی آمیزش
تجربات مشاہدات اسلامی
اصول کی زندگی اور مغرب کی معاشرت کا تجزیہ
قیمت

## کتب خانہ شان اسلام
راحت مارکیٹ اردو بازار لاہور


Marfat.com

Marfat.com

ملنے کا پتہ

کتب خانہ شان اسلام

اردو بازار لاہور

Marfat.com

ملنے کا پتہ

کتب خانہ شان اسلام

اردو بازار لاہور

Marfat.com

# اسلام کیا ہے؟

حضرت مولانا محمد منظور نعمانی مدظلہ

کتب خانہ شانِ اسلام ◎ راحت مارکیٹ اُردو بازار

Marfat.com